يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ۔

الحمد لله الموفق انی کتبت ھذہ الرسالۃ والصحیفۃ الجالۃ لعلاج مرض المتنصرین الذی امتدّ مداہ وعرقتھم مُداہ واکلتھم نار انکار الفرقان۔ والصول علی کتاب اللہ القرآن۔ فاردنا ان ننجیھم من مخلب الحمام۔ ونریھم سوء داء ھم ونھدیھم الی دواء السقام۔ فالفنا ھذا الکتاب مع انعام کثیر لمن اجاب۔ وھو خمسۃ الاف من الدراھم لکل من اتی بمثلہ واری العجائب۔ وھو بفضل اللہ حسن وطیب والطف وادق۔ وسمیتہ الحصۃ الاولیٰ من

نور الحقّ

"عسٰی ربّکم ان یرحمکم
وان عدتم عدنا وجعلنا جھنم
للکافرین حصیرا ان ھذا القرآن
یھدی للتی ھی اقوم ویبشر المؤمنین
الذین یعملون الصالحات انّ لھم
اجرًا کبیرًا ہ"

قد طبع فی المطبع المصطفائی پریس فی لاھور سنہ ۱۳۱۱ ھجری

بار اول جلد ۱۲۰۰

انها یعنی علیٰ الزمان و کلمته الدین و نهض لیستفری طرق مرضات الله النصیر المعین

مبارک وُہ جو دین کی مدد کیلئے کھڑا
ہوگیا اور ربانی رضامندی کی راہوں کو ڈھونڈھتا ہوا اٹھا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ رُسُلِهٖ وَ صَفۡوَۃِ احبته

تمام تعریفیں خدا کے لئے ثابت ہیں جو تمام عالموں کا پروردگار ہے اور درود اور سلام اسکے نبیوں کے سردار پر

وخیرته من خلقه ومن کل ذارء و برء وخاتم انبیائه وفخر اولیائه سیدنا

جو اسکے دوستوں میں سے برگزیدہ اور اسکی مخلوق اور ہر یک پیدائش میں سے پسندیدہ اور خاتم الانبیاء اور فخر اولیا ہے

و امامنا و نبینا محمد المصطفٰی الذی هو شمس الله لتنویر قلوب اهل

ہمارا سید ہمارا امام ہمارا نبی محمد مصطفٰے صلعم جو زمین کے باشندوں کے دل روشن کرنے کیلئے خدا کا آفتاب ہے اور سلام اور

الارضین۔ و آله وصحبه و کل من آمن و اعتصم بحبل الله و اتقی وجمیع عباد الله

درود اسکی آل اور اسکے اصحاب اور ہر یک پر جو مومن اور حبل اللہ سے پنجہ مارنیوالا اور متقی ہو اور ایسا ہی خدا کے

الصالحین۔ اَمَّا بَعۡدُ فاعلموا ایها الاخوان بارك الله فیکم ولکم وعلیکم

تمام نیک بندوں پر سلام۔ بعد اسکے اے بھائیو خدا تم میں اور تمہارے لئے اور تم پر برکت نازل کرے

ان فساد زماننا هذا قد بلغ الی النهایة وسود الشرك والفسق و الارتداد

تمہیں معلوم ہو کہ ہمارے اس زمانہ کا فساد انتہا تک پہنچ گیا اور شرک اور بدکاریوں اور بے ایمانیوں نے بہتوں کے

وجوه کثیر من الناس وانتابت الفتن المبیدة و البدعات المسحتة و

منہ کو سیاہ کردیا ہے اور ان ہلاک کرنے والے فتنے اور بیخکنی کرنے والی بدعتیں یکے بعد از دیگرے ظاہر

لم تخل تتابع الی ان ادرك عطب الضلالة الذین کانوا سفهاءَ بادی الرای

ہو رہی ہیں ان کا پے در پے آنا کم نہ ہوا یہاں تک کہ اُن لوگوں کو موت نے گھیر لیا جو احمق اور موٹی عقل والے

وكانوا من تعاليم الله غافلين۔ وانتم ترون العواصف التي هبت في
اور الٰہی تعلیموں سے غافل تھے۔ اور تم دیکھ رہے ہو کہ اِن دنوں میں کیسی تیز آندھیاں چل رہی
هذه الايّام والشرور التي هاجت وماجت من كلّ طرف وصبت
ہیں اور کیسی ہریک طرف سے شرارتیں برانگیختہ اور موجزن ہو کر بارش کی طرح اسلام پر گر رہی ہیں
كوابل على الاسلام حتى حل كلّ قلب حُبّ الدنيا وشهواتها الا الذي
یہاں تک کہ ہریک دِل میں دُنیا کی محبّت اور دُنیا کی شہوات گھر کر گئیں اور اُن سے
عصمه رحم الله فانثنى بفضل منه و رحمة وكان من المحفوظين۔
کوئی نہیں بچ سکا بجز اُسکے جس کو خدا کے رحم نے بچا لیا جس پر رحم ہوا وہ فضل اور رحم الٰہی کیساتھ ان تمام بلاؤں سے
وترون كيف ذهبت ريح عامة المسلمين وتفرقوا وانتشروا انتشار
باہر نکل آیا اور بچ گیا۔ اور تم دیکھ رہے ہو کہ کیسی عام لوگوں کی ہوا نکل گئی اور اُنمیں نااتفاقی اور تفرقہ پیدا ہو گیا اور
الجراد واستنت نفوسهم الامّارة استنان الجياد و تركوا سير المتقين
ٹڈیوں کی طرح الگ الگ جا پڑے اور اُنکے بیراہ نفسوں نے خودرو گھوڑوں کی طرح توسنے شروع کئے اور پرہیزگاروں
المتواضعين۔ هذه احوال العامة واما حال علماء هذه الديار
اور فروتنوں کی خصلتیں اُنہوں نے چھوڑ دیں۔ یہ تو عام لوگوں کا حال ہے مگر اِس ملک کے اکثر عالموں کا حال اِس سے
فهو شر من ذٰلك ما بقى لاكثرهم شغل من غير ان يكذّبوا صادقا
بھی بدتر ہے اُن میں سے بہتوں کا شغل بجز اسکے اور کچھ نہیں کہ کسی سچے کو جھوٹا قرار دیں یا
او يكفروا مومنا وليس معهم من العلم الا كغبة طير اصغر الطيور
کسی مومن کو کافر ٹھہرا دیں اِنکا علم تو فقط اسقدر ہے جیسے کہ چھوٹے سے بلکہ بہت سے کم قدر پرندکی چونچ میں پانی
او اقل منها ولٰكن الكبر اكبر من كبر الشياطين۔ يعلون انفسهم بغير حق
سما سکتا ہے مگر تکبر شیطان کے تکبر سے بھی زیادہ ہے۔ یہ لوگ اپنے تئیں بے وجہ اونچا کھینچتے ہیں
ومن كان تبوء ذروة فى الفضل و العلم فهو ليس فى اعينهم الا جاهلٌ غبيٌ
اور جو شخص درحقیقت فضل اور علم کے بلند ٹیلے پر جاگزین ہو وہ اُنکی نظر میں ایک جاہل غبی ہے۔

ومن ملاء قلبه ایمانًا ومعرفۃ فھو لیس عندھم الا کافر دجّال فانظروا
اور جو شخص درحقیقت ایمان اور معرفت سے بھر گیا وہ اُن کے نزدیک ایک کافر دجّال ہے۔ سو دیکھو
کیف عمیت علیھم الحقائق وکذٰلک یجعل اللہ مآل الزائغین المعتدین۔
کیسی حقیقتیں اُن پر چھپ گئیں اور خدا ایسا ہی اُن لوگوں کا انجام کرتا ہے جو ٹیڑھے چلتے اور حد سے گذرتے ہیں
وقد رئیتم اننا کیف اوذینا من لسنھم انھم کذبونا۔ شتمونا۔ لعنونا۔
اور آپ لوگوں نے دیکھا کہ ہم کیسے اُن لوگوں کی زبانوں سے ستائے گئے انہوں نے ہمیں جھٹلایا گالیاں نکالیں۔ لعنتیں کیں۔
وما کان لھم علینا ذنب وما کنّا مجرمین۔ ثم ما اقتصروا علیه بل جاؤا
اور ہم نے کوئی اُن کا گناہ نہیں کیا تھا اور نہ کوئی جرم سرزد ہُوا تھا۔ پھر انہوں نے اسی پر قناعت نہ کی
یھرعون الینا مشتعلین وسمّونا کافرین۔ وما کان لھم ان یتکلموا
بلکہ اشتعال طبع سے ہماری طرف دوڑے اور ہمارا نام کافر رکھا۔ اور اُنہیں نہیں چاہیئے تھا کہ بیدڑ ہو کر
فی مُسلمین الا خائفین۔ ولٰکنھم لا یبالون نھی ذی الجلال بل لھم
مسلمانوں کے حق میں ایسے کلمات مُنہ پر لاتے۔ مگر وہ لوگ خدا تعالیٰ کی ممانعت کی کچھ پرواہ نہیں کرتے بلکہ
اعمال دون ذٰلک یقولون للمسلم لست مؤمنا ویعلمون انھم ترکوا
وہ تو اور ہی کاموں میں لگے ہوئے ہیں مسلمان کو کہتے ہیں کہ تو مومن نہیں اور جانتے ہیں کہ ایسا کہنے سے
القرآن بقولھم ھذا واتخذوہ مھجورًا فبعدوا عن الحق فقست قلوبھم
وہ قرآن کو چھوڑتے ہیں اور قرآن کو تو وہ چھوڑ ہی بیٹھے ہیں سو اسی وجہ سے وہ سچائی سے دُور جا پڑے اور اُنکے دل
یفعلون ما یشاؤن ولا یتقون افتراءً ا ولا زورًا وکذٰلک افتروا علینا
سخت ہو گئے۔ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں نہ افترا سے کچھ پرہیز اور نہ جھوٹ سے کچھ خوف اور اسی طرح انہوں نے ہم پر
وحثوا ناسا کثیرا من ذوی سفه علیٰ ایذاءنا وکفرونا من غیر علم
افترا کیا اور بہت سے نادان لوگوں کو ہمارے سامنے ستانے کیلئے اُٹھایا اور ہمیں کافر ٹھہرایا حالانکہ کوئی
ولا برھان مبین وامّھم فی ھذہ الفتاویٰ شیخ عاری الجلدۃ من
بھی وجہ کفر نہیں تھی اور ان فتووں میں پیشوا اُنکا ایک شیخ ہے جو انسانیت کے پیرایہ سے بے بہرہ

المحلل الانسانية والديانة الايمانية وتبعوه امثاله جهلا وحمقا
اور برہنہ اور ایمانی دیانت سے عاری ہے اور اسکے پیرو اُسی کی مانند ہیں جو محض جہل اور حمق
وما كنا كمجهول لا يُعرف بل كانوا على اسلامنا مطلعين وما صرنا
سے اُسکے پیچھے ہو لئے اور ہم ایسے نہیں تھے جو ہمارا حال اُن سے پوشیدہ ہو بلکہ ہمارے اسلام پر وہ مطلع تھے اور
بتكفيرهم كافرين عند الله ولكن سُبر ايمانهم وتقواهم ومبلغ
انکے کہنے سے ہم خدا کے نزدیک کافر نہیں ہو گئے مگر اُن کا ایمان اور اُن کا تقوی اور اُن کا اندازہ
فهمهم وعلمهم وتبيّن ما كانوا يسترون وبان انهم كانوا حاسدين۔
فہم اور علم سب آزمایا گیا اور جو کچھ وہ چھپاتے تھے وہ سب ظاہر ہو گیا اور کھل گیا کہ وہ حاسد ہیں۔
يا حسرتا عليهم ما عطف الينا احد منهم ليسئل ما اشكل عليه حلما
ان پر افسوس کہ اُن میں سے ایک بھی ہماری طرف متوجہ نہ ہوا تا اپنی مشکلات کی نسبت حلم
ورفقا وما سمعنا صكة مستفتح من المسترشدين وما جاءنا
اور رفق سے سوال کرتا اور ہم نے کسی کھٹکھٹانیوالے کا کھٹکا نہ سُنا جو رشد حاصل کرنیکا طالب ہو اور کوئی
احد منهم بصدق القلب وصحة النيّة بل بادروا الى التكفير وكفروا
اُن میں سے ہمارے پاس صدق قلب اور صحت نیت سے نہ آیا بلکہ جھٹ پٹ تکفیر کی طرف دوڑے اور
قبل ان يثبت كفرنا ثم ما اقتصروا عليه بل قالوا ان هؤلاء مرتدون
قبل اسکے جو ہمارا کفر ثابت ہو کافر ٹھہرایا اور پھر اسی پر بس نہ کیا بلکہ یہ کہا کہ یہ لوگ مرتد
خارجون من الدّين وفي قتلهم اجر عظيم ونهب اموالهم حلال
اور دین سے خارج ہیں اور انکا قتل کرنا بڑے ثواب کی بات ہے اور انکا مال لوٹنا اگرچہ چوری سے ہی
طيب ولو بالسرقة واخذ نساءهم وسبي ذراريهم عمل صالح حسن
کیوں نہ ہو حلال طیب ہے اور انکی عورتوں کو پکڑ لینا اور انکی اولاد کو غلام بنا لینا عمل صالح میں داخل ہے۔
ومن انسل بسُحرة وسقط على احد من مسافريهم كاللصوص فهو
اور جو شخص فجر کو پہلے وقت اُٹھے اور جنگل میں نکل جائے اور اُنکے مسافروں میں سے کسی پر چوروں کی طرح ڈاکہ مارے

مکہ

من نخب الصالحین۔ ھذہ اقوالھم وفتاواھم وما امتنعوا الیٰ ھذا

تو وہ بڑا ہی نیک بخت اور چنے ہوئے نکوکاروں میں سے ہے۔ یہ انکی باتیں اور یہ انکے فتوے ہیں اور اب تک ان نہایت

الوقت من ھذہ الفتن الصماء وما فاؤا الی الارعواء وما کانوا متندمین +

پُرشر فتنوں سے باز نہیں آئے اور حیا کی طرف رجوع نہیں کیا اور نہ نادم ہوئے +

ولولا خوف سیف الدولۃ البرطانیۃ لمزقونا کل ممزق ولکن

اور اگر انگریزی سلطنت کی تلوار کا خوف نہ ہوتا تو ہمیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے لیکن

ھذہ الدولۃ القاھرۃ السائسۃ المبارکۃ لنا جزاھا اللہ منا خیر الجزاء

یہ دولت برطانیہ غالب اور باسیاست جو ہمارے لئے مبارک ہے خدا اسکو ہماری طرف سے جزا خیر دے۔

تووی الضعفاء تحت جناح التحنن والترحم فما کان لقوی ان یظلم

کمزوروں کو اپنی مہربانی اور شفقت کے بازو کے نیچے پناہ دیتی ہے پس ایک کمزور پر زبردست کچھ

الضعیف فنعیش تحت ظلھا بالامن والعافیۃ شاکرین۔ وان ھذا

تعدی نہیں کر سکتا سو ہم اس سلطنت کے سایہ کے نیچے بڑے آرام اور امن سے زندگی بسر کر رہے ہیں اور شکرگذار ہیں

فضل اللہ علینا واحسانہ انہ ما فوض امرنا الیٰ ملکٍ ظالمٍ یدوسنا

اور یہ خدا کا فضل اور احسان ہے، جو اُس نے ہمیں کسی ایسے ظالم بادشاہ کے حوالہ نہیں کیا جو ہمیں پیروں

تحت الاقدام ولا یرحم بل اعطانا ملکۃ راحمۃً التی تربینا بوابل الاحسان

کے نیچے کچل ڈالتا اور کچھ رحم نہ کرتا بلکہ اُسنے ہمیں ایک ایسی ملکہ عطا کی ہے جو ہم پر رحم کرتی ہے اور احسان کی بارش

والاکرام وتنھضنا من حضیض الضعف والھوان فجزاھا اللہ خیر

سے اور مہربانی کے مینہ سے ہماری پرورش فرماتی ہے اور ہمیں ذلت اور کمزوری کی پستی سے اوپر کی طرف اُٹھاتی

ما جازیٰ ملکاً عادلاً عن رعیتہ واجزل لھا الاجر وبارک فیھا ولھا

ہے سو خدا اُسکو وہ جزا خیر دے جو ایک عادل بادشاہ کو اُسکی رعیت پروری کی وجہ سے ملتی ہے اور اُسکو بہت ہی بدلہ دے

وتفضّل علیھا بنعماء التوحید والاسلام ورحمھا کما ھی رحمنا

اور ہمیں اور اسکے لئے برکت نازل کرے اور اسپر یہ احسان بھی کرے کہ وہ مسلمان ہو جائے اور توحید اور اسلام کی نعمت اسکو ملے اور اسپر

وهو ربنا ارحم الراحمين ٭
رحم کرے جیسا کہ اُسنے ہمپر رحم کیا اور وہ ہمارا خدا رحم میں سب سے بڑھکر ہے ۔

وانتم تعلمون ایها الاخوان ان فتاوی التکفیر ما کانت مبنیّة
اور بھائیو آپ لوگ جانتے ہیں کہ تکفیر کے فتوے کسی تحقیق پر مبنی نہیں تھے ۔

علی تحقیق وما کان فیها رائحة صدق بل نسجوا کلها بمنسج الکید و
اور اُن میں سچائی کی بو بھی نہیں تھی بلکہ وہ سب فتوے کر اور

الظلم والزور افتراء او حسدا من عند انفسهم وکانوا یعرفوننا ویعرفون
ظلم اور جھوٹ کی تُر پر بُنے گئے تھے لیکن محض افترا اور نفسانی حسد سے اور یہ لوگ خوب جانتے تھے کہ

ایماننا ویرون باعینهم انا نحن مسلمون نومن بالله الفرد الصمد الاحد
ہم مومن ہیں اور اپنی آنکھوں سے دیکھتے تھے کہ ہم مسلمان ہیں خدائے واحد لاشریک پر ایمان لاتے ہیں اور

قائلین لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ونؤمن بکتاب الله القرآن وبرسوله سیدنا محمد
کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ کے قائل ہیں اور خدا کی کتاب قرآن اور اسکے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جو

خاتم النبیّین ۔ ونؤمنُ بالملائکة ویوم البعث والجنة والنار ونصلی
خاتم الانبیاء ہے مانتے ہیں ۔ اور فرشتوں اور یوم البعث اور بہشت اور دوزخ پر ایمان رکھتے

ونصوم ونستقبل القبلة ونحرم ما حرم الله ورسوله ونحل ما احل الله
ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور روزہ رکھتے ہیں اور اہل قبلہ ہیں اور جو کچھ خدا اور رسول نے حرام کیا اسکو حرام

ورسوله ولا نزید فی الشریعة ولا ننقص منها مثقال ذرّة ونقبل کلما
سمجھتے اور جو کچھ حلال کیا اُسکو حلال قرار دیتے ہیں اور نہ ہم شریعت میں کچھ بڑھاتے اور نہ کم کرتے ہیں اور ایک ذرہ

جاء به رسول الله صلی الله علیه وسلم وان فهمنا اولم نفهم سره ولم
کی کمی بیشی نہیں کرتے اور جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمیں پہنچا اُسکو قبول کرتے ہیں چاہے ہم اُسکو

ندرك حقیقته وانا بفضل الله من المؤمنین الموحدین المسلمین ۔
سمجھیں یا اُسکے بھید کو سمجھ نہ سکیں اور اُسکی حقیقت تک پہنچ نہ سکیں اور ہم اللہ کے فضل سے مؤمن موحد مسلم ہیں ۔

وما خالفنا المكفرين الا فى وفات عيسى ابن مريم عليه السلام

اور جن لوگوں نے ہمیں کافر ٹھہرایا اُن سے ہم صرف اسبات میں اُنکے مخالف ہیں کہ ہم حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی وفات

فاغتاظوا غيظا شديدا وملئوا منه كأنهم لا يؤمنون باية يا عيسى انى

کے قائل ہیں وہ لوگ بہت غضبناک ہوئے اور غصہ سے بھر گئے گویا اُنہیں اسبات پر کچھ ایمان نہیں کہ اے عیسےٰ میں

متوفيك[1] ولا يؤمنون بوعد الوفات الذي قد صرح فيها وكأنهم لا

تجھے وفات دونگا اور نہ وعدہ وفات پر ایمان ہے جسکی اس آیت میں تصریح ہے اور گویا وہ لوگ اس آیت کو بھی

يعرفون آية فلما توفيتنى التى فيها اشارة الى انجاز هذا الوعد ووقوع

پہچانتے نہیں جس میں حضرت عیسےٰ کا اقرار ہے کہ تو نے مجھے وفات دی یہ وہی آیت فلما توفیتنی ہے جس میں

الموت والآيات بينة منكشفة فلعلهم فى شك من كتاب مبين۔

اس وعدہ موت کے پورے ہونے کیطرف اشارہ ہے جو آیت انی متوفیک میں ہو چکا تھا آیات کھلے کھلے ہیں مگر شاید

فنبذوا كتاب الله وراء ظهورهم بعد ما كانوا مؤمنين۔

یہ لوگ قرآن پر یقین نہیں رکھتے اور شک میں ہیں اور کتاب اللہ کو انہوں نے ایمان لانیکے بعد اپنی پس پشت پھینکدیا ہے

وتعجبت ولا تعجب من ختم الله واضلاله ان اكثر علماء هذه

اور میں نے تعجب کیا اور خدا کے قہر اور اُسکے گمراہ کرنے سے کچھ تعجب بھی نہیں کہ اس ملک کے اکثر

الديار فسدوا حتى عطلت حواسهم وسلبت عقولهم وغمرت

مولوی بگڑ گئے یہاں تک کہ اُن کے حواس بیکار اور معطل ہو گئے اور اُنکی عقلیں مسلوب ہو گئیں اور اُن کی

مداركهم وكدرت آرائهم وغشيت اعينهم فيا عجبا لفعل الله و

دماغی قوتیں گم ہو گئیں اور اُنکی رائوں پر تاریکی چھا گئی اور آنکھوں پر پردے پڑ گئے سو دیکھو خدا کا کام اور

قهره كيف اخذ كلما كان عندهم من البصيرة والمعرفة والدراية

اُسکا قہر کس طرح اُس نے اُن کی بصیرت اور معرفت اور دانائی لے لی

وتركهم فى ظلمات لا يبصرون لا ياخذهم رقة على مصائب الاسلام

اور ان کو اندھیرے میں چھوڑ دیا اُن کا دل اسلام کی مصیبتیں دیکھ کر کچھ بھی نرم نہیں ہوتا

[1] آل عمران : ۵۶

يكفروننا و يكفرون كل من خالفهم من المسلمين فى ادنیٰ امر و لو فی
ہمیں کافر ٹھہراتے ہیں اور نہ صرف ہمیں بلکہ ہر یک مسلمان انکے نزدیک کافر ہے جبکہ وہ ایک ادنیٰ بات میں بھی
بعض مسائل الاستنجاء و يدعون المسلمين بايديهم و يريدون ان
ان کا مخالف ہو اگرچہ کسی استنجاء کے مسئلہ میں ہی اختلاف ہو مسلمانوں کو دھکے دے دیکر دین سے باہر نکالتے ہیں
يقللوا الاسلام و يرون باعينهم ان النصارىٰ قد غلبوا و كثر مذهبهم
اور چاہتے ہیں کہ اسلام بہت کم رہجائے اور اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ نصاریٰ غالب آگئے اور انکا مذہب
و امتد الىٰ اقطار الارض و هم ينسلون من كل حدب و اتخذوا
زمین پر بہت بڑھ گیا اور زمین کے کناروں تک پھیل گیا اور ہر یک بلندی انہیں کے حصہ میں آگئی اور
العبد العاجز الٰهًا و نحتوا ابنا و ابا و رسوا على خزعبلاتهم امثال
ایک عاجز بندہ کو انہوں نے خدا ٹھہرایا اور اپنی طرف سے باپ اور بیٹا تراش لیا اور اپنی باطل باتوں پر
الجبال و الربا و علماؤنا هؤلاء عقدوا لجهلاتهم الحبا و صارت
پہاڑوں اور ٹیلوں کی طرح استحکام پکڑ گئے اور یہ ہمارے مولوی لوگ انکے آگے انکی باطل باتوں کے سننے کے لئے
كلماتهم لزهر فريتهم كالصبا و جمعوا روايات واهية كحاطب
زانو باندھ کر بیٹھ گئے اور انکی باتیں عیسائیوں کے شگوفوں کیلئے باد صبا کے حکم میں ہوگئیں اور بیہودہ اور سست
ليل او طالب سيل و نصروا النصارىٰ بكلماتهم و قالوا ان المسيح
روائتیں انہوں نے جمع کیں جیسے کوئی رات کو ہر ایک قسم کی خشک تر لکڑی جمع کرتا ہے جیسے کوئی طوفان کا طالب ہوتا ہے اور
متفرد ببعض صفاته و ما وجد فيه من كمال و جلال و عظمة
انہوں نے نصاریٰ کو اپنی باتوں سے مدد دی جیسا کہ انہوں نے کہا کہ مسیح ابن مریم اپنی بعض صفات میں بےمثل ہے اور جو کمال
فهو لا يوجد فى غيره انه كان على اعلىٰ مراتب العصمة ما مسه
اور بزرگیاں اس میں پائی جاتی ہیں اسکے غیر میں نہیں پائی جاتیں وہ یہی ایک ہے جو اعلیٰ درجہ پر گناہوں سے پاک ہے
الشيطان عند تولده و مس غيره من الانبياء كلهم و لا شريك له
شیطان نے اسکی پیدائش کیوقت اسکو چھوا نہیں اور بجز اسکے سب نبیوں کو چھوا اور کوئی شیطان کے مس سے بچ

مک

فی ھٰذہ الصفة حتی خاتم النبیّین وقالوا انه کان خالق الطیور

نہ تھا مگر ایک مسیح اور اس صفت میں نبیوں میں سے اس کا کوئی بھی شریک نہیں یہاں تک کہ خاتم الانبیاء بھی۔ اور خدا

کخلق اللّٰہ تعالیٰ وجعله اللّٰہ شریکه باذنه والطیور التی توجد فی

تعالیٰ کی طرح وہ پرندوں کا بھی خالق تھا اور خدا تعالیٰ نے اپنے اذن سے اُس کو اپنا شریک بنایا۔ سو وہ سب پرندے جو

ھٰذا العالم تنحصر فی القسمین خلق اللّٰہ وخلق المسیح فانظر کیف جعلوا

دنیا میں پائے جاتے ہیں دو قسم کے ہیں کچھ خدا کی پیدائش اور کچھ مسیح کی سو دیکھو کیوں کر

ابن مریم من الخالقین۔ ویشیعون فی الناس ھٰذہ العقائد ولا یدرون

ابن مریم کو خالق بنا دیا۔ اور لوگوں میں یہ عقائد شائع کرتے ہیں اور نہیں جانتے کہ

ما فیھا من البلایا والمنایا ویؤیّدون المتنصّرین۔ وھلك بھا الی الآن

اِن عقیدوں میں کیا کیا بلائیں اور موتیں ہیں اور نصاریٰ کو مدد پہنچا رہے ہیں۔ اور اِن عقائد کی شامت سے اب تک

الوف من الناس ودخلوا فی الملة النصرانیة بعد ما کانوا مسلمین۔

ہزاروں انسان ہلاک ہو چکے اور نصرانی مذہب میں داخل ہو گئے بعد اس کے جو وہ مسلمان تھے۔

وما کان فی القرآن ذکر خلقه علی الوجه الحقیقی وما قال اللّٰہ تعالیٰ

اور قرآن میں مسیح کے پرندے بنانے کا ذکر حقیقی طور پر کہیں بھی نہیں اور خدا نے اِس

عند ذکر ھٰذہ القصة فیصیر حیًّا باذن اللّٰہ بل قال فیکون طیرًا

قصّہ کے ذکر کرنے کے وقت یہ نہیں فرمایا کہ فیصیر حیًّا باذن اللّٰہ بلکہ یہ فرمایا کہ فیکون طیرًا

باذن اللّٰہ[1] فانظروا لفظ یکون ولفظ طیرًا لم اختارھما العلیم

باذن اللّٰہ سو لفظ فیکون اور لفظ طیرا میں غور کرو کہ کیوں اس علیم حکیم نے انہیں

الحکیم وترك لفظ یصیر حیًا فثبت من ھٰھنا ان اللّٰہ ما

دونوں لفظوں کو اختیار کیا اور لفظ فیصیر حیاً کو چھوڑ دیا سو اِس جگہ ثابت ہوا کہ اس جگہ خدا تعالیٰ

اراد ھٰھنا خلقًا حقیقیًا کخلقه عزّ وجل ویؤیدہ ما جاء فی کتب

کی مراد حقیقی خلق نہیں ہے اور وہ خالقیت مراد نہیں ہے جو اسکی ذات سے مخصوص ہے اور اسکی تائید وہ بیانات

[1] آل عمران: ۵۰

التفسیر من بعض الصحابة ان طیر عیسیٰ ما کان یطیر الا امام اعین

کرتے ہیں جو بعض صحابہ سے تفسیروں میں بیان ہوئے ہیں اور وہ یہ کہ عیسیٰ کا پرندہ اسی وقت تک پرواز کرتا تھا جبتک کہ

الناس فاذا غاب سقط علی الارض ورجع الی اصله کعصا موسیٰ وکذلك

وہ لوگوں کی نظروں کے سامنے رہتا تھا اور جب غائب ہوتا تھا تو گرجاتا تھا اور اپنی اصل کیطرف رجوع کرتا تھا جیسے

کان احیاء عیسیٰ فاین الحیات الحقیقی فلاجل ذلك اختار الله

عصا موسیٰ کا اور عیسیٰ کا مردوں کو زندہ کرنا بھی ایسا ہی تھا سو اسجگہ حیات حقیقی کہاں ثابت ہوئی سو اسی لئے

تعالیٰ فی هذا المقام الفاظ تناسب الاستعارات لیشیر الی الاعجاز

خداتعالیٰ نے اس مقام میں وہ لفظ اختیار کئے جو استعارات کے مناسب حال تھے تاکہ اس مجاز کی طرف اشارہ کرے جو

الذی بلغ الی احد المجاز وذکر مجاز الیبیّن اعجازا فحمله الجاهلون

اعجاز کی حد تک پہنچا تھا اور مجاز کو اسلئے ذکر کیا کہ تا اُنکے معجزہ کو جو خارق عادت تھا بیان فرمائے پس اس مجاز کو

المستعجلون علی الحقیقة وسلکوه مسلك خلق الله من غیر تفاوت مع

جاہلوں نے حقیقت پر حمل کر دیا اور ایسے مرتبہ میں داخل کیا جو الٰہی پیدائش کا مرتبہ ہے حالانکہ وہ صرف

انه کان من نفخ المسیح وتاثیر روحه من غیر مقارنته دعاء فهلکوا

نفخ مسیح اور اُسکی روح کی تاثیر سے تھا اور اُسکے ساتھ کوئی دُعا نہیں تھی سو ایسے سمجھنے والے ہلاک ہوئے

واهلکوا کثیرا من الجاهلین۔ والقرآن لا یجعل شریکا فی خلق الله

اور بہتوں کو جاہلوں میں سے ہلاک کیا۔ اور قرآن تو کسی کو خدا کی خالقیت میں شریک نہیں کرتا اگرچہ ایک

احدا ولو فی ذباب او بعوضة بل یقول انه واحد ذاتا وصفاتا فاقرؤا

مکھی بنانے یا ایک مچھر بنانے میں شراکت ہو بلکہ وہ کہتا ہے کہ خدا ذاتاً وصفاتاً واحد لاشریک ہے سو تم قرآن کو

القرآن کالمتدبرین۔ فالامر الذی ثبت عقلًا ونقلًا واستدلالًا

ایسا پڑھو جیسا کہ تدبر کرنیوالے پڑھتے ہیں۔ سو جو اُمر عقلًا و نقلًا و استدلالًا ثابت ہو گیا۔

؎ (الفائدة) کان الاحیاء بالنفخ کالاماتة بالنظر، پھونک سے زندہ کرنا ایسا تھا جیسے نظر سے مارنا۔ منہ

لا ينكره احد الّا الّذى ما بقى فى رأسه مرة انسانية ولحق بالاخسرين
اُس کا کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ بجز ایسے شخص کے جسکے سر میں انسانی دانشمندی کا مادہ نہیں رہا اور زیاں کاروں اُ

السافلين۔ ولا يقول احد كمثل هذه الكلمات الا الذى نسي طريق
تحت الثریٰ جانیوالوں کے ساتھ جاملا۔ اور ایسی باتیں کوئی مُنہ پہ نہیں لائیگا مگر وہی جو توحید کی راہ کو بھول گیا۔

التوحيد ومال الى الجاهلية الاولى وما بلغ نظره الى نتائجها الضرورية
اور پہلی جاہلیت کیطرف مائل ہوگیا اور اسکی نظر ان عقیدوں کے لازمی نتیجوں

ومفاسدها المخفية او الذى اصر على جهله عمدًا وغرق فى لجّة التقليد غرقًا
اور چھپے ہوئے فسادوں تک نہیں پہنچ سکے یا وہ شخص ایسے کلمات کہیگا جو جہالت کی باتوں پر اڑ بیٹھا اور تقلید کے

حتى فقد اثر حرية الانسانية وسقط فى شبكةٍ لا تخلص منها وتابع اثر
دریا میں غرق ہوگیا یہانتک کہ انسانی آزادی کے نام و نشان کو کھو بیٹھا اور ایسے جال میں پھنس گیا جسمیں سے نجات نہیں پایا

ابليس اللعين وَالذى آمن بالقرآن والقى نفسه تحت هدايا ته فلن
اور ابلیس لعین کے نشان قدم کا پیرو ہوگیا اور وہ شخص جو قرآن پر ایمان لایا اور اسکی ہدایتوں کے نیچے اپنی تئیں ڈالدیا

يرضى بمثل هذه العقائد بل لا يسوغ له قول يخالف القرآن بالبداهة
سو وُہ ایسے عقائد پر کبھی راضی نہیں ہونا بلکہ وہ ایسی باتوں کو جو صریح قرآن کے مخالف اور اسکی محکم آیتوں کے

ويعارض بيّنا ته ومحكما ته صريحًا واى ذنب اكبر من ذلك ان احدا
کھلے کھلے معارض ہیں ناجائز سمجھے گا اور اس سے بڑھ کر اور کونسا گناہ ہوگا کہ ایک شخص قرآن پر ایمان

يؤمن بالقرآن ثمّ يرجع وينكر بعض هدايا ته ويتبع المتشابهات
لاکر پھر رجوع کرے اور اسکی بعض ہدایتوں سے انکاری ہو جائے اور متشابہات کی پیروی کرنے لگے

ويترك المحكمات ويحرّف القرآن ويغيّر معانيه من مركزها المستقيم
اور محکمات کو چھوڑ دے اور قرآن کی تحریف کرے اور اُس کے معانی کو اُن کے مرکز مستقیم سے پھیر دے

ويؤيد با قواله قومًا مشركين۔ ولكن الّذي تمسك بكتاب الله وآمن
اور اپنی باتوں سے مشرکوں کو مدد دے۔ مگر وہ شخص جس نے کتاب اللہ سے پنجہ مارا اور جو کچھ اسمیں ہے اُن سب

بما فيه صدقاً وحقاً فأيّ حرج عليه وأيّ ضيرٍ ان ترك روايات اُخرىٰ
باتوں پر ایمان لایا اور سچ اور حق سمجھ لیا پس اسپر کونسا حرج اور کونسا مضائقہ ہے اگر وہ ایسی روایتوں کو
الّتی تخالف بینات القرآن ولیست ثابتةً من رسول الله بثبوت
چھوڑ دے جو قرآن کے کھلے کھلے بیانات کی مخالف ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی قطعی اور
قطعی یقینی الذی یساوی ثبوت القرآن وتواتره او ترك مثلاً معان
یقینی طور سے ثابت نہیں جو قرآن کے ثبوت اور تواتر سے برابری کرسکے یا مثلاً کوئی ایسے معانی ترک کرے
تخالف نصوصه، واختار الموافق ولو بالتاویل بل هذا من سیر
جو نصوص قرآنیہ کے مخالف ہیں اور وہ معنے اختیار کرے جو اسکے موافق ہیں اگرچہ تاویل سے ہی ہی بلکہ یہ تو
الصالحین المتقین۔ ومن سیر الصدیقة رضی الله عنها اُمّ المؤمنین۔
نیک بختوں اور متقیوں کا طریق ہے۔ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مادر مومنان کے طریق اور خصلت میں سے
فالواجب علی المؤمن المسلم المتورع الذی یتقی الله حق التقات۔
ہے۔ پس ایسے شخص پر جو مومن مسلمان پرہیزگار ہے اور خدا سے جیسا کہ حق ڈرنے کا ہو ڈرتا ہو واجب ہو۔
اَن یعتصم بحبل الله القرآن ولا یبالی غیره الذی یخالفه واذا
جو حبل اللہ سے جو قرآن ہے پنجہ مارے اور اسکے غیر کی کچھ پرواہ نہ کرے جو اس کا مخالف ہے اور جب
وانکشف علیه ان بعض العلماء من السلف او الخلف غلطوا فی
اسپر کھلے کہ بعض علماء سلف میں سے یا خلف میں سے کسی بات کے سمجھنے میں غلطی میں پڑ گئے ہیں
فهم امر فلیس من دیانته ان یتبع اغلاطهم ویقبلها بغض البصر
تو اس کی دیانت سے بعید ہوگا کہ اُن غلطیوں کی پیروی کرے اور آنکھ بند کرکے اُن کو
ولا یفارقها بتفهیم منفهم ویرسو علیها ابداً ولا یلتفت الی الحق
قبول کرلیوے اور کسی سمجھانیوالے کے سمجھانے سے باز نہ آوے اور ہمیشہ انھیں غلطیوں پر اڑا رہے اور اس
الذی حصحص والرشد الذی تبین فان امراً اذا ثبت فلابد من
سچائی کیطرف جو کھل گئی اور اُس ہدایت کیطرف جو ظاہر ہوگئی التفات نہ کرے کیونکہ جب ایک امر ثابت ہوگیا تو

قبوله ولا مفر منه مثلاً جاء فی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اُسکے قبول کرنے سے چارہ نہیں اور اس سے کوئی گریز گاہ نہیں۔ مثلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
لا عدوٰی ای لا تجاوز علة من مریض الی غیرہ ولا یعدی شیءٌ شیئاً
فرمایا ہو کہ لا عدوٰی یعنے ایک مرض دوسرے کو نہیں لگتی یعنے تجاوز نہیں کرتی ایک چیز دوسری تک
ولکن التجارب الطبیّة قد اثبتت خلاف ذٰلك ونحن نرٰی باعیننا
لیکن طبّی تجارب سے اسکے مخالف ثابت ہو گیا اور ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں
ان بعض الامراض مثلا داء الحمرة التی یقال لها فی الفارسیّة
کہ بعض مرضیں مثلاً آتشک کی بیماری ایک سے دوسرے کو لگ جاتی ہے
آتشك یعدی من امرأة مبتلاة بهذا المرض رجلا ینکحها وبالعکس
اور ایک آتشک زدہ عورت سے مرد کو آتشک ہو جاتی ہے اور ایسا ہی مرد سے عورت
وکذٰلك نرٰی فی عمل الابرة الذی مبنی علی خمیرة مادة مجدر
کو اور یہی صورت ٹیکا لگانے میں بھی مشاہدہ ہوتی ہے کیونکہ جسپر چیچک والے کے خمیر سے ٹیکا کا عمل
فانه یبدی اٰثار الجُدری فی المحمول فیه فهذا هو العدوٰی فکیف
کیا جائے اُسکے بدن پر بھی آثار چیچک ظاہر ہو جاتے ہیں پس یہی تو عدوٰی ہے سو ہم کیوں کر اُس کا
ننکرہ فان انکارہ انکار عُلوم حسّیة بدیهیة التی ثبتت عند
انکار کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اسکا انکار علوم حسّیہ بدیہیّہ کا انکار ہے جو تجارب طبّیہ سے
مجربی صناعة الطبّ وما بقِیَ فیها شك للاطفال اللاعبین
ثابت ہو چکے ہیں اور ان میں بچّوں کو بھی شک نہیں رہا جو کوچوں میں کھیلتے پھرتے ہیں
فی السکک فضلاً عن رجال عاقلین۔ فلا بدّ لنا من ان نؤوّل
چہ جائیکہ عقلمند مرد کو کچھ بھی شک ہو۔ پس ہمارے لئے ضروری ہے کہ
هذا الحدیث ونصرفه الی معانی لا تخالف الحقیقة الثابتة و
ہم اِس حدیث کی تاویل کریں اور اُن معانی کی طرف پھیر دیں جو ثابت شدہ حقیقت کے مخالف نہیں اور

ان لا نفعل کذلك فکانا دعونا کل مخالف لیضحك علینا وعلیٰ مذہبنا
اگر ہم ایسا نہ کریں تو گویا ہم ایک مخالف کو بلائیں گے تا وہ ہم پر اور ہمارے مذہب پر ٹھٹھا کرے اور اس صورت میں

فاذن ایدنا الساخرین۔ فنقول فی تاویل ھذا الحدیث ان رسول اللہ
ہم ٹھٹھا کرنیوالوں کے مددگار ٹھہرینگے۔ پس ہم اس حدیث کی تاویل یوں کریں گے کہ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ما اراد من قولہ لا عدویٰ نفی السرایۃ من کل الوجوہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول لا عدویٰ میں ہرگز یہ ارادہ نہیں کیا کہ من کل الوجوہ

وکیف وقد حذر من المجذوم وبین فی حدیث آخر فما کان مرادہ من ھذا القول
ایک کی مرض دوسرے میں سرایت نہیں کرتی اور کیونکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کہہ سکتے تھے جبکہ آپنے ایک

من غیر ان التاثیرات کلھا بید اللہ تعالیٰ ولا مؤثر فی ھذا العالم الدائر بالکون و
دوسری حدیث میں مجذوم وغیرہ سے پرہیز کرنے کیلئے ممانعت فرمائی ہو اور اُنکے چھونے سے ڈرایا پس آنحضرت صلعم کی اس حدیث

الفساد الا بحکمہ وارادتہ ومشیتہ واذا اولنا کذلك فتخلصنا من
سے بجز اُسکے کوئی مراد نہیں تھی کہ تمام تاثیریں عدوی وغیرہ کی خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں اور بجز اُسکے علم اور ارادہ اور مشیت

شبہات المعترضین والذی نفسی بیدہٖ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے اس عالم کون اور فساد میں کوئی مؤثر نہیں اور جبکہ ہمنے یہ تاویل کی تو ہمنے اعتراض کرنیوالوں کے اعتراضوں سے رہائی پائی اور

ما اراد قط فی ھذا المقام وامثالہ من نزول عیسےٰ وغیرہ الا معانی تاویلیۃ*
مجھے اس ذات کی قسم ہے جسکے ہاتھ میں میری جان ہے کہ رسول اللہ صلعم نے اس مقام اور اسکے مشابہ دوسرے مقاموں میں
جیسے نزول حضرت عیسےٰ وغیرہ میں بجز تاویلی معنوں کے اور کبھی مراد نہیں لئے

---

*(الفائدۃ) لو کان المراد من نزول عیسےٰ نزولہ بذاتہ لقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اگر نزول عیسےٰ سے مراد درحقیقت عیسیٰ کا ہی آنا ہوتا تو آپؐ یہ فرماتے کہ

سیرجع وما قال انہ سینزل فان لفظ الرجوع مناسب للذی یقدم بعد الذھاب۔ منہ
واپس آئیگا نہ یہ کہ اُترے گا۔ کیونکہ جانے کے بعد جو شخص آئے اُس کو واپس آنا کہتے ہیں نہ اُترنا۔

فلا تعجل ولا تعن فتن المفسدين۔ هذا هو القول الحق فاقبلوا كلمة الحق
پس تم مفسدوں کے فتنوں کے مددگار مت بنو۔ یہی سچی بات ہے سو سچ کو قبول کرو
ولو خرج من فم طفل فان السعادة كلها في قبول الحق فطوبى
اور اگرچہ ایک بچّہ کے مُنہ سے نکلا ہو کیونکہ تمام سعادت حق کے قبول کرنے میں ہے سو مبارک
للذين يقبلون الحق خاضعين۔ و الذين عادونا فلا يقبلون الحق مع
وہ لوگ جو حق کے قبول کرنے کیلئے جھک جاتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو ہم سے عداوت رکھتے ہیں وہ حق کو قبول نہیں
انه ليس فيه دقة و اغماض بل هم يعلمون في قلوبهم انه الحق المبين۔
کرتے باوجودیکہ کچھ اسمیں دِقت نہیں بلکہ وہ اپنے دلوں میں جانتے ہیں کہ وہ صریح اور صاف حق ہے۔
و اذا قيل لهم آمنوا بالحق الذي تبين و بالمعاني التي حصحصت
اور جب اُنکو کہا جائے کہ حق تو کُھل گیا اب تم اُسکو قبول کرو اور اُن معانی پر ایمان لاؤ جن کا صحیح ہونا ثابت ہوگیا
صحتها قالوا انؤمن بامور تخالف اقوال اسلافنا و ان كان اسلافهم
تو کہتے ہیں کہ کیا ہم ایسی باتوں کو مان لیں جو ہمارے متقدمین کے اقوال کے مخالف ہیں اور اگرچہ اُنکے متقدمین نے
من الخاطئين المخطئين۔ و نرى انهم قد خنقوا و ان ثلوج البخل قد
اپنی راؤں میں خطا ہی کی ہو۔ اور ہم دیکھتے ہیں کہ یہ لوگ دبائے گئے ہیں اور بخل کی برفیں کثرت کے ساتھ
تساقطت على ارض قلوبهم بشدتها و صدا كاتها فخنقت شطأها و
اور شدّت کے ساتھ اُن کے دلوں پر گریں اور اُن کے سبزہ کو دبالیا اور پیچھے سے
برد فها حصا التعصب فسحقت الاستعدادات تحتها كالحديد
تعصب کے سنگریزے اُن پر پڑے سو اُنکی استعدادیں اُسکے نیچے ایسی پیسی گئیں جیساکہ لوہا لوہار کے
تحت مطرقة القين او القطن تحت مطرقة الطارقين۔ والعجب منهم
ہتھوڑے کے نیچے پس جاتا ہے یا روئی دُھنے کے دُھنکے کے نیچے دُھنی جاتی ہے۔ اور اُنپر اور اُنکی عقل پر
ومن عقلهم انهم يرون باعينهم ان كلماتهم الباطلة المضلة
تعجب آتا ہے کہ وہ اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ اُن کے کلمات باطلہ

قد اضرت الاسلام اضرارًا عظيمًا و الناس باستماعها یخرجون من
اسلام کو سخت نقصان پہنچا رہے ہیں اور لوگ اُنکی باتوں کو سُنکر دین اسلام سے نکلتے
دین اللہ افواجًا و یلحقون بالنصاریٰ بما سمعوا من صفات المسیح و عصمتہ
جاتے ہیں اور نصاریٰ میں داخل ہوتے جاتے ہیں کیونکہ وہ مسیح کی عصمت
الخاصۃ وخلودہ الیٰ ھذا الوقت وقدرتہ الکاملۃ فی الخلق و الاحیاء
خاصہ اور اُسکا اَب تک زندہ رہنا اور اُس کی قدرت کاملہ خالقیت میں اور زندہ کرنے میں
علی قدرٍ ما وجد مثلہ فی احد من النبیین- ویشاھدون (ھٰذہ العلماء)
اس مبالغہ سے سُنتے ہیں جسکی نظیر اور نبیوں میں نہیں پائی جاتی۔ اور یہ مولوی لوگ ان تمام فسادوں کو
ھذہ المفاسد کلھا ثم لا یتنبھون ولا یرتجف فؤادھم ولا تذوب اکبادھم
دیکھ رہے ہیں پھر خبردار نہیں ہوتے اور اُنکے دل نہیں کانپتے اور ان کے جگر نہیں پگھلتے اور
ولا یاخذھم رحم ورقۃ علیٰ اُمّۃ النبی ونبکی علیھم ونصرخ صرخۃ
اُنکو اُمت نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر کچھ بھی رحم نہیں آتا ہم اُن پر گریہ کرتے اور پھوٹ پھوٹ کر روتے ہیں
متموّجۃ فلا یسمع احد بکاءنا ولا صراخنا بل یکفروننا مغتاظین۔
سو کوئی ہمارے گریہ کو نہیں سُنتا اور نہ ہماری فریاد کو بلکہ وہ غصّہ میں آکر کافر کہتے ہیں۔

و انما مثلنا فی ھذہ الایام ایام غربۃ الاسلام کمثل خابط فی واد
اور ہماری مثل ان دنوں میں جو غربت اسلام کے دن ہیں اُس مسافر کی طرح ہے جو جنگل میں
فی اللیلۃ المظلمۃ او صارخ فی اللظی المضرمۃ فلا نجد مغیثًا من ١٣
اور اندھیری رات میں بھٹکتا پھرتا ہو یا اُس کی مثل جو بھڑکتی ہوئی آگ میں فریاد کر رہا ہو سو ہم کوئی فریادرس اپنی
قومنا الا الواحد الذی ھو رب العٰلمین۔ و انا یئسنا منھم غایۃ
قوم میں نہیں پاتے مگر وہی ایک جو ربّ العالمین ہے۔ اور ہم ان لوگوں سے نہایت درجہ
الیاس کانّا وضعناھم فی قبورھم قُلنا مرارًا فما سمعوا وایقظنا انذارًا
نااُمید ہوگئے گویا ہم نے اُن کو اُن کی قبروں میں دفن کر دیا ہمنے بہت کہا مگر انہوں نے نہیں سنا ہمنے خوف دلاکے

فما استیقظوا وخضعنا اطوارًا فما خضعوا فقلنا اخسئوا خسئًا

کے لئے جگایا پر وہ نہ اُٹھے ہم کئی مرتبہ جھکے پر وہ نہ جھکے آخر ہم نے کہا دُور ہو جاؤ دفع ہو جاؤ

ان اللہ غنی عنکم ولا یعبأ بکم وسیاتی بقوم ینصرون دینہ

خدا کو تمہاری کچھ بھی پرواہ نہیں اور وہ ایسی قوم لے آئیگا جو اُس کے دین کے مددگار ہوں گے

ویحبّون الصادقین۔

اور صادقوں سے پیار کریں گے۔

فحاصل الکلام انی اذا رأیت ھذہ الامراض والسموم ساریۃ

اَب حاصل کلام یہ ہے کہ جب میں نے یہ بیماریاں اور یہ زہریں اس ملک کے

فی عروق اکثر علماء الھند ورئیتھم فی غنیۃ من کتاب اللہ ورسولہ

اکثر مولویوں میں دیکھیں جو انکی رگوں میں رچ چکی تھیں اور میں نے انکو اللہ کی کتاب اور اسکے رسول سے لاپرواہ پایا

بل رئیتھم ضاربین بعود ومزمار آخر وکل احد منھم زمار بما

بلکہ میں نے دیکھا کہ وہ تو اور ہی بانسلی بجا رہے ہیں اور ہر ایک بانسلی بجانے والا

عندہ من الخیالات الباطلۃ وارتضی بمعازفہ النفسانیۃ متمسکا بھا

اپنے خیالات باطلہ کے طرز پر بجانے میں مشغول ہے اور ہر ایک شخص اپنے نفسانی آلات سرود لئے بیٹھا ہے

ولا یتوبون ولا یتندمون بل اراھم یصرّون ویفخرون علی جھلاتھم

اور اُن سے خوش ہے نہ توبہ کرتے اور نہ پچھتاتے ہیں بلکہ میں دیکھتا ہوں کہ وہ اپنے خیالات باطلہ پر اصرار کرتے اور ناز کرتے

ویصفّقون بالایادی فرحین۔ ویکفّرون المؤمنین مجترءین کانھم

ہیں اور خوشی سے تالیاں بجاتے ہیں۔ اور بڑی دلیری سے مومنوں کو کافر ٹھہرا رہے ہیں۔ گویا انکو خدا تعالیٰ کے مؤاخذہ

فی مامن من مواخذۃ اللہ ومحاسباتہ وکان اللہ لا یسئل عنھم ولا

سے بکلی امن ہے اور اُسکے محاسبہ سے بے غم ہیں گویا خدا اُن سے سوال نہیں کرے گا اور نہیں

یقول لم تقفوتم مالم یکن لکم بہ علم ولا ینبأھم بما فی صدورھم

کہیگا کہ تم کیوں ایسی بات کے پیچھے پڑے جس کا تمہیں قطعی اور یقینی علم نہیں تھا اور اُن کے دلی ارادے اُنپر ظاہر

صلا

فی یوم کلّا بل انهم من المسئولین۔

نہیں کریگا ہرگز نہیں بلکہ اُن سے باز پُرس ہوگی۔

ورئیتُ ان الفتن لیست محدودۃ الیٰ انفسهم بل العامۃ

اور میں نے دیکھا کہ فتنے اُنہیں کی ذات تک محدود نہیں ہے بلکہ عوام الناس ان کی سیٹی پر

قد اجتمعوا علیٰ صفیرهم واغترّوا بتقاریرهم الیابسة الملمعة

جمع ہوگئے ہیں اور اُن کی خشک اور ملمع باتوں پر فریفتہ ہوگئے۔

فاشتعل غیظ العامة علینا وتبوّغ دمهم تهییج المفترین۔

سو عام لوگوں کا غصّہ ہم پر بھڑکا اور اُن کا خون بباعث افترا پردازوں کی انگیخت کے جوش میں آیا۔

وحسبوهم عالمین متدینین صادقین۔ فلمّا زلزلت ارض الهند

اور اُن کو سمجھ لیا کہ یہ لوگ صاحبِ علم اور دیانتدار اور سچے ہیں۔ پس جب ہند کی زمین میں ایسا زلزلہ آیا کہ

کلّها واحسست عن العلماء البخل والحسد وضعتُ فی نفسی ان

ساری زمین ہل گئی اور علماء میں میں نے بخل اور حسد پایا تو میں نے اپنے دل میں ٹھان لیا کہ ان لوگوں

اعرض عنهم فارًّا الیٰ مکة وان اتوجه الیٰ صلحاء العرب ونجباء

سے اعراض کروں اور مکّہ کی طرف بھاگوں اور صلحاء عرب اور مکّہ کے برگزیدوں کیطرف توجہ کروں

اُمّ القریٰ الذین خلقوا من طین الحریة وتفوّقوا درّ الاهلیة

کیونکہ وہ آزادی کی مٹی سے پیدا کئے گئے اور اہلیت کے دودھ سے پرورش پائے ہیں۔

فالقی الله فی قلبی عند مسّ هذه الحاجة ان اؤلف کتبا فی لسان

سو خدا تعالیٰ نے اِس حاجت کے پیدا ہونے کے وقت میرے دِل میں یہ القا کیا کہ میں کھلی کھلی عربی

عربی مبین۔ فالفت بفضل الله ورحمته وتوفیقه کتابا اسمه

میں چند کتابیں تالیف کروں۔ سو میں نے خدا کے فضل اور اُسکی رحمت اور اُسکی توفیق سے ایک کتاب تالیف کی

التبلیغ ثم کتابًا اٰخر اسمه التحفة ثم کتابًا اٰخر اسمه کرامات الصادقین

جس کا نام تبلیغ ہے پھر دُوسری کتاب تالیف کی جس کا نام تحفہ ہے پھر تیسری کتاب تالیف کی جس کا نام کرامات الصادقین ہے

ثم الفت بعدها حمامة البشریٰ فیه بشریٰ للذین یطلبون الحق و

پھر چوتھی کتاب تالیف کی جس کا نام حمامۃ البشریٰ ہے اور حمامۃ البشریٰ میں اُن لوگوں کے لئے بشارتیں ہیں جو حق کے طالب ہیں

تفصیل کل ما قلنا من قبلُ والتی تنهال من تلك الرسائل متفرقا

اور نیز ہر ایک اس امر کی تفصیل ہے جس کو ہم پہلی کتابوں میں بیان کر چکے ہیں اور جو کچھ پہلی کتابوں سے متفرق طور پر

یعطی هذا الکتاب مجتمعًا للجائعین۔ و نسبته الیها کنسبة شجرة

فوائد علمیہ کی بارش ہوتی ہے یہ کتاب حمامۃ البشریٰ بھوکوں کیلئے ایک ہی جگہ پر پیش کر دیتی ہے اور اس کی نسبت دوسری کتابوں

الی بذرها و جاء بحمد الله حسنا مبسوطا مُتبارکًا و امّا ثمن

کی طرف ایسی ہے جیسی درخت کی اپنے بیج کی طرف اور خدا کی حمد اور شکر ہے کہ یہ کتاب مبسوط اور مبارک ہے اور قیمت کے

هذه الکتب فهی هدیة لبلاد الحجاز و الشام و العراق و المصریین

بارہ میں یہ حال ہے کہ یہ کتابیں ملک حجاز اور بلاد شام اور عراق اور مصریوں

والافریقیین کلهم و لکل من کان عالما منصفا مع صفر الید و اما غیرهم

اور افریقیوں کیلئے تو مفت بطور ہدیہ ہیں اور ایسا ہی اسکے لئے بھی جو عالم اور منصف مزاج اور تہیدست ہو اور دوسروں

فعلیهم ان ارادوا اشتراءها ان یرسلوا روبیة فی ثمن الحمامة

کو قیمت سے ملیں گی سو اگر وہ خریدنا چاہیں تو لازم ہے کہ حمامۃ البشریٰ کی ایک روپیہ قیمت بھیجیں۔

و کذلك فی ثمن الکرامات و نصفها فی ثمن التبلیغ و اثنین للتحفة

اور ایسا ہی ایک روپیہ کرامات الصادقین کیلئے اور آٹھ آنہ تبلیغ کی قیمت اور دو آنہ تحفہ کی

ان کانوا مشترین۔ و انا نقصنا آنة من ثمن التحفة رعایتًا للشائقین۔

اگر خریداری کا ارادہ ہو۔ اور ہم نے ایک آنہ تحفہ کی قیمت سے بپاس خاطر شائقاں کم کر دیا ہے۔

و ما الفت هذه الکتب الا لاکباد ارض العرب و کان اعظم

اور مَیں نے اِن کتابوں کو صرف زمین عرب کے جگر گوشوں کیلئے تالیف کیا ہے اور میری بڑی مراد یہی تھی

مرادی ان تشیع کتبی فی تلك الاماکن المقدسة و البلاد المبارکة

کہ ان مقدس جگہوں اور مبارک شہروں میں میری کتابیں شائع ہو جائیں

فرئیت ان شیوع الکتب فی تلک البلاد فرع لوجود رجل صالح یشیعہا
پس مَیں نے دیکھا کہ کتابوں کا ان ملکوں میں شائع ہونا ایک ایسے نیک انسان کے وجود کی فرع ہو جو شائع کرنیوالا ہو

وایقنت ان شہرۃ کتبی وانتشارھا فی صلحاء العرب امر مستحیل
اور مَیں نے یقین کیا کہ میری کتابوں کا صلحاء عرب میں شائع ہونا ایک امر محال ہے بجز اس صورت کے کہ

من غیر ان یجعل اللہ من لدنہ ناصرا منہم ومن اخوانہم فکنت
خدا تعالیٰ اپنی طرف سے میرے لئے اُن میں سے اور اُن کے بھائیوں میں سے کوئی مدد دینے والا مقرر

ارفع اکف الضراعۃ والابتہال لتحصیل ھذہ المنیۃ وتحقیق ھذہ
کرے سو مَیں تضرع کے ہاتھ اُٹھاتا اور دُعائیں عاجزی سے کرتا تھا کہ یہ آرزو اور مراد میرے لئے حاصل اور

البُغیۃ حتی اُجیبت دعوتی واعطیت لی بغیتی وقاد الیّ فضل اللہ
متحقق ہو یہانتک کہ میری دعا قبول کی گئی اور میری مراد مجھے دی گئی اور میری طرف خدا کا فضل ایک ایسے آدمی

رجلًا ذا علم وفہم ومناسبۃ ومن علماء العرب ومن الصّٰلحین۔
کو کھینچ لایا جو صاحبِ علم اور فہم اور مناسبت تھا اور نیک بختوں میں سے تھا۔

ووجدتہ طیب الاعراق کریم الاخلاق مطہرۃ الفطرۃ لوذعیا
اور مَیں نے اُس کو پاک اصل اور پسندیدہ خلق والا اور پاک فطرت والا اور دانا اور پرہیزگار پایا

المعیا ومن المتقین۔ فابتہجت بلقائہ الذی کان مرادی ومدعائی
سو مَیں اسکی ملاقات سے جو میری عین مراد تھی خوش ہوا اور اپنی دُعا کا پہلا پھل

وحسبتہ باکورۃ دعائی وتفاءلت بہ بخیر یاتی وفضل یحمی وازدھانی
میں نے اس کو خیال کیا اور آنے والی خیر اور بچانے والے فضل کے لئے میں نے اسکو ایک نیک

الفرح وصرت یومئذٍ من المستبشرین فہنّیت نفسی ھنالک و
فال سمجھا اور کثرت خوشی نے مجھ کو ہلا دیا اور اس دن میں اُن لوگوں میں سے ہو گیا جو خوش ہوتے ہیں سو مَیں نے اپنے نفس کو اُس وقت

شکرت اللہ وقلتُ الحمد لک یارب العالمین۔
مبارکباد دی اور خدا کا شکر کیا اور کہا کہ اے تمام جہانوں کے خدا تیرا شکر ہے۔

ص۱۶

وتفصيل ذلك ان شابًا صالحًا وسيمًا جاءني من بلاد الشام اعني

اور اس مجمل بیان کی تفصیل یہ ہے کہ بلاد شام سے ایک جوان صالح خوشرو میرے پاس آیا یعنے

مِنْ طرابلس وقاده الحكيم العليم اِلَيّ ولبث عندي الى سبعة اشهر

طرابلس سے اور حکیم وعلیم اُس کو میری طرف کھینچ لایا اور قریب سات مہینے کے

اعني الى هذا الوقت فتوسمت فيه الخير والرشد وجدت في ميسمه

یعنے اسوقت تک میرے پاس رہا اور مَیں نے فراست سے اُسکے وجود کو باخیر دیکھا اور اسمیں رشد پایا اور

انوار الصلاح ورأيتُ فيه سمة الصّٰلحين۔ ثم امعنتُ في حاله

اُسکے چہرہ میں صلاحیت کے انوار پائے اور صلحاء کے نشان پائے۔ پھر مَیں نے اسکے حال اور قال

وقاله وتفحصت من ظاهره وباطن احواله بنور اعطي لي والهام

میں غور کی اور اُس کے ظاہر اور باطن میں تفحص کیا اور اُس نور اور الہام کے ساتھ دیکھا

قُذفَ في قلبي فآنستُ حسن تقاته ورزانة حصاته ووجدته رجلًا

جو مجھ کو عطا کیا گیا ہو سو مَیں نے مشاہدہ کیا کہ وہ حقیقت میں نیک ہے اور متانت عقل اسکو حاصل ہو اور آدمی

صالحًا تقيا ركلا على جذبات النفس وطاردها ومن المرتاضين۔ ثم

نیکبخت ہے جس نے جذبات نفس پر لات ماری اور اُن کو الگ کر دیا ہو اور ریاضت کش انسان ہے۔ پھر

اعطاه الله حظًّا مِن معرفتي فدخل في المبائعين۔ وقد انفتح عليه

خدا نے اُسکو کچھ حصہ میری شناخت کا عطا کیا سو وہ بیعت کرنیوالوں میں داخل ہوگیا اور خدا تعالیٰ نے ہماری

باب عجيب من معارفنا والّف كتابا وسماه ايقاظ الناس وهو

معرفت کی باتوں میں سے ایک عجیب دروازہ اُسپر کھولدیا۔ اور اُسنے ایک کتاب تالیف کی جس کا نام ایقاظ الناس

دليل واضح على سعة علمه وحجة منيرة على اصابة رايه ويكفي

رکھا اور وہ کتاب اسکے وسعت معلومات پر دلیل واضح ہو اور اسکی رائے صائب پر ایک روشن حجت ہے اور وہ کتاب

لكل مُمار في مضمار ولما افضى في تاليف ذلك الكتاب جمع عنده

ہرایک مباحث کیلئے ہر ایک میدان میں کفایت کرتی ہو اور جب اُسنے اِس کتاب کا تالیف کرنا شروع کیا تو بہت سی

كثيرا من كتب الحديث والتفسير وفكر فكرا عميقا فى كل امر

کتابیں حدیث اور تفسیر کی جمع کیں اور ہر ایک اَمر میں پوری پوری غور کی سو یہ کتاب اُسکے فکروں کا ایک

فهو در افكاره ونور انظاره وليس علامة المعارف من دون المعارف

دُودھ اور اُسکی نظروں کا ایک نور ہے اور عارف کی علامت اسکی معرفت کی باتیں ہی ہوتی ہیں اور جب مَیں نے

وانى اذا اقرءت كتابه وتصفحت ابوابه ورفعت جلبابه فاستملحت

اُسکی کتاب کو پڑھا اور صفحہ صفحہ کر کے اسکے باب دیکھے اور اسکی چادر اٹھائی تو میں نے اس کے بیان کو

بيانه ومدحت شانه وما وجدت فيه شيئا شانه وادعوان يشيع الله

ملیح پایا اور اُسکی شان کی میں نے تعریف کی اور میں نے اُس میں کوئی ایسی بات نہ پائی کہ جو اسکو بٹہ لگاوے اور میں دعا کرتا ہوں

كتابه مع كتبى ويضع فيه قبولية ويدخل فيه روحا منه ويجعل

کہ خدا اُسکی کتاب کو میری کتابوں کے ساتھ شائع کرے اور اسمیں قبولیت رکھ دیوے اور اسمیں اپنی طرف سے ایک رُوح داخل کرے اور

افئدة من الناس تهوى اليه وجزاه فى الدارين وبارك فى مقاصده

بعض دل پیدا کرے جو اسکی طرف جھک جاویں اور اُسکے مؤلف کو دونوں جہانوں میں بدلہ دے اور اُسکے مقاصد میں برکت ڈالے

ويدخله فى المقبولين ولما فرغ من تاليف كتابه حمله اخلاصه

اور اُسکو مقبولوں میں داخل کرے اور جب وہ اپنی تالیف سے فارغ ہوا تو اُسکے اخلاص نے اُسکو اس بات پر آمادہ کیا

على ان يكون مبلغ معارفنا الى علماء وطنه ويخبرفيهم عن اخبارنا

کہ ہماری معرفت کی باتوں کو اپنے وطن کے علماء تک پہنچاوے اور ہماری خبریں ان میں پھیلاوے۔

ويكون مناديا ويطلق نداء افي كل ناحية ويشيع الكتب ليتضح

اور منادی بن کر ہر ایک طرف آوازیں پہنچاوے اور کتابوں کو شائع کرے تا اُن لوگوں پر

الامر على اهل تلك البلاد وهذا هو المراد الذى كنا ندعوله فى الليل

حقیقت کھل جاوے اور یہ وہی مراد ہے جس کے لئے ہم دن رات دُعائیں کرتے تھے

والنهار وارى انه رجل صادق القول والوعد يتقى الفضول فى الكلام

اور مَیں دیکھتا ہوں کہ یہ شخص اپنے قول اور وعدہ میں مرد صادق ہے بیہودہ کلام سے پرہیز کرتا ہے۔

ولا یرتع اللسان فی کلّ مرتع باطلاق الزمام ولقد ادخل اللّٰہ حبنا فی
اور زبان کو ہر ایک چراگاہ میں مطلق العنان نہیں چھوڑتا اور خدا تعالیٰ نے ہماری محبت اُسکے دل میں ڈالدی
قلبہ فیحبنا ونحبہ وکلما وعد ھذا الرجل وتکلّم فاتیقن انہ ھو
سو ہم سے وہ محبت رکھتا ہے اور ہم اُس سے جو کچھ اُس نے کہا اور وعدہ کیا میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ اُسکا
اھلہ وسینجز کما وعد وارجوان یجعلہ اللّٰہ سببًا لریع بذرنا وسوغ
اہل ہے اور جیساکہ کہا ویسا ہی کریگا اور میں اُمید رکھتا ہوں کہ خدا اُسکو ہمارے بیج کی نشوو نما اور ترو تازگی کا باعث
حلبنا وھو احسن المسبّبین۔ ورأیتُ انہ رجل مرتاض صابر لایشکو
کرے اور ہمارا دُودھ اُسکے ذریعہ سے خوشگوار ہو جاوے۔ اور خدا سب سببوں سے نیکتر ہے اور میں نے دیکھا کہ یہ شخص ریاضت کش اور صابر ہے
ولا یفزع ورأیت مرارا انہ یقنع علی ادنی الماکولات والملبوسات
شکوہ اور جزع فزع اسکی سیرت نہیں اور میں نے بارہا دیکھا کہ یہ شخص ادنیٰ چیزوں کے کھانے پر کفایت کرتا ہے اور ایسا ہی ادنیٰ
ولو لم یکن لحاف فلا یطلبہ بل یدفع البرد من التضحی واصطلاء
ملبوسات پر اگر لحاف نہ ہو تو اُسکو مانگتا نہیں بلکہ دھوپ میں بیٹھنے اور آگ سیکنے سے گذارہ کر لیتا ہے اور تکلیف اُٹھاکر
الجمر ولا یسئل تعففا ووجدت فیہ آثار الخشوع والحلم والانابۃ و
اپنے تئیں سوال سے باز رکھتا ہے میں نے اسمیں فروتنی اور حلم اور انابت اور نرمیٔ دل کو پایا
رقۃ القلب واللّٰہ اعلم وھو حسیبہ وما قلت الا ما رأیت فلا تعجبوا
اور خدا بہتر جانتا ہے اور وہ اسکا حسیب ہے میں نے جو دیکھا سو کہا پس خدا کی
من رحمۃ اللّٰہ ان تکفکف ما دھمنا من حرج بسعی ھذا الرجل واللّٰہ
رحمت سے کچھ تعجب مت کرو کہ وہ اس شخص کی سعی سے اُن حرجوں کو اُٹھاوے جو ہمیں پہنچ گئے اور خدا جو
یفعل ما یشاء لا مانع لما اراد ولا راد لما جاد وھو حافظ دینہ و
چاہتا ہے کرتا ہے جس بات کو وہ چاہے کوئی اُسکو روک نہیں سکتا اور جو کچھ وہ دیوے کوئی اُسکو رد نہیں کر سکتا وہ اپنے
ناصر کلّ من ینصر الدین۔
دین کا حافظ ہے اور تمام اُن لوگوں کی مدد کرتا ہے جو اُسکے دین کی مدد کریں۔

واعلموا ایّھا الاخوان ان امر اشاعة الکتب فی دیار العرب و

اور بھائیو یہ بھی تمہیں معلوم رہے کہ دیار عرب میں کتابوں کے شائع کرنے کا معاملہ اور ہماری

تبلیغ معارف کتبنا الیھم لیس بشئ ھیّن بل امر ذو بال لا یتمہ الا

کتابوں کے عمدہ مطالب عرب کے لوگوں تک پہنچانا کچھ تھوڑی سی بات نہیں بلکہ ایک عظیم الشان امر ہے اور

من ھو اھلہ فان ھذہ المسائل الغامضة التی کُفّرنا وکذِبنا لھا

اسکو وہی پُورا کرسکتا ہی جو اسکا اہل ہو۔ کیونکہ یہ باریک مسائل جن کیلئے ہم کافر ٹھہرائے گئے اور جھٹلائے گئے

لا شک انھا تصعب علی علماء العرب کما صعبت علی علماء

کچھ شک نہیں کہ وہ عرب کے علماء پر بھی ایسے ہی سخت گذریں گے جیسا کہ اِس ملک کے مولویوں پر سخت گذرے ہیں۔

ھذہ الدیار لا سیما علی اھل البوادی الذین لا یعلمون دقائق

بالخصوص عرب کے اہل بادیہ کو تو بہت ہی ناگوار ہونگے کیونکہ وہ باریک مسائل سے بے خبر ہیں اور وہ

الحقیقة ولا یتدبّرون حق التدبّر انظارھم سطحیة وقلوبھم مستعجلة

جیسا کہ حق سوچنے کا ہے سوچتے نہیں اور اُن کی نظریں سطحی اور دِل جلد باز ہیں مگر اُن میں

الا قلیل منھم الذین اَنَار اللّٰہ فطرتھم وھم من النادرین۔

قلیل المقدار ایسے بھی ہیں جن کی فطرتیں روشن ہیں اور ایسے لوگ کم پائے جاتے ہیں۔

فلاجل تلک المشکلات التی سمعتم اقتضت المصلحة الدینیة

سو ان مشکلات کی وجہ سے جو تم سُن چکے مصلحت دینی نے تقاضا کیا جو اس کام

ان نتخیّر لھذا الامر عالما مذکورا الذی اسمہ محمد سعید النشار الحمیدی

کے لئے ہم اس عالم مذکور کو منتخب کریں جس کا نام محمد سعیدی النشار الحمیدی

الشامی* ولا شک ان وجودہ لھذا المھم من المغتنمات ومجیئہ عندنا

الشامی ہی اور کچھ شک نہیں کہ اُس کا وجود اس مہم کے لئے از بس غنیمت ہے اور اُس کا اِس جگہ آنا

ص ۱۹

* الحاشیة۔ مسکنہ طرابلس شام ملک سیریا ویُقال لھا باللغة الانکلیزیة تریپولی و ھی مدینة عظیمة علی ساحل بحر الروم بینھا و بین بیروت ثلثون اکواسًا۔ منہ ۱۲

من فضل قاضی الحاجاتِ وھو خیر قلبا و نعم الرجل مع ان الضرورۃ
خدا تعالیٰ کے فضل میں سے ہے اور وہ نیک دِل اور بہت اچھا آدمی ہو اور اس طرف ضرورت
قد اشتدت فلعل اللہ یصلح امرنا علیٰ یدیہ وھو بھذا التقریب
بھی سخت ہے پس شائد خدا اُسکے ہاتھ پر ہمارے کام کی اصلاح کرے اور وہ اس تقریب سے اپنے
یصل وطنہ وینجو من تکالیف السفر العنیف ویتخلّص من مفارقۃ
وطن میں پہنچ جاوے اور سفر کی سخت مشقتوں سے نجات پاوے اور وطن اور دوستوں کی جُدائی سے بھی
المالف والالیف وتوجرون عَلَیہ من اللہ الرحیم اللطیف وما
رہائی ہو اور تم کو خدا تعالیٰ سے اجر ملے اور مَیں نے صرف اللہ کے لئے یہ باتیں کی ہیں
قلت الا للہ وما انا الا ناصح امین۔ والذین یظنون ان اھل العرب
اور میں امانت سے نصیحت کرنے والا ہوں۔ اور وہ لوگ جن کا یہ گمان ہے کہ عرب کے لوگ
لا یقبلون ولا یسمعون فلیس عندنا جواب ھذا الحمق من غیر ان
قبول نہیں کرینگے اور نہ سنیں گے پس ہمارے پاس اس نادانی کا بجز اس کے اور کوئی جواب
نحولق علی قولھم ونسترجع علی فھمھم الا یعلمون ان العربیین سابقون
نہیں کہ ہم اُن کے اِس خیال پر لاحول پڑھیں اور اُنکی سمجھ پر اناللہ کہیں کیا نہیں جانتے کہ عرب کے لوگ حق
فی قبول الحق من الزمان القدیم بل ھم کالاصل فی ذٰلك وغیرھم
کے قبول کرنے میں ہمیشہ اور قدیم زمانہ سے پیشدست رہے ہیں بلکہ وہ اس بات میں جڑ کی طرح ہیں اور
اغصانھم ثم نقول ان ھذا فعل اللہ رحمۃً منہ والعرب احق واولی
دُوسرے اُنکی شاخیں ہیں پھر ہم کہتے ہیں کہ یہ ہمارا کاروبار خدا تعالیٰ کیطرف سے ایک رحمت ہے اور عرب کے لوگ الٰہی
واقرب برحمتہ وانی اَجِدُ ریح فضل اللہ فلا تتکلّموا بکلمات الیاس
رحمت کے قبول کرنے کیلئے سب سے زیادہ حقدار اور قریب اور نزدیک ہیں اور مجھے خدا تعالیٰ کے فضل کی خوشبو آرہی ہے
ولا تکونوا من القانطین۔ ولا تظنوا ظن السوء وان بعض الظنّ
سو تم نا امیدی کی باتیں مت کرو اور نا امیدوں میں سے مت ہو جاؤ اور بدگمانیوں میں مت پڑو اور بعض ظن گناہ ہیں

ثم فاتقوا الظنون الفاسدة التی تتزعزع منها ارض ایمان الظانین وتتزعزع
سو تم ایسے ظن مت کرو جن سے بدگمان انسان کی ایمانی زمین ہلجاتی ہے اور نیت

النیة الصالحة وتکثر وساوس الشیاطین۔ وقوموا متوکلین علی اللّٰہ و
صالحہ میں جنبش آجاتی ہو اور شیطانی وساوس بڑھتے ہیں۔ اور خدا کے توکل پر کھڑے ہو جاؤ اور

قدموا من خیر ما استطعتم واعدوا لاخیکم من زاد یکفیه لسفره البحری
کوئی نیکی کرلو جو کرسکتے ہو اور اپنے بھائی کے لئے کچھ زاد سفر بہم پہنچاؤ جو اُسکے سفر بحری

ص ۲۰

والبرّی وکان اللّٰہ معکم ووفّقکم وهو خیر الموفّقین۔
اور برّی کیلئے کافی ہو خدا تمہارے ساتھ ہو اور تمہیں توفیق دے اور وہ بہتر توفیق دہندہ ہے۔

فنرجو من اخلاص اهل الثروة والمقدرة ان یتوجهوا الی اهتمام
پس ہم اہل مقدور دوستوں کے اخلاص سے اُمید رکھتے ہیں کہ اِس کام کے اہتمام کی طرف

هذا الامر بکل القلب وکل الهمة ولا حاجة الی ان نکثر القول ونبالغ
سارے دِل اور ساری ہمت سے مصروف ہوں اور ہمیں کچھ حاجت نہیں کہ ہم زیادہ کہیں اور کلام میں مبالغہ کریں

فی الکلام ونستنهض همم الاحبّاء والمخلصین ببیانات مملوة من
اور پُر تکلف بیانوں سے اپنے دوستوں اور مخلصوں کو تحریک دیں کیونکہ ہم

التکلفات فانا نعلم ان الاشارة کافیة لاحبّائنا المتصدقین۔
جانتے ہیں کہ اُن کے لئے اشارت کافی ہوگی للہ کام کرنا اُن کی عادت ہے۔

فلیعط کل احد منهم بقدر قدرته التی اعطاه اللّٰہ ولا یستحیی
پس چاہیئے کہ ہر ایک اُن میں سے بقدر خداداد استطاعت دیوے اور اس بات سے شرم نہ کرے

ولا یحتشم من ان ینفح بالقلیل ولیعلم ان الغرض ان یعطی ولو کانت
کہ وہ کچھ تھوڑا دیتا ہو اور اِس بات کو معلوم کرے کہ غرض اصلی یہ ہو کہ دیوے اگرچہ ایک پیسہ یا اس کا چوتھا

فلسة او ربعه او اقل من الفتیل ومن کان ذا عیشة خضراء فلیعط
حصّہ یا کھجور کے اندر کے چھلکے سے بھی تھوڑا ہو اور جو شخص خوش اوقات کھاتا پیتا ہو سو اگر چاہے تو

بقدر حیثیته ان شاء۔ وما ھذا الا عمل طلاب وجه اللہ ومن یعمل
اپنی حیثیت کے مناسب دیوے۔ اور یہ کام محض للہ اور اُس کی خوشنودی کیلئے ہو اور جو شخص ایک ذرہ کے
مثقال ذرۃ خیرا یرہ و یبارك اللہ فی ماله و اھله وعیاله وما تنفقون
موافق بھی بھلائی کریگا وہ اسکا اجر پائیگا اور خدا اُسکے مال اور اہل اور عیال میں برکت دیگا اور
فی سبیل اللہ فھو عائد الیکم فی الدنیا والآخرۃ ولا ترون خسرا فان
جو کچھ تم خدا کی راہ میں خرچ کروگے وہ تمہاری طرف دُنیا اور آخرت میں پھر لوٹ کر واپس آئیگا اور نقصان نہیں اٹھاؤ گے
اعطیتم بذرا فلکم زراعة وان اعطیتم قطرۃ فلکم بحر فضلاً من عند اللہ
پس اگر تم ایک بیج دوگے تو تمہارے لئے ایک زراعت ہوگی اگر قطرہ دوگے تو تمہارے لئے دریا ہوگا اور خدا
واللہ لا یضیع اجر المحسنین۔ ام حسبتم ان تغفروا ویرضی عنکم ربکم
نیکو کاروں کا کبھی اجر ضائع نہیں کرتا۔ کیا تم جانتے ہو کہ یونہی بخشے جاؤ اور خدا تم سے راضی ہو جائے
ولما یجدکم ساعین لمرضاته والطائعین کالمخلصین۔ ایھا الرجال
اور ہنوز اُس نے تم کو اپنی رضامندی کی راہوں میں سرگرم نہ پایا ہو اور تم فرمانبردار اور مخلص اسکی نظر میں ٹھہرے ہو
اتقوا اللہ وکونوا من الذین یوثرونه علیٰ انفسھم واعلموا ان اللہ مع
اے لوگو خدا سے ڈرو اور اُن لوگوں کیطرح ہو جاؤ جو خدا کو اپنے نفسوں پر مقدم کرلیتے ہیں اور یقیناً جانو کہ خدا پرہیزگاروں
المتقین۔ انما اموالکم واولادکم فتنة وینظر اللہ اتحبونه او تحبون
کے ساتھ ہے۔ تمہارے مال اور تمہاری اولاد آزمائش کی جگہ ہیں اور خدا دیکھتا ہے کہ تم اُس سے پیار کرتے ہو یا دُوسری
اشیاء اُخریٰ وستبعدون عن ھذہ اللذات ولا تبقی ھذہ المجالس و
چیزوں سے اور وہ وقت آتا ہے کہ تم ان لذتوں سے دُور کر دیئے جاؤگے اور یہ مجلسیں باقی نہیں رہینگی اور نہ اُنکے
نظارتھا ثم ترجعون الی اللہ وتسئلون عما عملتم وعما جاھدتم فی
دیکھنے والے پھر تم خدا تعالیٰ کے سامنے حاضر کئے جاؤگے اور تم سے تمہارے اعمال کا سوال ہوگا اور یہ کہ تم نے
سبله فقوموا ایھا الناس قوموا الوقت یذھب قوموا سریعًا ولا
اسکی راہ میں کیا کیا کوششیں کیں پس اُٹھو اے لوگو اُٹھو وقت جاتا ہے جلد اُٹھو اور آرام پسندوں کے

۲۱

تقعد وامع المترفين۔ ولسنا بالموجب حقًّا لمن لا يوجب الحق على
ساتھ مت بیٹھو۔ اور ہم کسی ایسے شخص پر کوئی حق واجب نہیں کرتے جو اپنے نفس پر حق واجب

نفسه ولا يكلّف الله نفسًا الا وُسعها وما انا من المتكلفين۔ وما اتوجه
نہیں کرتا اور خدا کسی جان کو اُسی قدر تکلیف دیتا ہے جو اُسکی وسعت میں ہو اور مَیں تکلف کرنے والوں سے نہیں ہوں۔ اور

الا الى الذي يصدقني الودّ واترك الذي منعه البخل فصد ولحق
مَیں صرف ایسے شخص کیطرف توجہ کرتا ہوں جو مجھ سے دوستی خالص رکھتا ہو۔ اور میں اُسکو ترک کرتا ہوں جسکو بخل نے کارِ خیر

بالذين بخلوا فردّ وعُدّ من المخذولين۔
سے منع کر دیا اور بخیلوں سے مل گیا اور ردّ کیا گیا اور محروموں میں سے شمار کیا گیا۔

وليعجل المُرسلون للارسال فان الوقت ضيق والضيف العزيز
اور چاہیئے کہ بھیجنے والے بھیجنے کیلئے جلدی کریں کیونکہ وقت تنگ ہے اور مہمان عزیز سفر کو تیار ہے

مستعد للسفر وقد وجب علينا إعلام المتغفلين باسرع اوقات فلا
اور ہم پر واجب ہو چکا ہے کہ جو غفلت میں ہیں انکو بہت جلد متنبہ کریں پس مناسب نہیں کہ تم سستی کر کے

ينبغي ان تقعدوا اكسالى بعد ما بيّنت لكم ضرورة هذا الامر فقدموا
بیٹھے رہو بعد اسکے جو مَیں نے اس امر کی ضرورت بیان کر دی پس تم مدد کے لئے آگے قدم بڑھاؤ اور

للمعاضدة ولا تاخروا وانفضوا ايديكم توجروا وكونوا في سبيل الله
مت پیچھے ہٹو اور ہاتھوں کو جھاڑو تا مدد دیئے جاؤ اور خدا تعالیٰ کی راہ میں ایک دوسرے سے

سابقين۔ وليرسل ههنا في قاديان من كان مُرسلًا من درهم او دينار
سبقت کرو۔ اور چاہیئے کہ بھیجنے والا اسی جگہ قادیان میں بھیجے جو کچھ درہم یا دینار بھیجنا ہو اور اپنے خط میں

وليبين في مكتوبه انه أُرسل له بل الاولىٰ ان يرسل اليه باسمه بلا
بیان کر دے کہ یہ روپیہ اُس کے لئے بھیجا گیا ہے بلکہ بہتر تو یہ ہے کہ اُسی کے نام سے بغیر میرے واسطہ کے بھیجے تاکہ

واسطتي ليجمع عنده كلما يجيئ وليطمئن به قلبه وان انفس القربات
جو کچھ آوے وہ سب اُسی کے پاس جمع ہوتا رہے اور تاکہ اُسکے دل کو اطمینان ہو۔ اور سب الٰہی عملوں سے جو خدا تعالیٰ کی

اعلاء کلمة الاسلام وھذا وقته فلا تضیعوا وقتکم وقوموا کالخادمین۔
قربت کے لئے کئے جاتے ہیں کلمہ اسلام کی بلندی چاہنا زیادہ ثواب کا موجب ہے پس اپنے وقتوں کو ضائع مت کرو اور خادموں کی طرح اٹھ کر

اَیُّھَا المُسْلِمون فِرّوا الی اللّٰہ واتقوا الفتن التی ھاجت وماجت
اے مسلمانوں خدا کی طرف بھاگو اور ان فتنوں سے جو تمہارے آگے پیچھے اور تم میں موجیں مار رہے

۲۲ حولکم وفیکم واعملوا عملاً یرضاہ لیکون لکم زُلفیٰ لدیه ولتاخذکم
ہیں اور اُٹھ رہے ہیں اور وہ عمل کرو جس سے خدا راضی ہو جاوے تا تمہیں خدا تعالیٰ کے نزدیک درجہ ملے اور چاہیئے

رقة علی دینکم فانه ضعف وبدء الشیب بفودیه والشیب غیر طبعی
کہ تمہیں اپنے دین پر کچھ شفقت پیدا ہو کیونکہ وہ ضعیف ہو گیا اور اُسکی کنپٹیوں پر بڑھاپے کے آثار پیدا ہو گئے ہیں

حدث من نوازل الحادثات والتکالیف المتتابعات ولینظر کل
اور یہ بڑھاپا غیر طبعی ہے جو حادث نزلہ کے سبب سے اور تکالیف متواترہ کے باعث سے ظاہر ہو گیا ہے اور چاہیئے کہ

احدٍ منکم عمله ولیفتش خطراته ولیزن بضاعته التی اعدھا
ہر ایک شخص اپنے عملوں کو دیکھے اور اپنے دل کے خیالات کو ٹٹولے اور اپنی اِس بضاعت کو تولے جو آخرت کیلئے

للاٰخرة ولینقد دراھمه التی جمعھا لذلك السفر ھل ھی وازنة
تیار کی ہے اور اپنے اس روپیہ کو کھرا کرے جو اس سفر کے لئے تیار کیا ہے کیا وُہ پورے وزن کا

جیدة او مغشوشة ناقصة ولا یخدع نفسه ولا یغرر نفسه من
اور کھرا ہے یا کھوٹا اور کم وزن کا ہے اور چاہیئے کہ اپنے نفس کو دھوکا نہ دیوے اور اُس کو خطرہ میں

المغشوشات ولیتدارك قبل ذھاب الوقت ولا تقعد کالغافلین۔
نہ ڈالے اور چاہیئے کہ وقت سے پہلے تدارک کرے اور غافلوں کی طرح مت بیٹھا رہے۔

اَیُّھَا النَّاسُ زکوا انفوسکم وطھروا صدورکم ولا تفرحکم جیفة
اے لوگو اپنے نفسوں کو صاف کرو اور اپنے سینوں کو پاک بناؤ اور تمہیں دُنیا کا مردار

الدنیا وشحومھا ولا تجلبکم الیھا کلابھا ولا تموتوا الا مسلمین
اور اُسکی چربی بیہودہ خوش نہ کرے اور اُسکے کُتے تمہیں اس گوشت کیطرف نہ کھینچیں اور بجز پاک مسلمان ہونے کی حالت کے

مطہّرین۔ ولا تتّقوا لعن المخلوق فانہ سہل ہیّن واتقوا لعن
مت مرو۔ اور خلقت کی لعنت سے مت ڈرو کیونکہ وہ سہل اور آسان ہو اور اُس خدا کی لعنت سے ڈرو

اللاعن الذي يسود الوجوه لعنہ و یلقی فی ھرۃ السافلین۔ ھذا ا
جس کی لعنت مونہوں کو کالا کر دیتی ہے اور نیچے گرنے والوں کے گڑھوں میں ڈالتی ہے۔ ہماری یہ نصیحت ہے

ما اوصینا کم فتذکروا ما اوصینا و اشھدوا انا بلغنا واللہ خیر
سو اِس نصیحت کو یاد رکھو اور گواہ رہو کہ ہم نے نصیحت کو پہنچا دیا اور خدا سب گواہوں

الشاھدین۔ وآخر دعونا ان الحمد للہ رب العٰلمین ۵
سے بہتر ہے۔ اور آخری دعوت ہماری یہی ہو کہ تمام تعریفیں خدا کو ہیں جو تمام عالموں کا رب ہے۔

اعلان

تَرجُو اَن تتوجّھه الدَّولَة البرطَانية بمراحمها العُظمیٰ اِلیٰ

ہم اُمید رکھتے ہیں کہ سرکار انگریزی اپنے عظیم الشّان رحم کی وجہ سے

ھٰذَا الاِعلَانِ وَتحملق بعَدلِھَا الی الصّل الّذي یَلدغ

اِس اعلان کیطرف توجّہ کریگی اور اِس مارسیرت کو مورد نظر عتاب فرمائیگی جو اُس کے

نُصحَائِهَا وَیتنضنض نضنضة الثعبانِ۔

خیر خواہوں کو کاٹتا ہے اور سانپوں کی طرح زبان ہلاتا ہے۔

یا قیصرة الهند صانك الله عن الآفاتِ وکان لطفه معك فی کل

اے قیصرہ ہند خدا تجھ کو آفتوں سے نگاہ رکھے اور ہر یک خیر کے ارادہ میں اُس کا

ارادات الخیرات وحفظك عن الدواهی والحادثات جئناك

لطف تیرے ساتھ ہو اور خدا تجھ کو حوادث سے بچاوے ہم مستغیث بن کر تیرے پاس

مستغیثین بما اوذینا من لسان رجل وکلمه المحفظات وقد

آئے ہیں کیونکہ ہم ایک شخص کی زبان اور اُس کے رنجدہ کلمات سے ستائے گئے ہیں اور

سمعنا انكِ تحلیتِ بمحاسن الاخلاق۔ وتخلیتِ فی عدلكِ مما یسم

ہم نے سُنا ہے کہ تو نیک خلقوں سے آراستہ ہے۔ اور اپنے عدل میں ان باتوں سے خالی ہے

بالاخلاق ومازلتِ آخذة نفسكِ بالرحم والاشفاق ولا ترضين بجور
جس پر داغ عیب ہے۔ اور رحم اور شفقت کو تو نے اپنے نفس کیلئے ایک خصلت لازمی ٹھہرادی ہے اور ظلم کرنیوالوں کے ظلم

الجائرين۔
پر راضی نہیں۔

ص۲

هٰذَا خُلقكِ ونحن مع ظلّ حمايتكِ نُلدَغ من شرّ بعض المعادين و
یہ تیرا خلق ہے اور ہم باوجود ظل حمایت تیری کے بعض دشمنوں کے نیش شرارت سے نیش زدہ اور

نعضّ من انياب العاضين۔ وَيَصول علينا كل ضُل بن ضُلّ ويسُبّ
ان کاٹنے والوں کے دانتوں سے کاٹے جاتے ہیں۔ اور ہر ایک ایسا شخص ہم پر حملہ کرتا ہے جسکے باپ دادے کوئی نہیں پہچانتا

نبيّنا الكريم كل جهول مهين۔ ويسعى اَنْ نُعدّ من الباغين۔
اور ہر ایک جاہل ذلیل ہمارے نبی کریم کی اہانت کر رہا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ ہم باغیوں سے گنے جائیں۔

و امّا تفصيل هذا المجمل فاعلم يا قيصرة تزائد اقبالكِ وبارك الله
اور اگر اس مجمل کی تفصیل چاہو تو اے قیصرہ تیرا اقبال زیادہ ہو اور خدا تیری

فى دُنياكِ واصلح مآلكِ ان رَجلا من الذين ارتدوا من دين الاسلام
دُنیا میں برکت دے اور تیرا انجام بھی بخیر کرے تجھے معلوم ہو کہ ایک شخص نے ایسے لوگوں میں سے جو اسلام سے

ودخلوا فِى الملّة النصرانية اعنى النصرانى الذى يسمّى نفسه القسيس
نکل کر عیسائی ہو گئے ہیں یعنی ایک عیسائی جو اپنے تئیں پادری عماد الدین کے نام سے

عماد الدّين اَلّف كتابا فى هٰذه الايام لخدع العوام وسمّاه توزين الاقوال
موسوم کرتا ہے ایک کتاب ان دنوں میں عوام کو دھوکہ دینے کیلئے تالیف کی ہے اور اسکا نام توزین الاقوال

وذكر فيه بعض حالاتى بافتراءٍ بحتٍ لا اصل له وقال ان هذا الرجل
رکھا ہے اور اسمیں ایک خالص افترا کے طور پر میرے بعض حالات لکھے ہیں اور بیان کیا ہے کہ یہ شخص ایک

رجل مفسد ومن اهل العداوة وانى وجدت فى طريقة مشيه
مفسد آدمی اور گورنمنٹ کا دشمن ہے اور مجھے اس کے طریق چال چلن میں

آثار البغاوة وليس من نصحاء الدولة وانيقّن انه سيفعل كذا وكذا
بغاوت کی نشانیاں دکھائی دیتی ہیں - اور میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ ایسے ایسے کام کریگا

وانه من المخالفين۔
اور وہ مخالفوں میں سے ہے۔

فالملخّص انه حث الحكومة فى ذٰلك على ايذائى ومع ذٰلك فرّغ
پس خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس شخص نے حکام کو میری ایذا کیلئے برانگیختہ کیا ہے اور ساتھ اسکے مجھے گالیاں دینی اور تحقیر کرنے

اناءه فى سبّى وازدرائى وافرغ قذر لسانه على بعض احبائى واكثر
میں اسقدر مبالغہ کیا ہو کہ جو کچھ اسکے برتن میں تھا سب باہر نکالدیا اور نیز اپنی زبان کی پلیدی میرے بعض دوستوں پر ڈالی

القول فى ديانتنا المقدسة وشتم خير الرسل صلى الله عليه وسلم ۲۵
اور ہمارے دین مقدس کے بارے میں بہت کچھ بیہودہ باتیں کیں اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گالیاں دیں

وبالغ فى التوهين - وتكلم بكلماتٍ ترتجف منها القلوب وتهيج فى الافئدة
اور توہین میں مبالغہ کیا۔ اور ایسی باتیں کہیں جن سے دل کانپ اُٹھتے ہیں اور ان میں بیقراریاں

الكروب وسوف نكتب قليلاً منها ونجوبُ استار الجاهلين۔
جوش مارتی ہیں اور ہم کسی وقت اُن میں سے کچھ تھوڑا سا لکھیں گے اور جاہلوں کے پردے پھاڑینگے۔

والاٰن ننبّهُ الدولة العالية مما افترى علينا وزعم كانّا من اعداء
اور اب ہم گورنمنٹ عالیہ کو ان باتوں کی اصل حقیقت سے مطلع کرتے ہیں جو ہم پر اُسنے افترا کیں اور گمان کیا کہ

الدولة البرطانية فليعلم الدولة ان هذه المقالات كلها من قبيل
گویا ہم دولت برطانیہ کے بدخواہ ہیں سو گورنمنٹ کو معلوم ہو کہ یہ تمام باتیں از قبیل آرائش دروغ اور

صوغ الزور ونسج الشرور وليس فيها رائحة الصدق مثقال ذرّة وما
شرارت باقی ہیں اور ایک ذرہ بھی سچائی کی بُو اُن میں نہیں اور ان باتوں پر اُس کو صرف اُس کے

حمله على ذٰلك الا بعض المصالح الّتى رأٰها فى نفس تلك المكائد وليسّرها
بعض مصالح نے آمادہ کیا جو اُس نے ان فریبوں کے اندر دیکھے ہیں اور ایک یہ بھی اُسکی غرض

اکابر القسیسین۔ والحمد للہ ان کلماتہ المفتریات شیٔ لا تخفی

ہے کہ تا اپنے بڑے پادریوں کو خوش کرے۔ اور شکر خدا کا کہ اسکے خودساختہ کلمات ایک ایسی چیز ہے جس کی حقیقت

علی الدولۃ حقیقتہ فنحن فی مامن من شرھا و نری خدماتنا

اس گورنمنٹ پر پوشیدہ نہیں اور ہم اُسکی شرارت سے امن میں ہیں اور ہم اپنی روشن خدمات کو

اللامعۃ للرد علیہا کالشھب للشیاطین۔ ولا یخفی علی الحکام

اُس کی باتوں کے ردّ کرنے کے لئے ایسی دیکھتے ہیں جیسے شہاب ثاقب شیاطین کے دفع کرنے کے لئے

طریقتی و شانی ولا امشی موار یا عنہم عیانی بل الحکومۃ البرطانیۃ

اور حکام پر میرا طرز اور طریق پوشیدہ نہیں اور مَیں اُن سے چُھپ چُھپ کر چلتا نہیں بلکہ گورنمنٹ برطانیہ

تعرفنی و تعرف آبائی و تنظر مھیعی و مدعائی و تعرف اصلی و

مجھے اور میرے باپ دادوں کو خوب پہچانتی ہے اور میری راہ اور میرے مدعا کو دیکھ رہی ہے اور میرے اصل اور

منبعی ولا تجھل بیتی و مربعی و تعلم انا لسنا من المفسدین

سرچشمہ کو جانتی ہے اور میرے خاندان سے بے خبر نہیں اور جانتی ہے کہ ہم مفسدوں اور دشمنوں اور

المعادین ولا الباغین الطاغین۔ وما خرجت الآن من مغارۃ

باغیوں اور طاغیوں میں سے نہیں۔ اور میں ابھی کسی غار میں سے نہیں نکلا

۳۶ ص

لتکون الدولۃ من امری فی غرارۃ بل الدولۃ علی امثالنا من

تاکہ گورنمنٹ میرے معاملہ سے غافل ہو۔ بلکہ یہ گورنمنٹ ہمارے جیسے خیرخواہوں پر

المباھین۔ ومن توسم اقوالنا و استشف افعالنا فلا تخفی علیہ

ناز کرتی ہے۔ اور جو شخص ہماری باتوں کو بنظر غور سے دیکھے گا اور ہمارے افعال پر ایک عمیق نگاہ دوڑائیگا

اعمالنا و انا من الصادقین۔ والدولۃ تغوص الی اعماقنا ولیس

سو اسپر ہماری کارگذاریاں چھپی نہیں رہینگی اور ہم سچے ہیں۔ اور یہ گورنمنٹ ہمارے گہراؤ تک غوطہ مار رہی ہے اور

علیہا الخفاء۔ ولھا افکار عادیات لا تُواھقھا وجناء اذا ما ترکض

اسپر ہمارے امر پوشیدہ نہیں۔ اور اِس گورنمنٹ کی فکریں تیز دَوڑنیوالی ہیں کہ کوئی تیز اور مضبوط اُونٹنی انکا مقابلہ

آرائها فی ارض مقاصدها فتفری ادیم الارضین۔ وکل عقل
نہیں کرسکتی جس وقت گورنمنٹ اپنے رائوں کو مقاصد کی زمین میں دوڑاتی ہے تو وہ رائیں زمین کو کاٹتی ہوئی چلی
عندها الا عقل الدین۔ ونرجوان یفتح اللّٰہ علیها هذا الباب
جاتی ہیں اور ہر ایک عقل بجز دینی عقل کے اس گورنمنٹ کو حاصل ہے اور ہم اُمید رکھتے ہیں کہ
ایضًا کما فتح ابوابًا اُخرٰی واللّٰہ ارحم الراحمین ۵
یہ دروازہ بھی اُس پر کُھل جائے اور خدا ارحم الراحمین ہے۔
ولا یخفی علی هذه الدولة المبارکة انّا من خُدّامها و نُصحائها و
اور گورنمنٹ پر پوشیدہ نہیں کہ ہم قدیم سے اُس کی خدمت کرنے والے اور اُسکے ناصح اور
دواعی خیرها من قدیم وجئناها فی کل وقتٍ بقلب صمیم وکان
خیر خواہوں میں سے ہیں اور ہر ایک وقت پر دِلی عزم سے ہم حاضر ہوتے رہے ہیں اور
لابی عِندها زُلفٰی وخطاب التحسین ولنا لدی هذه الدولة ایدی الخدمة
میرا باپ گورنمنٹ کے نزدیک صاحب مرتبہ اور قابل تحسین تھا اور اس سرکار میں ہماری خدمات نمایاں ہیں
ولا نظن ان تنسها فی حین۔ وکان وَالدیَ المیرزا غلام مرتضٰی ابن
اور مَیں گمان نہیں کرتا کہ یہ گورنمنٹ کبھی ان خدمات کو بھلا دیگی۔ اور میرا والد میرزا غلام مرتضٰی ابن
میرزا عطا محمد القادیانی من نُصحاء الدولة وذوی الخلة وعندها
میرزا عطا محمدؐ رئیس قادیان اس گورنمنٹ کے خیر خواہوں اور مخلصوں میں سے تھا اور اُس کے
من ارباب القربة وکان یُصدّر علی تکرمة العزة وکانت الدولة تعرفه
نزدیک صاحب مرتبہ تھا اور صدر نشین بالین عزت سمجھا گیا تھا اور یہ گورنمنٹ اُس کو خوب
غایة المعرفة وما کُنّا قط من ذوی الظنة بل ثبت اخلاصنا فی
پہچانتی تھی اور ہم پر کبھی کوئی بدگمانی نہیں ہوئی بلکہ ہمارا اخلاص تمام
اعین الناس کلّهم وانکشف علی الحاکمین۔ ولتسطلع الدولة حکّامها
لوگوں کی نظروں میں ثابت ہوگیا اور حکام پر کُھل گیا۔ اور سرکار انگریزی اپنے ان حکّام سے

صفحہ ۲۷

الذین جاء ونا ولبثوا بیننا کیف عشنا امام اعینهم وکیف سبقنا
دریافت کر لیوے جو ہماری طرف آئے اور ہم میں رہے اور ہم نے انکی آنکھوں کے سامنے کیسی زندگی بسر کی

فی کل خدمة مَعَ السّابقین۔
اور کس طرح ہم ہر یک خدمت میں سبقت کرنیوالوں کے گروہ میں رہے۔

ولا حاجة الیٰ تفصیل هذه الحقائق فان الدولة البریطانیة
اور ان حقیقتوں کے مفصل بیان کرنے کی کچھ حاجت نہیں کیونکہ سرکار انگریزی ہمارے مراتب

مطلعة علی مراتب خلوصنا وشئون خدماتنا والاعانات التی
خلوص اور انواع خدمات پر اطلاع رکھتی ہے اور اُن اعانتوں کو جانتی ہے جو وقتاً فوقتاً ہم سے

کانت تریٰ منا وقتا بعد وقت وفی ایام فساد المفسدین۔ وتعلم
ظہور میں آئیں خاصکر دہلی کے مفسدہ کے وقت میں - اور اس گورنمنٹ

الدولة ان ابی کیف امدّها فی حین محاربات مشتدة الهبوب و
کو یہ معلوم ہے کہ میرے والد نے کیونکہ اُس کو ایسے وقت میں مدد دی کہ جب لڑائیوں کی ایک سخت

فتن مشتّطة اللهوب وانه آتا الدولة خمسین خیلا مع الفوارس
آندھی چل رہی تھی اور فتنے بھڑک رہے تھے اور حد سے تجاوز کر گئے تھے سو میرے والد نے اس مفسدہ

مددًا منه فی ایام المفسدة وسبق السابقین فی امدادات المال عند
کے دنوں میں پچاس گھوڑے معہ سوار اس گورنمنٹ کو امداد کے طور پر دیئے اور اپنی حیثیت کے لحاظ سے امداد

حلول الاهوال مع ایام العسر والاقلال وذهاب عهد الامارات
میں سب سے بڑھ گیا باوجودیکہ وہ زمانہ تنگی اور ناداری کا زمانہ تھا اور آبائی ریاست کا دور ختم ہو کر گردش کے

الآبائیة وانقلاب الاحوال فلینظر من کان له نظر صحیح او قلب امین۔
دن آ گئے تھے پس جو شخص ایک نظر صحیح اور دل امین رکھتا ہے اُس کو چاہیئے کہ سوچے ؟

ولم یزل کان ابی مشغوف الخدمات حتی شاخ وجاء وقت الوفات
اور میرا باپ اسی طرح خدمات میں مشغول رہا یہاں تک کہ پیرانہ سالی تک پہنچ گیا اور سفر آخرت

ووجب الارتحال ولو قصدنا ذكر خدماته لضاق بنا المجال وعجزنا

کا وقت آگیا اور اگر ہم اس کی تمام خدمات لکھنا چاہیں تو اس جگہ سمانہ سکیں اور ہم لکھنے سے

عن التدوين۔ فالملخص ان ابی لم یزل کان شائم برق الدولة وقائمًا

عاجز رہ جائیں۔ پس خلاصہ کلام یہ ہے کہ میرا باپ سرکار انگریزی کے مراحم کا ہمیشہ امیدوار رہا

عَلَى الخدمة عند الضرورة حتى اعزته الدولة بمكاتيب رضاءها وخصته

اور عندالضرورت خدمتیں بجالاتا رہا یہاں تک کہ سرکار انگریزی نے اپنی خوشنودی کی چٹھیات سے اُسکو معزّز

فى كل وقتٍ بعطاءها واسمحت له بمواساتها وتفضلت عليه بمراعاتها و

کیا اور ہر ایک وقت اپنے عطاؤں کے ساتھ اُسکو خاص فرمایا اور اُسکی غمخواری فرمائی اور اُسکی رعایت رکھی

۲۸ حسبته مِنْ دَوَاعي الخير ومن المخلصين۔ ثم اذا تُوُفِّيَ ابى فقام مقامه

اور اُسکو اپنے خیرخواہوں اور مخلصوں میں سے سمجھا۔ پھر جب میرا باپ وفات پاگیا تب ان خصلتوں میں

فى هذه السير اخى الميرزا غلام قادر وغمرته مواهب الدولة كما

اسکا قائم مقام میرا بھائی ہوا جسکا نام میرزا غلام قادر تھا اور سرکار انگریزی کی عنایات ایسی ہی اُس کے

غمرت والدى وتُوُفِّيَ اخي بعد ابى فى بضع سنين ثم بعد وفاتِهما

شامل حال ہوگئیں جیسی کہ میرے باپکے شامل حال تھیں اور میرا بھائی چند سال بعد اپنے والد کے فوت ہوگیا

قفوت اثرهما واقتديتُ سِيَرهما وذكرت عصرهما ولكني ما كنت

پھر ان دونوں کی وفات کے بعد میں اُنکے نقش قدم پر چلا اور اُنکی سیرتوں کی پیروی کی اور اُنکے زمانہ کو یاد کیا

ذاخصب ونعمة وسعة وثروة ولاذا املاك وارضين۔ بل تبتلت

لیکن میں صاحب مال اور صاحب املاک نہیں تھا۔ بلکہ میں اُنکی وفات کے

الى اللهِ بعد ارتحالهما ولحقت بقوم منقطعين۔ وجذبني ربي اليه

بعد اللہ جلّشانہ کیطرف جھک گیا اور اُنہیں جاملا جنہوں نے دنیا کا تعلق توڑ دیا۔ اور میرے رب نے اپنی طرف

واحسن مثواى واسبغ علىّ من نعماء الدّين۔ وقادني من تدنسات

مجھے کھینچ لیا اور مجھے نیک جگہ دی اور اپنی نعمتوں کو مجھ پر کامل کیا اور مجھے دنیا کی آلودگیوں اور مکروہات سے

الدنیا الیٰ حظیرۃ قدسہ و اعطانی ما اعطانی وجعلنی من الملھَمین
نکال کر اپنی مقدس جگہ میں لے آیا اور مجھے اُس نے دیا جو کچھ دیا اور مجھے ملھموں اور

المحدَّثین۔ فما کان عندی من مال الدنیا وخیلھا وافراسھا غیرانی
محدثوں میں سے کر دیا۔ سو میرے پاس دنیا کا مال اور دنیا کے گھوڑے اور دنیا کے سوار تو نہیں تھے بجز اسکے کہ

اُعطیتُ جیاد الاقلام و رُزِقتُ جواھر الکلام و اُعطیتُ من نور
عمدہ گھوڑے قلموں کے مجھکو عطا کئے گئے اور کلام کے جواہر مجھکو دیئے گئے اور وہ نور مجھ کو عطا ہوا جو مجھے

یؤمننی العثار ویبین لی الاٰثار فھٰذہ الدولۃ الالٰھیۃ السماویۃ
لغزش سے بچاتا اور راست روی کے آثار مجھ پر ظاہر کرتا ہے پس اس الٰہی اور آسمانی دولت نے مجھے

قد اغنتنی وجبرت عَیلتی و اضاءتنی ونورت لیلتی وادخلتنی
غنی کر دیا اور میرے افلاس کا تدارک کیا اور مجھے روشن کیا اور میری رات کو منور کر دیا اور مجھے منعموں

فی المنعَمین۔ فقصدت ان اعین الدولۃ البرطانیۃ بھذا المال وان لم
میں داخل کیا۔ سو مَیں نے چاہا کہ اس مال کے ساتھ گورنمنٹ برطانیہ کی مدد کروں اگرچہ

یکن لی من الدراھم والخیل والبغال وما کنت من المتمولین۔
میرے پاس روپیہ اور گھوڑے اور خچریں تو نہیں اور نہ میں مالدار ہوں۔

فقمت لامدادھا بقلمی و یدی وکان اللّٰہ فی مددی وعاھدت
سو میں اسکی مدد کے لئے اپنے قلم اور ہاتھ سے اُٹھا اور خدا میری مدد پر تھا اور مَیں نے اسی زمانہ سے

اللّٰہ تعالیٰ مُنذ ذٰلکَ العھد اَن لا اؤلف کتاباً مبسوطاً من بعد الا واذکر
خدا تعالیٰ سے یہ عہد کیا کہ کوئی مبسوط کتاب بغیر اسکے تالیف نہیں کرونگا جو اسمیں احسانات قیصرہ ہند کا ذکر

فیہ ذکر احسانات قیصرۃ الھند و ذکر منھا التی وجب شکرھا علی المسلمین
نہ ہو اور نیز اُسکے ان تمام احسانوں کا ذکر ہو جن کا شکر مسلمانوں پر واجب ہے۔

ومع ذٰلک کان فی خاطری اَن ادعوا القیصرۃ المکرمۃ الی الاسلام
اور باوجود اسکے میرے دل میں یہ بھی تھا کہ میں قیصرہ مکرمہ کو دعوت اسلام کروں

ص ۲۹

واهدیہا الی الرب الذی ھو خالق الانام فانہا احسنت الینا والیٰ
اور اس رب کی طرف اُسکو راہنمائی کردں جو درحقیقت مخلوقات کا رب ہے کیونکہ اس کا احسان ہم پر اور ہمارے
آبائنا وما کان جزاء الاحسان الا ان ندعو لہا فی الدنیا دعاء الخیر
باپ دادوں پر ہے اور احسان کا عوض بجز اسکے اور کچھ نہیں کہ ہم اس کی دُنیا کی خیر اور
والاقبال وفوز المرام ونسئل اللہ لعقباھا ان ترزق توحید الاسلام
اقبال کے لئے دُعا کریں اور اُسکے عقبیٰ کے لئے خداتعالیٰ سے یہ مانگیں کہ اسلامی توحید کی راہ اُسکے
وتنتہج سبل الحق وتومن بعظمۃ الملیک العلام وتعرف الرب الذی
نصیب کرے اور حق کی راہوں پر چلے اور اُس بادشاہ کی بزرگی کی قائل ہو جو غیب کی باتیں جانتا ہے اور اُس رب کو
احد صمد ما ولد وما ولد وتحظی نعماء ابد الآبدین۔
پہچانے جو اکیلا اور تمام مخلوق کا مرجع اور نہ مولود اور نہ والد ہے اور اسکو ابدی نعمتیں ملیں۔
فالفت کتباً وحررت فی کل کتاب ان الدولۃ البریطانیۃ محسنۃ
سو مَیں نے کئی کتابیں تالیف کیں اور ہریک کتاب میں مَیں نے لکھا کہ دولت برطانیہ مسلمانوں کی محسن ہے
الی مسلمی الھند وتنتجعہا ذراری المسلمین۔ فلا یجوز لاحد منہم ان
اور مسلمانوں کی اولاد کی ذریعہ معاش ہے۔ پس کسی کو ان میں سے جائز نہیں جو اس پر
یخرج علیہا ویسطو کالباغین العاصین۔ بل وجب علیہم شکر ھٰذہ
خروج کرے اور باغیوں کی طرح اُسپر حملہ آور ہو۔ بلکہ اُن پر اِس گورنمنٹ کا شکر واجب ہے اور
الدولۃ واطاعتہا فی المعروف فانہا تحمی دمائہم واموالہم وتحفظہم
اُس کی اطاعت ضروری ہے کیونکہ یہ گورنمنٹ مسلمانوں کے خونوں اور مالوں کی حمایت کرتی ہے اور
من سطوۃ کل ظالم وقد نجتنا من انواع الکروب وارتجاف القلوب
ہریک ظالم کے حملہ سے اُن کو بچاتی ہے اور درحقیقت ہمیں اُسی نے بیقراریوں اور دِل کے لرزوں
فان لم نشکر فکنا ظالمین۔ فالشکر واجب علینا دیناً ودیانۃً ومن
سے بچایا سو اگر شکر نہ کریں تو ظالم ٹھہرینگے۔ پس شکر ہم پر از روئے دین و دیانت کے واجب ہے اور جو شخص

۳۰ لایشکر الناس ما شکر اللہ و اللہ یحب المقسطین۔ و انا لن ننسی ایاماً
آدمیوں کا شکر نہیں کرتا اُس نے خدا کا بھی شکر نہیں کیا اور خدا اُنہیں کو دوست رکھتا ہے جو طریق انصاف پر چلتے ہیں اور
و ازمنة مضت علینا قبلها و اللہ ما کان لنا امن فیها الی دقیقتین
ہم اُن دنوں اور اُن زمانوں کو بھول نہیں گئے جو اِس گورنمنٹ سے پہلے ہم پر گذرے اور بخدا ہمیں اُن وقتوں میں
فضلا عن یوم او یومین و کنا نمسی و نصبح متخوفین۔
دو منٹ بھی امن نہیں تھا چہ جائیکہ ایک دن یا دو دن ہو اور ہم ڈرتے ڈرتے شام کرتے اور صبح کرتے تھے۔
فاشعت تلك الکتب المحتویة علی تلك المضامین فی کل دیار
سو میں نے اس مضمون کی کتابوں کو شائع کیا ہے اور تمام ملکوں اور تمام لوگوں میں انکو شہرت دی ہے اور ان
و فی الناس اجمعین۔ و ارسلتها الی دیار بعیدة من العرب والعجم
کتابوں کو یعنی دُور دُور کی ولایتوں میں بھیجا ہے جن میں سے عرب اور عجم اور
وغیرها لعل الطبائع الزائغة تکون مستقیمة بمواعظها ولعلها تکون
دوسرے ملک ہیں تاکہ کج طبیعتیں ان نصیحتوں سے براہ راست آجائیں اور تاکہ وہ طبیعتیں اس گورنمنٹ کا
صالحة لشکر الدولة وامتثالها وتقل غوائل المفسدین۔ ولعلهم
شکر کرنے اور اسکی فرمانبرداری کے لیے صلاحیت پیدا کریں اور مفسدوں کی بلائیں کم ہو جائیں۔ اور تاکہ
یعلمون ان هذه الدولة محسنة الیهم فیحبونها طائعین۔ هذا عملی و
وہ لوگ جانیں کہ یہ گورنمنٹ اُن کی محسن ہے اور محبت سے اس کی اطاعت کریں۔ یہ میرا کام اور
هذه خدمتی و اللہ یعلم نیتی وهو خیر المحاسبین۔ وما فعلت ذلك
یہ میری خدمت ہے اور خدا میری نیت کو جانتا ہے اور وہ سب سے بہتر محاسبہ کرنیوالا ہے۔ اور میں نے یہ کام
خوفا من هذه الدولة او طمعا فی انعامها و اکرامها ان فعلت الا للہ
گورنمنٹ سے ڈر کر نہیں کیا اور نہ اسکے کسی انعام کا اُمیدوار ہو کر کیا ہے بلکہ یہ کام محض للہ اور
و امتثالا لامر خاتم النبیین۔ فان نبینا و سیدنا و مولنا حبیب اللہ
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق کیا ہے۔ کیونکہ ہمارے نبی اور ہمارے سردار اور ہمارے مولانے جو خدا کا پیارا

و خلیله محمد ن المصطفیٰ صلعم قد امرنا ان نثنی علی المنعمین و نشکر

اور اُسکا دوست محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے ہمیں یہ حکم دیا ہے کہ ہم انکی تعریف کریں جنکے ہم نعمت پروردہ

المحسنین۔ فلاجل ذٰلك شکرتھا و نصرتھا ما استطعت و بثثت مِننھا

ہیں اور انکا ہم شکر کریں جن سے ہمیں نیکی پہنچی ہو۔ پس اسی وجہ سے میں نے اِس گورنمنٹ کا شکر کیا اور جہانتک بن پڑا اسکی مدد کی

و اشعتھا فی کل بلدۃ من ملکنا المعلوم الیٰ بلاد العرب والروم وحثثت

اور اسکے احسانوں کو ملک ہند سے بلاد عرب اور روم تک شائع کیا اور لوگوں کو اُٹھایا کہ

الناس علیٰ اِطاعتھا ومن کان فی شك فلیرجع الیٰ کتابی البراھین۔ و

تا اسکی فرمانبرداری کریں اور جس کو شک ہو وہ میری کتاب براہین احمدیہ کی طرف رجوع کرے۔ اور

۳۱ ان لم یکف لِشکه فلینظر کتابی التبلیغ و ان لم یطمئن فلیقرء کتابی

اگر وہ اُسکے شک کے دُور کرنیکے لئے کافی نہ ہو تو پھر میری کتاب تبلیغ کا مطالعہ کرے۔ اور اگر اُس سے بھی مطمئن نہ ہو تو پھر

الحمامة و ان بقی معذالك شك فلیفکر فی کتابی الشھادۃ ولیس حرام

میری کتاب حمامۃ البشریٰ کو پڑھے اور اگر پھر بھی کچھ شک رہجائے تو پھر میری کتاب شہادۃ القرآن میں غور کرے اور

علیه ان ینظر فی ھٰذہ الرسالة ایضًا لیفتح علیه کیف اعلنت بصوت

اُسپر حرام نہیں ہے جو اس رسالہ کو بھی دیکھے تاکہ اُسپر کھلجائے کہ مَیں نے کیونکر بلند آواز سے کہدیا ہے کہ اس

عالٍ فی منع الجھاد والخروج علیٰ ھذہ الدولة وتخطیة المجاھِدین۔

گورنمنٹ سے جہاد حرام ہے اور جو لوگ ایسا خیال رکھتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔

فلو کنت عدوًّا لھذہ الدولة لفعلتُ افعالًا خلاف ذٰلك وما

پس اگر مَیں اِس گورنمنٹ کا دشمن ہوتا تو میں ایسے کام کرتا جو میری اِس کارروائی کے مخالف ہوتے اور

ارسلت ھٰذہ الکتب وھذہ الاشتھارات الیٰ دیار العرب وبلاد اسلامیة

یہ کتابیں اور یہ اشتہار بلاد عرب اور تمام بلاد اسلامیہ کیطرف روانہ

وما قدمت قدمی لھٰذہ النصائح فانظروا یا اولی الابصار لِمَ فعلت

نہ کرتا اور ان نصیحتوں کے لئے آگے قدم نہ اُٹھاتا۔ پس اے آنکھوں والو! تم سوچو کہ میں نے یہ کام کیوں

هٰذه الافعال ولِمَ ارسلتُ هٰذه الكتب التى فيها منع شديد من الجهاد

کئے اور کیوں یہ کتابیں جن میں جہاد کی سخت ممانعت لکھی ہے

لهٰذه الدولة فى ديار العرب وفى غيرها من البلاد ءكنت ارجو انعاما

ملک عرب اور دوسرے اسلامی ملکوں میں بھیجیں کیا میں ان تحریروں سے ان لوگوں کے انعام

من سُكّان تلك البلاد اوكنت اعلم انهم يرضون عنى بسماع تِلك

کی اُمید رکھتا تھا یا میں یہ جانتا تھا کہ وہ ان باتوں سے مجھ سے خوش ہو جائیں گے اور دوستی

الكلمات ويزيدون فى الاخوة والاتحاد فان لم يكن لى غرض من

اور برادری میں ترقی کریں گے سو اگر ان غرضوں میں سے کوئی غرض

هٰذه الاغراض بل كانت النتيجة البديهة سخط القوم وغضبهم علىّ

نہیں تھی بلکہ کھلا کھلا نتیجہ قوم کی ناراضگی تھی اور اُن کی تیز زبانی کے

وطعنهم بالالسنة الحداد فبعده ايّ شئ حملنى على ذلك أكانت

ساتھ طعن تھے سو اس کے بعد کس غرض نے مجھ کو اس کام پر آمادہ کیا کیا میرے لئے

لنفسى فائدة اخرىٰ فى ارسال تلك الكتب الىٰ ديار ليست داخلة تحت

ان کتابوں کی ایسے ملکوں میں بھیجنے میں جو حکومت انگریزی میں داخل نہیں تھے

الحكومة البريطانية بل هى ممالك الاسلام ولهم خيالات دون ذٰلك

بلکہ وہ اسلامی ملک تھے اور اُنکے خیال بھی اور تھے کچھ اور فائدہ تھا

كما لا يخفى على الخواص والعوام فان كانت فائدة مخفية فليبين لِىْ

اور اگر کوئی فائدہ پوشیدہ تھا تو ایسا شخص جو میرے پر بدظن رکھتا اور اعتراض کرنیوالا ہے اِس فائدہ کو

۳۲

مَن كان من المرتابين والمعترضين علىّ إن كان من الصادقين حاشا

بیان کرے اگر وہ سچا ہے تو سمجھو کہ بجز اظہار حق کے کوئی فائدہ نہیں تھا

ما كانت فائدة من غير اظهار الحق بل انى سمعتُ ان اقوالى هذه قد احفظت

بلکہ مَیں نے سُنا ہے کہ یہ میری باتیں اور یہ تحریریں

بعض العلماء وكفروني كالجهلاء فما باليتهم بعد تفهم الحق وانكشاف
بعض علماء کے غضبناک ہونے کا موجب ہوئیں اور جہالت سے مجھے کافر ٹھہرایا سو میں نے حق کے سمجھنے کے بعد اور ہدایت
طريق الاهتداء ورأيت ان هذا هو الحق فبينتها ولو كان قومي كارهين۔
کا رستہ کھلنے کے پیچھے اُنکی کچھ بھی پروا نہ کی اور میں نے دیکھا کہ یہی حق ہے سو میں نے بیان کردیا اگرچہ میری قوم کراہت
فاذا ثبت خلوصي الى هذا المقدار وبرهنت عليه بقدر كاف لاولي الابصار
کرتی رہی۔ پس جبکہ میرا خلوص اس گورنمنٹ سے اسقدر ثابت ہوا اور میں نے اسقدر دلائل سے اسکو ثابت کردیا جو دانشمندوں
فمن يظن ظن السوء في امري بعد الا الذي خبث جرثته كالفجار وتدرّب
کیلئے کافی ہیں پس جو شخص اسکے بعد میرے پر بدگمانی کرے ایسا آدمی بجز ناپاک فطرت اور بجز ایسے شخص کے جسکی عادت میں
بالشرّ واللدغ والا برد سير الاشرار وترك سير الصالحين۔
نیش زنی اور شرارت داخل ہے اور کون ہو در حقیقت یہ اُسی کا کام ہے جو شرارت کو پسند کرتا اور نیکبختی کی راہ کو چھوڑتا ہے۔
وما كان تاليفي في العربية الا لمثل هذه الاغراض العظيمة ولم
اور میرا عربی کتابوں کا تالیف کرنا تو انہیں عظیم الشان غرضوں کیلئے تھا اور میری کتابیں عرب کے لوگوں کو
يخل تنتاب العربيين كتبي حتى رئيت فيهم آثار التاثير وجاءني
برابر پے در پے پہنچتی رہیں یہاں تک کہ میں نے ان میں تاثیر کے نشان پائے اور بعض
بعض منهم وراسلني بعض وبعضهم هجنوا وبعضهم صلحوا و
عرب میرے پاس آئے اور بعضوں نے خط وکتابت کی اور بعضوں نے بدگوئی کی اور بعض صلاحیت پر آگئے
وافقوا كالمسترشدين۔
اور موافق ہوگئے جیساکہ حق کے طالبوں کا کام ہے۔
واني صرفتُ زمانا طويلا في هذه الامدادات حتى مضت عليّ
اور میں نے ان امدادوں میں ایک زمانہ طویل صرف کیا ہے۔ یہاں تک کہ گیارہ برس
احدى عشر سنة في شغل الاشاعات وما كنت من القاصرين۔ فلي
انہی اشاعتوں میں گذر گئے اور میں نے کچھ کوتاہی نہیں کی۔ پس میں

ان ادعی التفرد فی ھذہ الخدمات ولی ان اقول اننی وحید فی ھذہ
یہ دعویٰ کرسکتا ہوں کہ میں ان خدمات میں یکتا ہوں اور میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ میں ان

التائیدات ولی ان اقول اننی حرز لھا وحصن حافظ من الآفات و
تائیدات میں یگانہ ہوں اور میں کہہ سکتا ہوں کہ میں اس گورنمنٹ کیلئے بطور ایک تعویذ کے ہوں اور بطور ایک پناہ

بشرنی ربی وقال ما کان اللہ لیعذبھم و انت فیھم فلیس للدولۃ نظیری
کے ہوں جو آفتوں سے بچاوے اور خدا نے مجھے بشارت دی اور کہا کہ خدا ایسا نہیں کہ انکو دُکھ پہنچاوے اور تو ان میں ہو۔ پس اس

ومثیلی فی نصری وعونی وستعلم الدولۃ ان کانت من المتوسّمین۔
گورنمنٹ کی خیر خواہی اور مدد میں کوئی دوسرا شخص میری نظیر اور مثیل نہیں اور عنقریب یہ گورنمنٹ جان لیگی اگر مردم شناسی کا اسمیں مادہ ہے۔

وَاَمَّا الَّذِین دخلوا فی الملّۃ النصرانیۃ تارکین دین الاسلام و
مگر وہ لوگ جو عیسائی دین میں داخل ہوئے اور دین اسلام اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چھوڑ دیا سو ہم اُن کو

باعِدِین عن ظل خیر الانام فما نجدھم قائمین لخدمۃ الدولۃ والمخلصین
ایسے نہیں دیکھتے کہ سرکار انگریزی کی کچھ خدمت کرتے ہوں یا مخلص ہوں بلکہ ہم تو دیکھتے ہیں کہ وہ

لھذہ الحضرۃ بل نجدھم مداھنین منافقین۔ وما دخلوا اکثرھم فی دینھم
مداہنہ اور نفاق سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ اور اکثر لوگ دین عیسائی میں محض اسی لئے داخل ہوئے ہیں تا اپنی

الا یستطبوا الوجع الجوع ولیفعموا کاس الولوع فسینتشرون ذات
درد گرسنگی کا علاج کریں اور اپنے حرص کے پیالوں کو لبالب بھر دیں سو کسی صبح یہ لوگ تتر بتر

بکرۃ اذا رءوا انھم اخرجوا من روض المرتوع ویعجبون النا س
ہو جائیں گے۔ جب دیکھیں گے چراگاہ سے نکالے گئے اور لوگوں کو اپنے جلد پھرنے

من وشک الرجوع ونحن نراھم منذ اعوام مناجین للاخفار کلثام ولا
سے تعجب میں ڈالیں گے اور ہم تو اُنکو کئی برسوں سے دیکھ رہے ہیں کہ وہ اپنا مذہبی قول و اقرار توڑنے کو تیار

نجد فیھم شیئا من الاوصاف الا عشق الصّعف والصحاف والجیفۃ
ہیں اور ہم اُن میں بجز اسکے کوئی خوبی نہیں پاتے کہ وہ شراب اور خوش مزہ کھانوں کے جو پیالوں میں بھرے ہوئے ہوں

كالخداف وما نجد هم الا مترفين - وسيعلم الدولة البريطانية كم منهم
عاشق ہیں اور دنیا کے مردار کے ایسے دوست ہیں جیسے کوّا اور ہم اُنکو جانتے ہیں کہ دنیاوی نعمتوں نے اُنکو بے راہ
من المخلصين الصادقين و والله انا نشاهد باعيننا ان اكثرهم قد خرجوا
کر دیا ہو اور عنقریب گورنمنٹ انگریزی جان لیگی کہ کس قدر اُن میں مخلص صادق ہیں۔ اور بخدا ہم اپنی آنکھوں سے
من الاسلام ودخلوا فى النصارىٰ من التكاليف النفسانية واثقال
مشاہدہ کر رہے ہیں کہ اکثر اُن میں سے محض تکالیف نفسانیہ اور قرض کے بوجھ
الدّين ولهب الاجوفين وكان المسلمون مطلعين على عرّهم وشرّهم
اور پیٹ اور عضو نہانی کی سوزشوں کی وجہ سے اسلام سے خارج اور نصاریٰ میں داخل ہوئے
فما بالوهم لاطلاعهم على سبب مفرهم فتوجهت هذه الطائفة الىٰ
اور مسلمان لوگ اُن کی حرص کی خارش اور اُنکی شرارتوں سے مطلع تھے پس اُنہوں نے کچھ پرواہ نہ کی سو یہ لوگ پادریوں کی
قسّيسين بما رءوا بصيص اقبالهم وزينة دنياهم وكثرة مالهم و
طرف متوجہ ہوئے کیونکہ اُنہوں نے اُنکے اقبال کی چمک دیکھی اور اُنکی زینت دنیا اور کثرت مال کا ملاحظہ کیا اور
معٰذلك وجدوهم غافلين من مقاصدهم كحمقى وحسبوا الاديار
باایں ہمہ اُنکو اپنے اصل مقاصد سے غافل پایا ایسا کہ جیسے احمق ہوتے ہیں اور انہوں نے گرجاؤں کو ایک
بقعة النوكى فتمايلوا عليها خادعين - وما كان لمسلمى ديارنا ان يربوا
بیوقوف لوگوں کا مکان سمجھ لیا سو وہ اُنکی طرف دھوکہ دینے کی نیت سے جھک پڑے اور ہمارے ملک کے مسلمان
تلك الكسالى ويكفلوهم فى ماكلهم ومشاربهم ولبوسهم و يتركوهم
ایسے سست اور کاہل لوگوں کی پرورش نہیں کر سکتے تھے اور یہ نہیں ہو سکتا تھا کہ اُنکے کھانے پینے اور پہننے کے مصارف
معذورين مستريحين كالحبالىٰ ويحملوا نفقاتهم علىٰ انفسهم ويتركوهم
اپنے ذمہ اُٹھالیں اور اُنکو حاملہ عورتوں کی طرح معذور سمجھ کر آرام کرنے دیں اور تمام خرچ اُنکے اپنے ذمہ کرلیں
لياكلوا ويتمتعوا فارغين - فان المسلمين قوم ضعفاء مُعْسرين - ولا
اور انکو صرف کھانے پینے کیلئے فارغ چھوڑ دیں۔ کیونکہ مسلمان ایک ناتوان اور تنگدست قوم ہے اور انکے مالوں میں مقدر

يفضل عنهم ما يصرفون الیٰ غيرهم فمن اين وكيف يفعمون وعاء
بچت نہیں ہوتی جو کسی دوسرے کو دیں پھر کہاں سے اور کیونکر نکلےّ لوگوں کے برتن بھر سکیں سو مرتد عیسائیوں

البطالين۔ فلما رءوا ان اهل الاسلام لا يحملون اثقالهم ولا يبالون
نے جب دیکھا کہ مسلمان اُن کے بوجھوں کو اُٹھا نہیں سکتے اور فقر و فاقہ کی پروا نہیں رکھتے تو

اقلالهم توجّهوا الیٰ قسّيسين مصطادين۔
شکار ڈھونڈھتے ہوئے پادریوں کی طرف دوڑے۔

فاجتمعوا فی الكنائس من داء الذئب والخوى المذيب طمعًا
سوگرجاؤں میں بھوک کی وجہ سے جو گلاتی جاتی تھی جمع ہوئے اور یہ سب کچھ

فی اموالهم وطموحًا الیٰ اقبالهم واخذوا يُسنّونهم باغلاظ الكلام
اُن کے مالوں کے لالچ اور اُنکے اقبال پر نظر دوڑانے سے ظہور میں آیا اور پھر اُنہوں نے شروع کیا کہ

فی شان خير الانام۔ ويُطرفون فی التوهينات واختراع الاعتراضات
آنحضرت خیر الانام کے حق میں سخت اور نئے نئے درشت کلمے استعمال کرکے پادریوں کو خوش کرتے اور نئی نئی

ليروهم انهم متنفرين من الاسلام وفی التنصر متشددين۔ وليحصل
قسم کی اہانتیں اور اختراع اور اعتراض اُنکے لئے بناتے تاکہ اُنکو دکھلادیں کہ وہ اسلام سے متنفر اور عیسائی مذہب میں

لهم قربتهم بوسيلتها وليقضوا اوطارهم بتوسطها ويكونوا فی اعينهم
بڑے پکے ہیں۔ اور تاکہ ان بے ادبی کی باتوں سے اُنکے خاص مصاحب بنجائیں اور انکے توسط سے اپنی حاجتیں پوری کریں اور

صالحين متنصّلين وكذلك صابت سهامهم وحصل مرامهم فترى
اُنکی آنکھوں میں پرہیزگار اور صالح دکھائی دیں اسی طرح ان مرتدوں کے تیر نشانوں پر لگے اور اُنکی مرادیں بر آئیں پس

كيف اصطادوا اكابرهم ونهبوا اموالهم واختلوا جهالهم فاحبوهم
تُو دیکھتا ہو کہ کیونکر اُنہوں نے اپنے بڑوں کو شکار کیا اور کیونکر اُنکے جاہلوں کو دھوکے دیئے سو وہ اُن سے پیار کرنے لگے

واحسنوا اليهم كانهم فوج المتقين۔ وفرضوا لهم فی صدقاتهم حصّةً
اور اُن پر احسان کئے گویا یہ ایک پرہیزگاروں کی فوج ہو۔ اور اُن کیلئے اپنے خیراتی مالوں میں حصّے ٹھہرا دیئے۔

ص ۳۵

وجعلوا لهم وظائف فيأخذ كل احد منها ويأكلها بطالا ضجعة نومة

اور وظیفے مقرر کر دیئے پس ہر ایک کرشتان اُن میں سے لیتا ہے اور محض نکما لیٹے سوتے اس مال کو کھاتا ہے

وترى هم كيف يتبخترون بالارتداد كتبختر المطلق من الاسار ويهتزون

اور تو دیکھتا ہے کہ کیونکر مرتد ہونے کی حالت میں وہ لٹکتے پھرتے ہیں جیسے قیدی قید چھوڑ کر لٹکتا ہوا چلتا ہے اور

هزة الموسر بعد الاعسار ويتلفون اموال الناس متنعمين۔ فليت

ایسی خوشی کر رہے ہیں جیسے وہ شخص خوش ہوتا ہے جو تنگی کے بعد فراخی دیکھتا ہے اور لوگوں کا مال عیاشی میں اُڑا رہے ہیں

شعرى لو بُنِيَتْ من هذه الاموال التى تسكب كالماء فى تنعمات

کاش اس مال سے جو ناپاک دلوں کی عیاشی کے لئے پانی کی طرح بہایا جاتا ہے کوئی پُل دریا کے عبور

السفهاء جسرٌ للعابرين اوخان للمسافرين لكان خيرًا واولىٰ و

کرنیوالوں کے لئے بنایا جاتا یا مسافروں کیلئے کوئی سرا تیار کی جاتی تو بہت ہی مناسب اور بہتر

انفع الناس من ان يُبْذل علىٰ هذه الطائفة مظاهر الخناس التى اتلفت

اور خلق اللہ کے نفع کا موجب تھا بہ نسبت اسکے کہ اس طائفہ شیطان کے اوتار پر یہ مال خرچ ہوتا ایسا طائفہ

نفائس اموال الناس فى الخضم والقضم وما مسّهم فكر الدنيا ولا فكر

جس نے کھانے چبانے میں لوگوں کے نفیس اور عمدہ مالوں کو ناحق کھو دیا اور اُنکو دنیا اور آخرت کا فکر چھو

الآخرة وما اخرجهم من الاسلام الا اسباب معدودة واكبرها كثرة

بھی نہیں گیا اور اُنکے دین اسلام سے مرتد ہونے کا بڑا باعث کثرت حمق

الحمق وقلة التدبر ثم معذلك سبب ارتداد الاكثر منهم اضطرام

اور قلّت تدبر ہے اور پھر باوجود اسکے اُن میں اکثر مُرتد ہونے کا سبب بھوک کی آگ کا بھڑک

الاحشاء والاضطرار الى العشاء وشبع مطائب الطعام وحرص كاس

اُٹھنا ہے اور رات کی روٹی کیلئے بیقرار ہونا اور اچھے اچھے کھانوں کا لالچ اور شراب کی حرص

المدام والرغبة فى الغيد والشوق الى الاغاريد والميل الى مغادات

اور نازک اندام عورتوں کی رغبت اور سرود کے شوق اور لطیف بدن عورتوں کو دیکھنے کے لئے صبح کو

الغادات ومقانات القينات وغيرها من الهنات فسقطوا الاجل
جانا اور گانے بجانے والی عورتوں سے میل ملاپ رکھنا اور ایسا ہی اور بُری خصلتیں پس وہ اسی سبب سے لالچ سے بھرے

ذلك على الدنيا بالقلب الشحيح كالذباب على المخاط والقيح وكانوا من
ہوئے دل کے ساتھ دُنیا پر گرے جیسے مکھی پیپ اور رینٹھ پر گرتی ہے اور عاقبت سے

۳۶

العقبیٰ غافلین۔ مابقی لهم شغل من غیر شرب الصهباء واسبال
بالکل غافل رہے۔ اور اُنکو بجز اسکے اور کوئی شغل نہیں رہا کہ شراب پیویں اور ناز نخرے کے ساتھ

ثیاب الخیلاء واکل الخبز السمیذ وملاء قرب البطون بكاس النبیذ
لٹکتے ہوئے کپڑے پہنیں اور میدے کی روٹی کھاویں اور پیٹ کی مُشک کو شراب کے پیالوں کے ساتھ بھریں

وتوهین المقدسین۔ اری المدام سکنهم والغبوق خدینهم والبطن
اور پاک لوگوں کی توہین کرتے رہیں۔ مَیں دیکھتا ہوں کہ دوست آرام وہ اُن کا خمر ہے اور آدھی رات کی شراب اُن کا

دینهم ونسوا عظمة الله مجترئین۔
دلی اور اندرونی یار ہے اور پیٹ اُنکا دین ہے اور انہوں نے خدا تعالیٰ کی عظمتوں کو دلیری سے بھلا دیا ہے۔

لا تتحامی السنتهم من الزور والدجل والمین۔ ولا یتقون درن
ان کی زبانیں جھوٹ اور دجالیت اور دروغگوئی سے پرہیز نہیں کرتیں۔ اور نہ دروغگوئی کی میل سے

الکذب والشین هٰذه اعمالهم ثم یسبّون المعصومین۔ نسوا الاٰخرة
بچنا چاہتے ہیں یہ اُن کے عمل ہیں پھر معصوموں کو گالیاں نکالتے ہیں۔ آخرت کو بھلا دیا

وفرغوا من همّها بما غرّهم الکفّارة وغلبت علیهم النفس الامّارة یاکلون
اور کفارہ کے دھوکہ سے معاد کی فکر سے فارغ ہو بیٹھے اور نفس امارہ اُن پر غالب آگیا جو چاہتے ہیں کھاتے ہیں

مایشاءون ویقولون مایریدون لا یعرفون اوصاف الانصاف و
اور جو دل میں آتا ہے بول اُٹھتے ہیں انصاف کی صفتوں سے ناشناسا اور

یرتضعون اخلاف الخلاف وما حملهم علیٰ ذٰلك الا النفس التی کانت
مخالفت کی چھاتیوں کا دُودھ پی رہے ہیں اور اس مخالفت پر کسی اور بات نے اُن کو آمادہ نہیں کیا بجز اُنکے نفس کے

خلیع الرسن مدید الوسن فمالوا عن الحق الی الباطل وترکوا اصحاب
جو کھلی رسّی والا اور دراز خواب والا ہے سو وہ حق کو چھوڑ کر باطل کیطرف جھک گئے اور داہنے ہاتھ کیطرف والوں
الیمین۔ لم لا ینہاھم اکابرھم عن المنکرات ولم لا یمنعونہم من نقل
کو چھوڑ دیا۔ اُن کے اکابر کیوں اُن کو بُری باتوں سے منع نہیں کرتے اور کیوں گناہوں کی طرف قدم اُٹھانے سے منع
الخُطواتِ الیٰ خطط الخطیّات ولِمَ یترکونہم فارغین۔ فعندی من
نہیں فرماتے اور کیوں اُن کو فارغ بٹھا رکھا ہے۔ سو میرے نزدیک واجبات
الواجبات اَنْ نُکْتَبَ علیہم خدمات تناسب قوم کل احد و حرفۃ
سے ہے کہ کچھ ایسی خدمات اُن پر مقرر کی جائیں جو قوم اور پیشہ کے لحاظ سے اُن کے مناسب حال ہوں
کل احد فلیُعط للنجار فاسًا و للطارق النافِش منجاجًا فاسًا و للحجام
پس چاہیئے کہ نجار کو تو تیشہ دیا جائے اور دُھنئے کے لئے ایک مضبوط دھنکی (پنجن) اور نائی کو
مشرا طًا و مُوسٰی للعصّار معصرۃ عظمٰی لکی یشتغل کل احد منہم بما ھو
نشتر اور اُسترا اور تیلی کو ایک بڑا سا کولھو سپُرد ہو تاکہ ہر یک شخص اُن میں سے اس کام میں مشغول ہو جائے جس کا
اھلہ ویمتنع مَن کل فضولٍ ولغوٍ و تاثیم ولکی یستریح الخلق من
وہ اہل ہے اور تاکہ اس انتظام سے ہر ایک اُن میں سے فضول گوئی اور بیہودہ اور گناہ کی باتوں سے رک جائے تاکہ
شرھم و عباد اللہ من اذاھم وفی ذٰلک نفع عظیم لاکابرھم المغبونین۔
خلق اللہ اور خدا تعالیٰ کے بندوں کو انکی شرارت اور ایذا سے راحت حاصل ہو اور اس انتظام میں انکے اکابر کو جو زیاں رسیدہ ہیں بہت ہی

واَمّا ھٰذا الرجل الذی صال علیّ فما صال الا لحاجۃٍ الجائیۃ
اور یہ آدمی جس نے مجھ پر حملہ کیا سو اُس نے صرف اُس اضطرار کیوجہ سے حملہ کیا ہے جو اُس کو پیش آئے
الیٰ ذٰلک وھو انہ عجز عن جواب سوالاتٍ قد اوردناھا علیہ وعلیٰ
اور وہ یہ ہے کہ وہ ان سوالات کے جواب دینے سے عاجز ہوگیا جو ہم نے ایک مباحثہ میں جو اُن میں اور ہم میں
رفقائہ فی مباحثۃٍ کانت بیننا و بینہم وتبیّن انّہم علی الباطل و
تھا اُسپر اور اُسکے رفیقوں پر کئے تھے اور کھل گیا کہ وہ لوگ باطل اور

فی ضلالٍ مبین۔ فتندم غایۃ التندم و اضطر کمذبوح و اعتاص الامر

کھلی کھلی گمراہی میں ہیں۔ پس یہ شخص نہایت ہی شرمندہ ہوا اور ایسا بیقرار ہوا جیسا کہ کوئی ذبح کیا جاتا ہے اور

علیہ فما رای طریقاً یُرضی بہ قومہ الا طریق البہتانات فاختارہ

اُس پر کام مشکل ہو گیا پس اُسکو کوئی ایسا رستہ نہ مل سکا جس سے وہ اپنی قوم کو راضی کر سکتا مگر ایک بہتان کا طریق کھلا تھا سو اُسکو

لیستر عوارہ بتلک المفتریات فاشرب فی قلبہ ان یستمد بوشاءۃ

اُس نے اختیار کر لیا تا وہ اپنی مفتریات سے اپنی پردہ پوشی کرے سو اُسکے دل میں یہ خیال رچ گیا در دمغ آراستہ

من اہل الحکومۃ و الولایۃ و یریش بکلمات الشر نبل السعایۃ لعلّہم

کہ سرکار انگریزی کے حکام اور اہل حکومت سے بذریعہ اپنی جھوٹی مخبری کے اس کام میں مدد لیوے اور اپنی سخن چینی کے تیر سے شرارت

یصلبوننی او یقتلوننی و یعلو امر قوم متنصرین۔ فمنشأ تحریراتہ

کی باتوں کو پر لگاوے تا کہ حکام مجھ کو پھانسی دیدیں یا قتل کر دیں اور اس طرح سے یہ کرشان لوگ غالب آجائیں۔ سو اصل موجب ان تحریرات

ھٰذہ الخطوات المنسوجات لا غیرہا وما اختار ھذا الا لعدم علمہ بما آتم

کا یہ دلی منصوبے ہیں اور کوئی سبب نہیں اور اس نے اس راہ کو محض اس سبب سے اختیار کیا ہے کہ اسکو معلوم نہیں کہ اس گورنمنٹ

الدولۃ علینا و حقوق مخزونۃٍ لدیہا و لدینا وقد تہادینا بامور تزید الوفاق

کی کیسی مہربانیاں ہم پر ہیں اور کیسے باہمی حق اُنکے پاس اور ہمارے پاس ہیں اور ہم نے ایسے امور کو ایکدوسرے کو بطور ہدیہ دیئے

و تخرج من القلوب النفاق فلیس علیٰ سمائنا الغمام لیعزوہ الیٰ ظلام

ہیں جو موافقت کو زیادہ کرتے ہیں اور تعلق کو دور کرتے ہیں سو ہمارے آسمان پر کوئی بادل نہیں تا کوئی نکتہ چین اُسکو

النمام و لیس فی کنانتنا مرماۃ واحدۃ لنخاف المناضلین۔ وما رئی ھٰذا

اندھیرے کیطرف منسوب کرے اور ہمارے ترکش میں صرف ایک ہی تیر نہیں تا ہم مخالف تیر اندازوں سے ڈریں۔ اور اس غطلیہ غبی نے

المتجنّی الغبی ان الدولۃ البرطانیۃ فہیمۃ مدبرۃ تعرف کل کلمۃ وما

یہ بھی نہ سوچا کہ سرکار انگریزی ایک فہیم اور مدبر گورنمنٹ ہے ایسی کہ ہر یک کلمہ کو اور جو کچھ اسکے

تحتہا و تفہم کل افتراء و اہلہ ولا تتبع رای کل قتّات ضنین۔ فما کان

نیچے ہے پہچان لیتی ہے اور ہر یک افترا اور اسکے اہل کو سمجھ جاتی ہے اور ہر یک نکتہ چین بخیل کی رائے کے پیچھے نہیں لگ جاتی پس

۳۸

لاحد ان يدلى بغرورهذه الدولة او يخدعها فانها تعرف الخائن
کوئی شخص اس گورنمنٹ کو دھوکا اور فریب نہیں دے سکتا کیونکہ وہ خیانت پیشہ نکتہ چین کو اور ایسے کو جو دخل
القتات والدخل الكاذب المفتات ولا تشتعل كالمخدوعين۔ بل تهجم
بیجا دینے والا جھوٹا اور جھوٹی مخبری کرنیوالا ہو خوب پہچانتی ہے۔ اور دھوکا کھانیوالوں کی
عقابها على المفترين۔ وتحملق الى الذين يسطون على الضعفاء ولا
طرح نہیں بھڑکتی بلکہ اسکی عقوبت مفتری کو یکدفعہ پکڑ لیتی ہے اور اُنکی نظر عتاب اُنکی طرف متوجہ ہوتی ہے جو ضعیفوں پر
يتركن سير الظالمين۔ فالحجّة التى تبرءنا من وشاية هذا الرجل و
حملہ کرتے ہیں اور ظالموں کی خصلت کو نہیں چھوڑتی۔ پس وہ حجت جو اس شخص کی مخالفانہ مخبری ہم کو بری کرتی اور اس کی
تنقذنا من ابرامه وتبعد عليه نيل مرامه فهو ما ذكرنا آنفا والله
مضبوطی فریب سے ہم کو نجات دیتی ہے اور اسکو اپنے مقصود سے ناکام رکھتی ہے سو وہی دلائل بریت ہیں جو ہم ابھی لکھ چکے ہیں
يعلم انا نحن براء من هذه البهتانات بل نحن مستحقون ان تسبغ
اور خدا تعالیٰ جانتا ہے جو ہم ان بیجا الزاموں سے بری ہیں بلکہ اِس بات کے مستحق ہیں جو سرکار
الدولة علينا من اعظم العطيات وتجري جزاءً بمزاياها وتعيننا
انگریزی اپنے کامل انعام سے ہم کو متمتع فرماوے اور ہمارے نیک کام کی جزا بڑھ کر دیوے اور ضرورتوں
عند الضرورات وتحسبنا من المحسنين۔ هذا هو الامر الذى ليس
کے وقت ہماری مدد کرے اور ہمیں اپنے احسان کرنیوالوں میں سے خیال کرے۔ یہ وہ بات ہے جسمیں ایک ذرہ کے برابر
فيه تفاوت مثقال ذرّة ويعلمه العالمون ولكن ليس عندنا علاج الواشى
فرق نہیں اور جاننے والے اُس کو جانتے ہیں مگر ہمارے پاس ایسے شخص کا علاج نہیں جو نکتہ چین بے حیا
الوقيح والزمع المضيع وقد قلنا كلما هو مدحرة الكاذبين۔
اور سفلہ اور عیب ڈھونڈھنے والا ہو اور ہم وہ سب باتیں کہہ چکے ہیں جن میں اُن جھوٹوں کا رد ہے۔

وَاَمَّا ثناء هذا الرجل على الشيخ البطالوى اعنى صاحب جريدة الاشاعة
اور جو اس شخص نے شیخ بٹالوی کی تعریف لکھی ہے یعنے محمد حسین صاحب رسالہ اشاعۃ السنۃ کی

محمد حسین وقوله انه نعم الرجل ویستحق التحسین۔ فما نفهم سرّ
اور کہا کہ یہ شخص اچھا آدمی اور قابل تحسین ہے۔ سو ہم اس بات کا بھید

هذا الامر نتعجب غایة التعجب کیف اثنی علیه الرجل الذی یسبّ
نہیں سمجھتے اور ہم نہایت متعجب ہیں کہ کس طرح محمد حسین کی ایسے شخص نے تعریف کی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

رسول الله صلی الله علیه وسلّم ولا یرضی عن مومن الذی یحب رسول الله
گالیاں دیتا ہے اور کسی ایسے مومن سے راضی نہیں جو محب رسول اللہ ہو

ویشتم نبینا وسیّدنا صلی الله علیه وسلم بکلمات ترتجف منها قلوب
اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے کلموں کے ساتھ گالیاں نکالتا ہے جس سے مسلمانوں کے دل کانپ

ص ۳۹

المسلمین وما ننکر هذا الثناء لعل البطالوی یکون عند المتنصّرین هکذا
جاتے ہیں اور ہم تعریف سے انکار نہیں کرتے شاید شیخ بٹالوی کرشتانوں کی نظر میں ایسا ہی ہو اور شاید وہ

ولعله نطق بکلمةٍ سرّت اعداء رسول الله ولکنا ما نری ان نتکلم
کوئی ایسا کلمہ بول اٹھا ہے جو دشمنان رسول صلے اللہ علیہ وسلم کو اچھا معلوم ہو لیکن ہم مناسب

فی هذا ولا نطول الکلام فیه وکل احد یوخذ بقوله والله یریٰ
نہیں دیکھتے جو اس بارے میں کلام کریں اور اس امر میں ہم کلام کو طول دینا نہیں چاہتے اور ہر یک اپنے قول سے

عباده الصالحین والطالحین۔
پکڑا جائیگا اور خدا تعالیٰ نیک بختوں اور بدبختوں کو دیکھ رہا ہے۔

واما قول هذا الواشی وزعمه کانی ارید ملکوتا فی الارض او امارة
اور اس نکتہ چین کا یہ قول اور یہ گمان کہ گویا میں دنیا کی بادشاہت چاہتا ہوں یا اپنی قوم میں امیر بننے

فی القوم فان هی الا افتراءٌ مبین۔ ونشهد کل من یسمع انا لسنا طالبی
کی مجھے خواہش ہے سو یہ باتیں کھلا کھلا افترا ہے۔ اور ہم ہر ایک کو جو سننے والا ہو گواہ کرتے ہیں جو ہم دنیا

ملکوت الارض ولا نرید امارة هذه الدنیا وزینتها الفانیة ان نرید الا
کی بادشاہت کے طالب نہیں اور نہ ہم دنیا کی امیری کو چاہتے ہیں اور نہ ہم اس دار فانی کی زینت کے خواہشمند ہیں ہم صرف

ملکوت السماء التی لا تنفد ولا تفنی ولا تنقضی بالموت ولا نطلب قهر

اس آسمانی بادشاہت کو چاہتے ہیں جس کا انجام نہیں اور نہ کبھی وہ زوال پذیر ہے اور نہ مرنے سے دُور ہو سکتی ہے

الناس بالحکومۃ والسیاسۃ والقضاء بل نطلب عزیمۃ قاهرۃ الاهواء

اور ہم نہیں چاہتے کہ حکومت اور سیاست اور فرمانروائی کے ساتھ لوگوں کو مغلوب کریں بلکہ ہم ایسے عزم کے طالب ہیں

فی الرّضاء المولیٰ الذی هو احکم الحاکمین ولیس اصولنا اشاعۃ

جو رضائے مولیٰ احکم الحاکمین کے لئے نفسانی جذبات پہ غالب ہو اور ہمارا یہ اصول نہیں کہ ہم فساد اور

الفساد والطلاح والتبار بل ندعوا الی الصلح والصلاح وطریق

بدبختی اور ہلاکت کی راہوں کی اشاعت کریں بلکہ ہم اُن لوگوں کو صلح اور نیکی اور نکوکاروں کے طریق کی طرف

الابرار ونرید ان یتوب الخلق توبۃ الاخیار واعظم مدعانا ان یطلب

بلاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ لوگ ایسی توبہ کریں جس طرح نیک لوگ توبہ کرتے ہیں اور ہمارا بڑا مدعا یہی ہے کہ

الناس حقیقۃ الایمان ویرغبوا الیٰ فهم دقائق العرفان ویکثر التراحم والتحنن

لوگ ایمان کی حقیقت کو ڈھونڈیں اور دقائق عرفان کی طرف رغبت کریں اور باہم رحم اور مہربانی اُن میں

فیهم وینتهوا من السیئات وانواع الهنات فنجتهد لتحصیل هٰذا

بہت زیادہ ہو جائے اور بدیوں اور بدکاریوں سے رُک جائیں سو ہم ایسے مقصد کے حاصل کرنے کے لئے

المقصد بالمواعظ الحسنۃ والدعاء والنظر والهمّۃ هذه اصولنا فمن

مواعظ حسنہ اور دُعا اور نظر اور ہمت کے ساتھ کوشش کر رہے ہیں یہ ہمارا اصول ہے پس

عزا الینا خلاف ذٰلك فقد افترٰی علینا وما اقامنا علٰی هذا الا الربّ

جو شخص اسکے برخلاف ہماری طرف کوئی بات منسوب کرے سو اس نے ہم پر افترا کیا اور ہمیں اس بات پر صرف اللہ تعالیٰ

الّذی یرسل نوره عند غلبۃ الظلام ویبدی دواءً عند کثرۃ السقام

نے قائم کیا ہے وہ خدا جو اندھیرے کے وقت اپنا نور بھیجتا ہے اور بیماری کی کثرت کے وقت دوا ظاہر کرتا ہے

وینجی عباده المضطرین۔ ولا شك ان الفتن قد کثرت فی الارض و

اور اپنے بندوں کو بیقراری کی حالت میں بچاتا ہے اور کچھ شک نہیں کہ فتنے زمین پر بہت بڑھ گئے ہیں اور

صعدت الادخنة الى السماء وهبّت رياح مفسدة مبيدة من

بہت سے دُخان آسمان کی طرف چڑھے ہیں اور بگاڑنے والی اور ہلاک کرنے والی ہوائیں ہریک طرف اور

كل طرفٍ الى اقصى الارجاء ولو فصلنا هذه الفتن كلها لاحتجنا

ہریک ناحیہ سے چل رہی ہیں اگر ہم ان تمام فتنوں کی تفصیل کرنا چاہیں تو ہمیں کئی کتابیں لکھنے کی طرف حاجت

الى المجلدات وابكينا كثيرا من الباكين والباكيات وزلزلنا اقدام

پڑے گی اور ہم کئی مردوں اور عورتوں کو رلائیں گے اور سُننے والوں کے قدم ہلائیں گے۔

السامعين۔ وانتم تعلمون ان لكل داءٍ دواءً ولكل ظلام ضياءً

اور آپ جانتے ہیں کہ ہرایک بیماری کی ایک دوا اور ہریک اندھیرے کے واسطے روشنی

فاراد ربي ان ينير الدنيا بعد ظلماتها والله يفعل ما يشاء انتم

ہے سو میرے پروردگار نے ارادہ کیا کہ دُنیا کو اندھیرے کے بعد روشن کرے کیا اے عقلمندو! تمہیں اس سے

تنكرونه يا معشر العاقلين۔ ومع ذلك لسنا نميس كالامراء بل

کچھ انکار ہے۔ اور باوجود اسکے ہم امیروں کی طرح ناز سے نہیں چلتے بلکہ

نحن نمشي في الطمر كالفقراء ولا نجر ثوب الخيلاء ونشكر القيصرة

ہم فقیروں کی طرح پھٹے پورانے کپڑوں میں چلتے ہیں اور رعونت کے کپڑے ہم لٹکانا

وحكامها على ما احسنوا الينا في ايام الضراء وندعو لها صدقا و

نہیں چاہتے اور قیصرہ اور اُسکے حکّام کا اُن کے اِن احسانوں کی وجہ سے شکر کرتے ہیں جو سختی کے زمانوں میں ہمنے

حقا ونرسل اليها هدية الدعاء وندعوها بقول لين الى الاسلام

دیکھے ہیں اور قیصرہ کیلئے ہم صدق دل سے دعا کرتے ہیں اور دُعا کا ہدیہ اُسکو بھیجتے ہیں مگر یہ بات ہے کہ ہم اُسکے مذہب پر

لتدخل في نعماء ابد الآبدين بيد اننا لا نرضى بمذهبها ونحسب

راضی نہیں ہیں اور ہم جانتے ہیں کہ وہ خطاکاروں اور گمراہوں کا مذہب ہے اور ہم ادب اور نرمی سے اُسکو اسلام کی

انها من الخاطئين الضالين واعجبنا انها مع كمال حزمها ولطافة

طرف بلاتے ہیں تاکہ وہ ہمیشہ کی نعمتوں میں داخل ہو جائے اور ہمیں تعجب ہے کہ ملکہ مکرمہ باوجود اسقدر ہوشیاری کے اور لطافت

فہمہا فی امور الدنیا تعبد عبداً عاجزاً و تحسبه ربّ العٰلمین۔ سُبحانه
فہم کے جو اُسکو اُمور دُنیا میں حاصل ہے ایک عاجز بندہ کی پرستش کرے اور اسکو اپنا ربّ سمجھے حالانکہ وہ حقیقی معبود

۲۱
لاشریك له و ان شاء لخلق الوفا مثل عیسٰی او اکبر و افضل منه و
اور پاک ہے اور اُس کا کوئی شریک نہیں اگر چاہے تو ہزاروں عیسٰے بلکہ اُس سے افضل اور اعلیٰ پیدا کردے اور پیدا کرسکتا

یخلق و من یعلم اسراره فتوبوا و اتقوا ان تجعلوا له شرکاء و اتوه
ہے اور اُسکے بھیدوں کو کون جانتا ہے پس ان باتوں سو توبہ کرو کہ اُس کا کوئی شریک ٹھہراؤ اور اُسکے فرمانبردار

مُسلمین۔ وکیف نظن ان عیسٰی هو الله وما قرءنا فلسفة یثبت منہا
بدل بنجاؤ۔ اور کس طرح ہم گمان کریں کہ عیسٰی ہی خدا ہے اور ہم نے تو کوئی ایسا فلسفہ نہیں پڑھا جس سے یہ

ان رجلا کان یاکل و یشرب و یبول و یتغوط و ینام و یمرض ولا یعلم
ثابت ہو کہ ایک آدمی کھاتا پیتا بول کرتا پاخانے جاتا سوتا بیمار ہوتا اور علم غیب سے بے بہرہ

الغیب ولا یقدر علٰی دفع الاعداء و دعا لنفسه عند مصیبة مبتہلاً
دشمنوں کو دفع کرنے سے عاجز ہو اور مصیبت کے وقت شام سے صبح تک دعا کرے

متضرعاً من اول اللیل الٰی آخره فما اجیبت دعوته وماشاء الله
وہ دُعا بھی قبول نہ ہو اور خدا تعالیٰ نہ چاہے کہ اپنے ارادہ کو

ان یوافق ارادته بارادته وقاده الشیطان الٰی جبل فاتبعه فما
اُس کے ارادہ سے متحد کرے اور شیطان اُس کو ایک پہاڑ کی طرف کھینچ لے جائے اور وہ اُسکو

استطاع ان یفارقه ومات قائلاً ایلی ایلی لما سبقتنی ومعذلك
روک نہ سکے اور اُسکے پیچھے چلا جائے اور یہ بات کہتا کہتا مرگیا ہو کہ اے میرے خدا اے میرے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا اور

اِلٰہٌ و ابن اله سُبحانه ان هذا الّا بُہتان مُبین۔
باوجود ان سب نقصانوں کے خدا بھی ہو اور خدا کا بیٹا بھی۔ اللہ جلّشانہٗ ان عیبوں سے پاک ہے اور یہ صریح بہتان ہے۔

وانی رئیتُ عیسٰی علیه السلام مراراً فی المنام ومراراً فی الحالة
اور مَیں نے بارہا عیسٰی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا اور بارہا کشفی حالت میں ملاقات ہوئی اور ایک ہی

الكشفية وقد أكل معى علىٰ مائدةٍ واحدةٍ ورئيته مرّة واستفسرته
خوان میں میرے ساتھ اُس نے کھایا اور ایک دفعہ میں نے اُسکو دیکھا اور اُس فتنہ کے بارے میں پوچھا جس میں اُسکی قوم مبتلا

ممّا وقع قومه فيه فاستوىٰ عليه الدهش وذكر عظمة الله و
ہو گئی ہے پس اُسپر دہشت غالب ہو گئی اور خدا تعالیٰ کی عظمت کا اُس نے ذکر کیا اور

طفق يسبّح ويقدّس واشار الى الارض وقال انّما انا ترابىّ و برئٌ
اُس کی تسبیح اور تقدیس میں لگ گیا اور زمین کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ میں تو صرف خاکی ہوں اور ان تہمتوں سے

ممّا يقولون فرئيته كالمنكسرين المتواضعين۔ ورئيته مرةً اُخرىٰ
المليح ويميلون الى الشنيع القبيح ويابون الله مغمطين۔ نبذوا
کی طرف جھکے جاتے ہیں اور ناشکری کے ساتھ خدا تعالیٰ کی نافرمانی کرتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے حکم کو یوں

امره نبذ الحذاء المرقع وكفروا بالكتاب الموقع مجترئين۔
پھینکدیا جیسے ایک پرانی پھٹی جوتی کو پھینکدیا جائے اور ایسی کتاب سے جس پر الٰہی نشان ہے بڑی شوخی سے انکار کر دیا ہے۔

[1] يضطجعون (شمس)

الی الدنیا اوی حزب الاجانی
ان لوگوں نے جو بہت ہی گناہوں میں مبتلا ہیں دُنیا کو اپنا جاپناہ قرار دیا ہے

وحسبوها جنیً حُلوا المجانی
اور دُنیا کو ایک شیریں اور سہل الحصول میوہ سمجھ لیا ہے

نسوا من جهلهم یوم المعاد
اپنی نادانی کے سبب سے معاد کے دن کو بُھلا دیا ہے

وترکوا الدین من حُبِّ الدِّنانِ
اور شراب کے خموں سے پیار کر کے دین کو چھوڑ دیا ہے

تراهم مائلین الیٰ مدام
تُو دیکھتا ہے کہ شراب کی طرف یہ لوگ جُھک گئے

وغیدٍ والغوانی والاغانی
اور ایسا ہی نازک اندام اور حسین عورتیں اور گیت انکے دلوں کو کھینچتے ہیں

وکم منهم اساری عینِ عینٍ
اور بہتیرے انمیں سے بڑی بڑی آنکھوں والی عورتوں کے قیدی ہیں

ومشغوفین بالبِیض الحِسانِ
اور بہتیرے سفید رنگ عورتوں کے فریفتہ ہیں

لهنّ علےٰ بعولتهنّ حکم
وہ عورتیں اپنے خاوندوں پر حکم کرتی ہیں

ترے کلّاً کمنطلق العنانِ
اور سب مطلق العنان اور بے پردہ اور شرابخوار ہیں

دماء العاشقین لهُنّ شغل
اپنے عاشقوں کو قتل کرنا ان عورتوں کا کام ہے

بعینٍ اخجلت ظبی القتان
آنکھ قتل انکی آنکھ ہو جو پہاڑوں کے ہرنوں کو شرمندہ کرتی ہے

ومن عجب جفون فاترات
اور تعجب تو یہ ہے کہ وہ پلکیں جو سُست اور نیمخواب ہیں

ارین الخلق افعال السّنان
لوگوں کو برچھیوں کا کام دکھلا رہی ہیں

بناظرة تصید الناس لمحاً
وہ عورتیں اپنی آنکھ کی نیم نگاہ سے لوگوں کو شکار کرتی ہیں

تفوق بلحظها رمح الطعان
جنکے گوشہ چشم کی ہلکی سی نظر نیزوں کے زخم پر فوقیت رکھتی ہے

وانّیٰ الامن من تلك البلایا
اور ان بلاؤں سے نجات پانا لوگوں کیلئے غیر ممکن ہے

سوی الله الذي ملك الامان
بجز اسکے کہ اس خدا کا رحم ہو جو امان بخشنے کا بادشاہ ہے

فعشاق الغواني والمثانی
سو جو لوگ عورتوں اور سرودوں کے عاشق ہیں

اضاعوا الدین من تلك الامانی
انھوں نے انہی آرزوؤں کے پیچھے دین ضائع کیا ہے

یصدون الوریٰ من کل خیر
لوگوں کو وہ ہر یک نیکی کے کام سے روکتے ہیں

ویغتاظون مِنْ تخلیصِ عانی
اور اس بات سے غصہ کرتے ہیں کہ کسی قیدی کو رہا کر دیا جائے

عمایات الرجال تزید منهم
لوگوں میں انکے سبب سے گمراہی پھیلتی جاتی ہے
وفتن الدهر تنمو کل آنٍ
اور فتنے دم بدم بڑھتے جاتے ہیں

وما من ملجإٍ من دون ربٍّ
اور ان آفتوں سے بچنے کیلئے بجز اس خدا کے کوئی گریزگاہ نہیں
کریمٍ قادرٍ کهف الزمان
جو کریم اور قادر اور زمانہ کی پناہ ہے

فنشکو هاربین من البلایا
سو ہم ان بلاؤں سے بھاگ کر اُسی خدا کیطرف شکائیت لیجاتے ہیں
الی الله الحفیظ المستعان
جو اپنے بندوں کا نگہبان اور بیقراروں کی مدد کرنیوالا ہے

جرت حزنًا عیون من عیونی
میری آنکھوں سے مارے غم کے چشمے بہ نکلے
بما شاهدت فتنًا کالدخان
جبکہ میں نے ان فتنوں کا مشاہدہ کیا جو دھوئیں کی مانند اُٹھ رہے ہیں

فهل وجدت ثکالی مثل وجدی
پس کیا وہ عورتیں جنکے لڑکے مر جائیں ایسا غم کرتی ہیں جیسا میں کرتا ہوں
اذی ام هل لها شان کشانی
کیا دکھ کے وقت اُنکا ایسا حال ہوتا ہے جو میرا حال ہے

وکم من ظالم یبغی فسادا
بہتیرے ظالم یہی چاہتے ہیں جو دنیا میں فساد اور گناہ پھیلے
وقسیسین اصل الافتنان
اور تو بید میں فتنہ اندازی کی جڑ پادری لوگ ہیں

تفاحشهم تجاوز کل حدّ
پادریوں کی بدگوئی حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے
کانّ غذاءهم فحش اللسان
گویا بدزبانی اُن کی غذا ہے۔

فکنت اطالعن کتاب سابٍّ
میں نے ایک ایسے شخص کی یا پادریوں سے کتاب دیکھی جس نے گالیاں دی ہیں
وتمطر مقلتی مثل الرثان
سو میں اس کتاب کو دیکھتا تھا اور میری آنکھوں سے مینہ کیطرح آنسو جاری تھے

رئینا فیه کلمًا مُحفظاتٍ
ہمنے اُس کتاب میں وہ کلمے دیکھے جو غصہ دلانیوالے تھے
وسبّ المصطفیٰ بحر الحنان
اور دیکھا کہ اس شخص نے رسول اللہ صلعم کو گالیاں نکالی ہیں جو بخشائیش کا دریا ہے

صبرتُ علیه حتی عیل صبری
میں نے اس بات پر صبر کیا یہانتک کہ صبر کرتا کرتا ہار گیا
ونار الغیظ ثارت فی جنانی
اور غصہ کی آگ مجھ میں بھڑکی

وتاتی ساعة ان شاء ربّی
اور وہ گھڑی آتی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ
اقرّ العین بالخصم المهان
کہ ہم دشمنوں کی رسوائی دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کرینگے

لغذ نا السب منهم مثل دین
اُن کی گالیاں ہمارے ذمہ قرض کی طرح ہیں

وعزتنا لدیهم کالرهان
اور ہماری عزت اُن کے پاس گرو کیطرح ہے

سنغشیهم ببرهان کعضب
ہم عنقریب دلیل کی تلوار سے اُنکے سر پہ پہنچیں گے

رقیق الشفرتین اخ السنان
جو باریک کناروں والے نیزہ کا بھائی ہے

بفاس نختلی تلك الخلاتا
ہم اس گھاس کو دلائل کے تبر کے ساتھ کاٹیں گے

ورمح ذابل وقنا البیان
اور نیزہ برچھی باریک نوک والی اور بیان کے نیزوں سے

بجمجمة العدا قد حل غول
ان دشمنوں کی کھوپری میں ایک بھوت داخل ہوگیا ہے

فنخرجه بآیات المثانی
سو ہم اس کو سورہ فاتحہ سے نکالیں گے

لنا دِینٌ و دُنیا للنصارٰے
ہمارے حصہ میں دین آیا اور نصاریٰ کے حصہ میں دُنیا

ومقت الضرتین من العیان
سو یہ دو سوتوں کی دشمنی ہے جسکی حقیقت ہر ایک کے چشمدید ہے

سئمنا کل نوع الضیم منهم
ہم نے ہر ایک ظلم اُن کا اُٹھالیا

ولٰکن سبهم صلی جنانی
مگر اُن کی گالیوں نے ہمارا دل جلایا

سعوا ان یجعلوا اُسُد انعاجًا
انہوں نے کوشش کی کہ تا کسی طرح شیروں کو بھیڑیں بنائیں

ولیث الله لیث لا کضان
اور شیر شیر ہی ہیں وہ بھیڑ کی طرح نہیں ہو سکتے

وو ثبتهم کسرحان ضری
اور ان لوگوں کا حملہ اسی بھیڑیے کی طرح ہے جو شکار کا طالب ہے

وصُورتهم کذی حُبٍّ مُقانی
اور صُورت اُن کی ایک ملنسار دوست کی طرح ہے

و باطنهم کجوف العَیْر قفر
اور اندر اُنکا گدھے کے پیٹ کی طرح تقویٰ سے خالی

من المنقویٰ وبطن کالجفانِ
اور پیٹ اُن پیالوں کیطرح ہے جو کھانے سے بھرے ہوئے ہوں

اری وغلًا جهولًا وابن وَغْل
میں ایک خسیس ابن خسیس جاہل کو دیکھتا ہوں

یُری کالمرهفات لظی اللسانِ
جو تیز تلواروں کیطرح اپنی زبان کا شعلہ دکھاتا ہے

هریر الکلب لا یحثو بنبج
کُتّے کی آواز اُس چاند پر خاک نہیں ڈال سکتی

علی البدر المطهّر من عثان
جسکو خدا نے گرد و غبار اور دھوئیں سے پاک پیدا کیا ہے

الا یا ایها اللحز الشحیح
اے بخیل بدخلق - اور حریص
هویت کذی اللبانة فی الهوان
تو محتاجوں کی طرح ذلت کے گڑھے میں گر گیا

وما تدری الهدی وحملت جهلا
اور تو نہیں جانتا کہ ہدایت کیا شے ہے اور محض جہل سے تو نے
اناجیل النصاری کالاتان
انجیلوں کو اُٹھا لیا جیسا کہ ایک گدھی بھار اُٹھاتی ہے

تنضنض مثل نضنضة الافاعی
اور تو اِس طرح زبان ہلاتا ہے کہ جیسے سانپ
وتهذی مثل عادات الادانی
اور کمینوں اور سفلوں کی طرح بکواس کرتا ہے

هلمّ الی کتاب الله صدقا
خدا کی کتاب کی طرف
وایمانا بتصدیق الجنان
صدق اور دِلی ایمان سے آجا

شغفتم ایها النّوکی بشوك
بے وقوفو! تم کانٹوں پر فریفتہ ہو گئے
واعرضتم عن الزهر الحِسان
اور خوبصورت پھولوں سے کنارہ کیا

وآثرتم اماعز ذات صخر
اور تمنے کنکریوں اور بڑی پتھروں والی زمین جو بہت سخت ہے اختیار کی
علی مُخضرّة قاع هجان
اور ایسی زمین کو چھوڑا جو پُر سبزہ اور نرم اور نہایت عمدہ اور قابل زراعت ہے

وما القرآن الا مثل دُرر
اور قرآن درحقیقت بہت عمدہ اور یکدانہ موتیوں کی طرح ہے
فرائد زانها حسن البیان
جو حسن بیان سے اور بھی اسکی زینت اور خوبصورتی نکلی ہے

٢٥ وما مسّت اکف الکاشحینا
اور دشمنوں کی ہتھیلیاں ان معارف کو چھوئی بھی نہیں
معارفه التی مثل الحصان
جو قرآن میں ایسے طور پر چھپی ہوئی ہیں جیسے پردہ نشین یا پارسا عورت چھپی ہوئی ہو

به ما شئت من علم وعقل
اسمیں ہر یک وہ علم اور عقل ہے جس کا تو طالب ہے
واسرار وابکار المعانی
اور انواع اقسام کے بھید اور نئی صداقتیں اسمیں بھری ہیں

یُسکّت کل من یعدو بضِغنٍ
ہر یک ایسے دشمن کا منہ بند کرتا ہے جو مخالفانہ طور پر دوڑ پڑتا ہے
یُبکّت کل کذاب وجانی
اور ہر ایک ایسے شخص پر اتمام حجت کرتا ہے جو دروغگو اور گناہگار ہے

رئینا درّ مزنته کثیرا
ہم نے اُس کے مینہ کا پانی بہت ہی دیکھا ہے
فدینا ربّنا ذا الامتنان
سو ہم اُس خدا پر قربان ہیں جس نے ایسے احسان کیے

وما ادراك ما القرآن فيضا

اور تو کچھ جانتا ہو کہ قرآن فیض کے رو سے کیا شے ہے

خفير جالب نحو الجنان

وہ ایک راہبر ہے جو بہشت کی طرف کھینچتا ہے

له نوران نور من علوم

اس میں دو نور ہیں ایک تو علوم کا نور اور دوسرے

ونور من بيان كالجمان

فصاحت اور بلاغت کا نور جو دانہ نقرہ کی طرح چمکتا ہے

كلام فائق مكراق طرف

وہ ایک ایسا کلام ہے جو ہر یک کلام سے فوقیت لے گیا

جمال بعده والنيران

اور اسکے بعد مجھے کوئی جمال اچھا معلوم ہوا اور آفتاب اور قمر بھی اچھے دکھائی نہ دئیے

اياة الشمس عند سناه دخن

آفتاب کی روشنی اسکی چمک کے آگے ایک دھواں سا ہے

وما للعل والسبت اليماني

اور لعل سوزی کے سُرخ چمڑے کو نسبت ہی کیا ہے گو یمن کی ساخت ہو

واين يكون للقرآن مثل

اور قرآن کی مثال کوئی دوسری چیز کیوں کر ہو

وليس له بهذا الفضل ثاني

کیونکہ وہ تو اپنے فضائل میں بے مثل ہے

ورثنا الصحف فاقت كل كتب

ہم اس کتاب کے وارث بنائے گئے جو سب کتابوں پر فائق ہے

وسبقت كل اسفار بشان

ایسی کتاب جو اپنے کمالات میں تمام کتابوں پر سبقت لیگئی ہے

وجاءت بعد ما خرت خيام

اور اُسوقت آیا جبکہ سب پہلے خیمے مُنہ کے بل گر چکے تھے

وخربت البيوت مع المباني

اور تمام گھر مع بنیاد کی جگہوں کے خراب ہو چکے تھے

محت كل الطرائق غير برّ

ہر یک راہ کو بغیر نیکی کے راہ کے معدوم کر دیا

وجذّت راس بدعات الزمان

اور ان تمام بدعتوں کا سر کاٹ دیا جو زمانہ میں شائع تھیں

كأنّ سيوفها كانت كنار

گویا اُس کی تلواریں ایک آگ کی طرح تھیں

بها حُرقت مخاريق الاداني

ان سے وہ تمام گد کے جل گئے جو سفلہ لوگوں کے ہاتھ میں تھے

۶۶

اذا استدعى كتاب الله مثلا

جب کتاب اللہ نے اپنی مثل کا مطالبہ کیا

فعيّ القوم واستتروا كفاني

سو قوم مقابلہ سے عاجز ہوگئی اور فنا شدہ چیز کی طرح چھپ گئی

وسلبت جرءة الاسناف منهم

اور پیشقدمی کی ہمت اُن سے مسلوب ہوگئی

من الهول الذي حل الجنان

اور یہ ہیبت الٰہی تھی جو اُنکے دِل میں بیٹھ گئی

فمن عجب اکبوا مثل میت
سو یہ تعجب کی بات ہے کہ وہ مُردہ کی طرح مُنہ کے بل جا پڑے

وقد مرنوا علی لطف البیان
حالانکہ وہ فصیح کلمات کی مشق اور عادت رکھتے تھے

وانزله مهیمنا حُدیًّا
اور خداتعالیٰ نے اسکو بیمثل اور طالب معارض نازل کیا

ففرّوا کلّهم کالمستهان
پس کفار اسکی مثل بنانے پر قادر نہ ہوسکے اور سرگردان ہوکر بھاگ گئے

وصارت عُصبهم فرقًا تبینا
اور اُن کی جماعتیں کئی فرقے متفرق ہو گئے

فمنهم من اتی بعد الحران
پس بعض اُن میں سے تو سرکشی سے باز آگئے

ومنهم من تلبّب مُستشیطًا
اور بعض نے قرآن کے مقابلہ سے عاجز آکر ہتھیار باندھے

لحرب الصادقین و للطّعان
اور غضب میں آکر راستبازوں کے ساتھ جنگ کرنیکے لئے تیار ہوگئے

فانتم قد سمعتم ما اصیبوا
سو تم سُن چکے ہو کہ اُن کو کیا کیا سزائیں ملیں

بضعضعة السیوف من الهوان
اور تلواروں کی سرکوبی سے کیسی ذلت اُٹھائی

وکان جزاء سلّ السّیف سیفًا
اور تلوار کھینچنے کا بدلہ تلوار ہی تھی سو جو کچھ انہوں نے مُسلمانوں کو

فذاقوا ما اذاقوا کالجبانِ
چکھایا وہ آپ ہی بزدل ہوکر چکھنا پڑا یعنی تلوار کھینچنے والے تلوار ہی سے مارے گئے

اذا دارت رحی البلوی علیهم
اور جبکہ سختی کی چکّی اُن پر چلی سو ایسے ہو گئے

فکانوا لهوةً فوق الدّهان
جیساکہ آٹے کی ایک مُٹھی چکّی کے اُس رُخ چمڑے پر ہوتی ہے جو چکّی کے نیچے بچھایا جاتا ہے

فطفقوا یهربون کمثل جُبنٍ
سو انہوں نے ایک نامرد کی طرح بھاگنا شروع کیا

فاخذوا ثم قُتلوا مثل ضان
پس پکڑے گئے اور بھیڑوں کی طرح قتل کئے گئے

اذا ما شاهدوا قتلی کقنن
اور جبکہ انہوں نے اپنے مقتولوں کو ٹیلوں کی طرح دیکھا

فرفعوا طاعةً عَلَم الامان
تب اُنہوں نے امان طلب کرنیکے لئے جھنڈیاں اُٹھائیں

سراة الحی جاءوا نادمینا
اور قبیلہ کے سردار شرمندہ ہوکر آئے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرحمهم المصطفیٰ بحر الحنان
جو دریائے بخشش ہے اُن کا گناہ معاف کیا

واما الجاهلون فما اطاعوا
مگر جاہلوں نے اُن کا حکم نہ مانا

فاعدمهم فئوس الاحتفان
سو بیخکنی کے تیروں نے اُن معدوم کیا

ص ۶۷

سقوا کاس المنایا ثم سیقوا
موت کے پیالے اُن کو پلائے گئے

الیٰ نار تلوّح وجه جانی
اور پھر وہ اُس آگ کیطرف کھینچے گئے جو مجرم کا مُنہ جلاتی تھی

فھذا اجر جھل الجاھلینا
سو یہ جاہلوں کے جہل کی سزا تھی

من الرحمان عند الاستنان
یہ سزا خدا تعالے کیطرف سے اُسوقت ہوئی جب اُنہوں نے فساد دیا اور ظلموں میں دوڑنا اختیار کیا

وما کان الرحیم مذل قوم
اور خدائے رحیم کسی قوم کو ذلیل نہیں کرتا

ولٰکن بعد ظلم و افتتان
مگر اُسوقت جبکہ ظلم اور فتنہ اندازی اختیار کرے

وھل حُدّثتَ من انباء امم
کیا ایسی قوموں کی تجھے کچھ خبر ہے

رؤا قبحًا بافعال حسان
جن کو نیکی کرتے کرتے بدی پیش آئے

وکلّ النّور فی القرآنِ لٰکن
اور تمام اور ہریک قسم کے نُور قرآن ہی میں ہیں

یمیل الھالکون الی الدخان
مگر مَرنے والے دُھوئیں کی طرف دَوڑتے ہیں

به نلنا تراث الکاملینا
ہم نے اُس کے وسیلہ سے کاملوں کی وراثت پائی

به سِرنا الیٰ اقصی المعانی
ہم نے اُس کے وسیلہ سے حقیقتوں کے اخیر تک سیر کیا

فقم و اطلب معارفه بجهدٍ
پس اُٹھ اور کوشش کے ساتھ اُسکے معارف طلب کر

وخف شر العواقب والھوان
اور انجام بد اور ذلّت کی بدیوں سے خوف کر

اتخطب عزّة الدنیا الدنیة
کیا تُو اس دُنیا ناکارہ کی عزّتوں کا طالب ہے

اتطلب عیشها والعیش فانی
کیا تُو اس دُنیا کے عیشوں کو ڈھونڈتا ہے اور اسکے تمام عیش فانی ہیں

اترضی یا اخی بالخان حمقا
اے بھائی کیا تُو سرائے میں رہنے میں اپنی حمق سے راضی ہوگیا

و تنسی وقت تبدیل المکان
اور اُسوقت کو بھلا دیا جو تبدیل مکانی کا وقت ہے

علیٰ بُستان ھذا الدھر فاس
اِس دُنیا کے باغ پر تبر رکھا ہے

فکم شجر یجاح من الاھان
سو بہت سے درخت جڑھ سے اکھیڑے جاتے ہیں

وکم عنق تکسرھا المنایا
اور موتیں بہت سی گردنوں کو توڑ رہی ہیں

وکم کفّ وکم حسن البنان
اور بہت ہتھیلیاں اور بہت سی خوبصورت پوریں ٹوٹی چلی جاتی ہیں

ص ۶۸

تری فی ساعة سررا لرجل
اور تُو یہ تماشا دیکھ رہا ہے کہ ایک گھڑی ایک مرد کیلئے کئی تخت بچھے ہوئے ہوتے ہیں

وفی الاُخریٰ تراه علی الاران
اور پھر دُوسری گھڑی میں وُہی مرد تابوت مُردہ پر پڑا ہُوا ہوتا ہے

وانی ناصح خِلّ امین
اور مَیں ایک نصیحت دینے والا دوست اور امین ہوں

ویدری نور علمی من یرانی
اور جو شخص مجھے دیکھے وُہ میرے نُورِ علم کو معلوم کرلیگا

یکرّم جاهل قبل ابتلاء
جاہل کی تعظیم آزمائش سے پہلے ہوتی ہے

وقدر الحبر بعد الامتحان
اور دانا آدمی کی تعظیم اُسکے امتحان کے بعد کی جاتی ہے

وکفّرنی عدو الحق حمقا
اور ایک سچ کے دشمن نے مجھے کافر ٹھہرایا

فقلت اخسأ یرانی من هدانی
سو مَیں نے کہا دفع ہو جس نے مجھے ہدایت دی وُہ مجھے دیکھ رہا ہے

صوارمه علیّ مسلّات
اُس دشمن کی تلواریں میرے پر کھینچی ہوئی ہیں

وانی نحو وجه الحبّ رانی
اور مَیں اپنے پیارے اللہ کی طرف دیکھ رہا ہوں

وانی قد وصلت ریاض حِبّی
اور مَیں اپنے پیارے کے باغوں میں پہنچا ہُوا ہوں

ویطلبنی خصیمی فی المحانی
اور دشمن مجھے جنگلوں میں تلاش کررہا ہے

هویت الحبّ حتی صار روحی
میں نے اس پیارے سے محبت کی یہانتک کہ وُہ میری جان ہوگیا

وارنانی جِنانِی فی جَنانی
اور میرا بہشت اُس نے میرے دل میں ہی دکھا دیا

بوجه الحبّ لست حریص ملك
اُس پیارے کی قسم ہے کہ مَیں کسی ملک کا حریص نہیں

کفانی ما اری نفسی کفانی
اور یہ میرے لئے کافی ہے کہ مَیں اپنے نفس کو فنا کی حالت میں دیکھتا ہوں

عمود الخشب لا ابغی لسقفی
مَیں لکڑی کے ستون اپنے چھت کے لئے نہیں چاہتا

وحبّی صار لی مثل البوان
اور میرا پیارا میرے لئے ایسا ہوگیا ہے جیسا کہ ستُون

ورثنا المجد من ذی المجد حقا
ہم نے بزرگی کو خدائے ذی المجد سے پایا

وصُبّغنا بمحبوب مقانی
اور اس ملنے والے پیارے کے رنگ سے ہم رنگے گئے

دخلت النار حتی صرت نارًا
میں آگ میں داخل ہُوا یہانتک کہ مَیں آگ ہی ہوگیا

ونخلی فاق افکار الافانی
اور میری کھجور گھات پات کے فکروں سے بہت بلند بڑھ گئی

ص۶۹

خموری منتقاۃ غیر کدر
اور میری شراب ایک چھنی ہوئی شراب اور مصفا ہے

مشعشعۃ بماء الاقتران
جس میں الٰہی محبت کا پانی ملایا گیا ہے

ولست مواریا عن عین ربی
اور میں اپنے رب کی آنکھ سے پوشیدہ نہیں ہوں

و ان اللہ خلاقی یرانی
اور خدا جو میرا پروردگار ہے مجھ دیکھ رہا ہے

یدھدء راس کذاب غیور
وہ جھوٹے کے سر کو خاک میں رلاتا ہے کیونکہ غیرتمند ہے

ویھلکہ کصید مستہان
اور اسکو اس شکار کیطرح ہلاک کرتا ہے جو سراسیمہ اور سرگردان ہو

و انا الناظرون الیٰ قدیر
اور ہم اس قدیر کی طرف دیکھ رہے ہیں

قریب قادر رحب مدانی
جو قریب اور قادر ہے اور جو بندہ اور اسکے دل میں حائل ہو جاتا ہے

و انا الشاربون کئوس حِبٍّ
اور ہم پر حکمت باتوں کے پیالے پی رہے ہیں

و انا الکاسرون فئوس خانی
اور ہم فضول گو کے تیروں کو توڑ رہے ہیں

و انا الواصلون قصور مجد
اور ہم بزرگی کے محلوں تک پہنچ گئے ہیں

و انا الفاصلون من الادانی
اور ہم نے ادنیٰ لوگوں سے جدائی اختیار کرلی ہے

و ابدرنا من الرحمان بدر
اور ہمارے لئے خداتعالیٰ کیطرف سے ایک چاند نکلا ہے

فنحن المبدرون ولا تمانی
سو ہم چاند کو پانیوالے ہیں اور انتظاری کرنیوالے نہیں

و نحن الفائزون کمال فوز
اور ہم کمال کامیابی تک پہنچ گئے ہیں

و نحن المنعمون ولا نعانی
اور ہم نعمتوں میں وقت بسر کرتے ہیں اور سختی نہیں اٹھاتے

و بارزنا العدا متسلحینا
اور ہم مسلح ہوکر مخالفوں کے مقابل پر کھڑے ہوگئے ہیں

ولسنا قاعدین کمثل وانی
ایک سست آدمی کی طرح ہم بیٹھنے والے نہیں ہیں

وماجئنا الوریٰ فی غیر وقت
اور ہم خلق اللہ کے پاس بیوقت نہیں آئے

و ذو حجر یری وقت الرثان
اور عقلمند جانتا ہے کہ بارش کا وقت کونسا ہے

لخذروف ندحرج راس عجز
اور ہم پھرکی کیطرح اپنے عاجزانہ سر کو گردش دے رہے ہیں

و تبنا من ملاعب صولجان
اور صولجان کی بازی گاہ سے ہم دست بردار ہیں

عریف فرس نفسی عند حرب
میرے نفس کا گھوڑا لڑائی کے وقت بڑی فراست رکھتا ہے
ویدری السر من شد البطان
اور تنگ کو مضبوط کھینچنے سے سمجھ جاتا ہو کہ مطلب کیا ہو

مثـ مکرٌ ینزلن کمثل برق
بڑا حملہ آور ہے جو برق کی طرح اُترتا ہے
ولا تمضی علیه دقیقتانِ
اور دو منٹ کی بھی توقف نہیں کرتا

وانا سوف نوجر من ملیك
اور ہم عنقریب اپنے بادشاہ سے پاداش پائیں گے
ونعطی منه اجر الامتشان
اور اس سپاہیانہ خدمت کا اجر ہم کو دیا جائے گا

وکاسٍ قد شربنا فی وھادٍ
کئی پیالے تو ہم نے نشیب میں پیئے
واخری نشربن فوق القنان
اور کئی اور ہیں جو پہاڑوں کی چوٹیوں پر پیئیں گے

وھذا کله من فضل ربی
اور یہ سب میرے رب کا فضل ہے
ملاذی عاصمی ممن جفانی
جو میری پناہ ہے اور ظالم سے مجھے بچانیوالا ہے

اری اشجار رحمته عظامًا
اُسکی رحمت کے درختوں کو میں بڑے بڑے دیکھتا ہوں
مفرحة کزرع الزعفران
خوش کرنے والے جیسے زعفران کا کھیت ہوتا ہے

وقومی کفرونی من عناد
اور میری قوم نے مجھے عناد سے کافر ٹھہرایا
والحادٍ وتحریف البیان
اور الحاد اور تحریف سے کافر بنانے میں کوشش کی

فیا لعانٍ لا تھلك عجولًا
پس اے لعنت کرنیوالے میرے جلدی سے ہلاک مت ہو
ولا تھجر فترجع کالمُھان
اور مسلمان کو اپنے گروہ سے جدا نہ کر کہ اسمیں تیری رسوائی ہے

وشك البین صعب عند حرّ
اور جلد جدا ہو جانا شریف آدمی کے نزدیک ایک سخت بات ہے
وان الحرّ کالحانی یعانی
اور شریف آدمی ایک مشفق مہربان کی طرح ملتا ہے

ولا تعجب لقولی وادعائی
اور میرے قول اور میرے دعویٰ سے تعجب مت کر
وقد عُلّمتُ من اخفی المعانی
اور مجھے بہت پوشیدہ معنے بتلائے گئے ہیں

وللرحمان فی کلِمٍ رموز
اور خدا تعالیٰ اپنے کلمات میں کئی بھید رکھتا ہے
وکم قول اسرّ کمثل کانی
اور کئی قول اُسکے ایسے ہیں جیسے کوئی اشارہ کنایہ سے باتیں کرتا ہے

وكم كلمٍ مهفهفة دُقاق
اور بہت سے کلمے نازک اور باریک ہیں

هضيم الكشح كالغيد الحسان
بہت نازک جیسے نازک اندام اور خوبصورت عورتیں ہوتی ہیں

فيدري الضامرات ذوو الضمور
پس باریک باتوں کو وہ لوگ سمجھتے ہیں جو مرتاض اور دقیق الفکر ہیں

ولا يدري سفيه كالسمان
اور ان باتوں کو وہ شخص نہیں جانتا جو موٹی عقل والا موٹی عورتوں کی طرح ہو

فان تبغ الدقائق مثل ابر
پس اگر تو ایسے باریک حقائق چاہتا ہے جیسے سوئیاں

فلج في سمّها ودع الاماني
سو تو سوئی کے ناکے میں داخل ہو جا اور تمام نفسانی جذبات چھوڑ

وان تستطلعن انباء موتى
اور اگر تو چاہتا ہے کہ مُردوں کی خبریں تجھے معلوم ہوں

فمُت كالمحرقين وكن كفاني
سو تو ان مُردوں کی طرح مر جا جو جلائے گئے اور نابود ہو گئے

وبذل الجهد قانون قديم
اور کوشش کرنا قانون قدیم ہے

منى للطالبين قضاء ماني
جو مقدر حقیقی نے ڈھونڈنے والوں کیلئے بنایا ہے

واني مُسلمٌ والسلمُ ديني
اور میں مسلمان ہوں اور اسلام میرا دین ہے

فلا تُكفِر وخف رب الزمان
سو تو کافر مت ٹھہرا اور خدا تعالیٰ سے خوف کر

وان ازمعت تكفيري وعذلي
اور اگر تو نے یہی قصد کیا ہے کہ مجھے کافر کہے اور ملامت کرے

فقل ما شئت من شوق الجنان
سو جو تیری مرضی ہو وہ شوق سے کہتا رہ

ولا نخشى سهام اللاعنينا
اور ہم لعنت کرنے والوں کے تیروں سے نہیں ڈرتے

ولا نغتاظ من تكفير خاني
اور ایک بیہودہ گو کی تکفیر سے ہم غصہ نہیں کرتے

جنحنا كاهلاً منا ذلولا
اور ہم نے اپنا ریاضت کش شانہ

لاثقال المطاعن واللعان
طعن اور لعنت کے بوجھوں کیلئے جھکا دیا ہے

فان شاء المهيمن ذو جلال
پس اگر خدائے بزرگ چاہے گا

يبرء رحمة منا تراني
تو اپنی رحمت سے مجھے ان الزاموں سے بری کر دیگا جو تو مجھ پر لگاتا ہے

وفي فمي لسان غير اني
اور میرے منہ میں بھی زبان ہے

احب جواب رب مستعان
مگر میں چاہتا ہوں کہ خدائے مددگار تجھکو جواب دے

واخر كلمنا حمد وشكر
اور ہمارا آخر کلام حمد اور شکر ہے

لرب محسن ذي الامتنان
اُس محسن ربّ کیلئے جس کے احسان مجھ پر ہیں

ومن اعتراضات الواشی الضال الذی ینوم بنعاس الضلال [1]
اور یہ گمراہ نکتہ چین جو خواب ضلالت میں سوتا ہے اُس کے اعتراضات میں سے ایک وہ
اعتراض بنی علیہ عقیدتہ الباطلة فی کتابہ التوزین۔ وتفصیلہ انہ
اعتراض ہو جسکو اُسنے اپنی کتاب توزین الاقوال میں اپنے عقیدہ باطلہ کی بنیاد ٹھہرایا ہو اور تفصیل اعتراض یہ ہے
رای فی القرآن الکریم اٰیۃ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الرُّوۡحُ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ
کہ اُسنے قرآن کریم کی اس آیۃ کریمہ کو دیکھا جو یوم یقوم الروح والملائکۃ ہے سو اُس نے لفظ رُوح کو اُس جگہ سے
فتلقف لفظ الروح کالشحیح واراد ان یستنبط منہ نزول المسیح
اچک لیا جیسے ایک حریص ایک چیز کو اچک لیتا ہو اور چاہا کہ اُس سے نزول مسیح پر دلیل قائم کرے بلکہ بیحیائی کیوجہ سے
بل ان یثبت الوھیتہ کالوقیح فکتبہ مستدلا کالمبطلین الفرحین۔
یہ بھی چاہا کہ اس سے حضرت مسیح کی الوہیت ثابت ہو جائے پس اس نے استدلال کے خیال سو باطل پرستوں کیطرح بہت خوش ہو کر اس آیت کو لکھا۔
امّا الجواب فاعلم ان ھذہ الآیۃ لا تفیدہ اصلا ولا یثبت منہا
اب اسکے جواب میں سمجھ کہ یہ آیت اِس شخص کو کچھ بھی مفید نہیں اور اگر اس سے کچھ ثابت ہوتا ہو تو بس یہی کہ یہ شخص
شیٔ الا حمقہ وجھلہ وکونہ من السفھاء المستعجلین ولا یخفی علی
احمق اور نادان اور سفیہ اور جلد باز ہے اور مشاہیر
الفضلاء الاعلام ان تاویل الروح بعیسٰی فی ھذا المقام دجل و
علماء پر پوشیدہ نہیں کہ اس مقام میں رُوح کے لفظ سے عیسٰیؑ مُراد لینا دجالیت اور
افتراء بل جاء فی کتب التفسیر انہ جبرائیل علیہ السلام او ملک
افترا ہے بلکہ تفسیروں کی رُو سے وہ جبرائیل علیہ السلام یا کوئی دوسرا فرشتہ
اٰخر علی اختلاف الروایات کما لا یخفی علی الناظرین۔ ثم منطوق
ہے اور دونوں قسم کی روائتیں پائی جاتی ہیں جیسا کہ دیکھنے والوں پر پوشیدہ نہیں۔ پھر منطوق
الآیۃ یبدی بالتصریح ویحکم بالتنقیح ان ھذہ الواقعۃ متعلقۃ
آیت کا بتصریح ظاہر کرتا ہے اور تنقیح کے ساتھ حکم دیتا ہے کہ یہ واقعہ قیامت سے

[1] النبا : ٣٩

بالقیامة ولها کالعلامة فان الله تعالیٰ ذکر هذه القصة فی ذکر قصة
متعلق ہے اور اسکے لئے علامت کیطرح ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے اِس قصہ کو بہشت کے ذکر کے درمیان لکھا

الجنة ونعمائها العامة ثم صرح بتصریح آخر وقال ذٰلك الیوم الحق
ہے اور اُسکی نعمتوں کے بیان کرنیکے وقت اسکو بیان فرمایا ہے اور پھر اور بھی تصریح کرکے فرمایا ہے کہ یہی حق کے کھلنے کا دن ہے

ولفظ الیوم الحق فی القرآن بمعنی القیامة ویعلمه کل خبیر امین
اور الیوم الحق قرآن میں قیامت کا نام ہے چنانچہ واقف کار امانت دار اُسکو جانتا ہے پس اب غور کر کہ

ص۴۳

فانظر کیف بیّن انها واقعة من وقائع یوم الدین ثم انظر کیف
کیونکر خدا تعالیٰ نے کھولکر بیان کر دیا کہ یہ واقعہ قیامت سے متعلق ہے پھر تو غور کر کہ وہ لوگ جن کے دل بیمار

یفترون الّذین فی قلوبهم مرض ولا یخافون الله وما کانوا متقین۔
ہیں اور اُن کے دِل میں خدائے تعالیٰ کا خوف نہیں کیونکر افترا پردازیاں کر رہے ہیں اور تقویٰ اختیار نہیں کرتے۔

فالحاصل ان الأیة لا تؤید زعم هذا الواشی بل تمزقه وبها یقع
پس حاصل کلام یہ ہے کہ یہ آیت اس نکتہ چین کے زعم کی کچھ مؤید نہیں بلکہ یہ تو اسکے قول کو ٹکڑے ٹکڑے کرتی ہے

القول علیه وتجعله الأیة من الکاذبین۔ فانه یقول ان عیسٰی اله
اور اسکے ساتھ بات اُسی پر پڑتی ہے اور یہ آیت اُسکو جھوٹوں میں سے ٹھہراتی ہے۔ کیونکہ اس نکتہ چین کا یہ قول ہے کہ

وابن اله ویقول ان الروح هو الله وعینه والأیة تبدی ان هذا
عیسٰی خدا اور خدا کا بیٹا ہے اور کہتا ہے کہ رُوح خدا کو ہی کہتے ہیں اور رُوح اور خدا ایک ہی ہے اور آیت ظاہر کر رہی ہے کہ یہ

مَیْنه وتبدی ان الروح الذی ذکر ههنا هو عبد عاجز تحت حکم الله
اس کا جھوٹ ہے اور نیز ظاہر کرتی ہے کہ وہ رُوح جس کا ذکر اس جگہ ہے وہ ایک بندہ عاجز ہے جس کو خدا کے کسی امر میں

وقدره وما کان له خیرة فی امره وان هو الا من الطائعین وما کان له
اختیار نہیں اور کچھ نہیں صرف فرمانبردار ہے اور نیز یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ اُس روح کو شفاعت کا اختیار نہیں

ان یشفع من غیر اذن الله لان الله عز وجل قال فی هذه الأیة
اور شفیع وہی ہوگا جس کو اذن ملے کیونکہ خدا تعالیٰ نے اس آیت میں صاف فرما دیا ہے کہ

يوم يقوم الروح والملائكة صفا لا يتكلمون الا من اذن له الرحمٰن
اس روز یعنی قیامت کے دن روح اور فرشتے کھڑے ہونگے اور شفاعت کے بارے میں کوئی بول نہیں سکیگا مگر وہی جسکو خدا تعالیٰ
وقال صوابًا[1] واشير فى اٰية عسٰى ان يبعثك ربّك مقامًا محمودًا[2] الىٰ
کی طرف سے اجازت ملے اور کوئی نالائق شفاعت نہ کرے اور آیت عسٰی ان یبعث میں اشارہ فرمایا گیا ہے کہ
انه تعالىٰ لا يعطى هذا المقام المحمود الا نبيّه وصفيّه محمد ن المصطفىٰ
اللہ تعالیٰ یہ مقام محمود بجز اپنے برگزیدہ نبی محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے
خير الرسل وخاتم النبيين واُلقى فى روعى ان المراد من لفظ الروح فى اٰية
اور کسی کو عنایت نہیں کریگا اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ اس آیت میں لفظ رُوح سے
يوم يقوم الروح جماعة الرسل والنبيّين والمحدّثين اجمعين الذين يلقى
مُراد رسولوں اور نبیوں اور محدثوں کی جماعت ہے جن پر رُوح القدس ڈالا جاتا ہے
الروح عليهم و يجعلون مكلمين واما ذكرهم بلفظ الروح لا بلفظ الارواح
اور خدا تعالیٰ کے ہمکلام ہوتے ہیں مگر یہ شبہ کہ رُوح کے لفظ سے انکو یاد کیا ارواح کے لفظ سے کیوں
فاعلم انه قد يذكر الواحد فى القرآن ويراد منه الجمع وبالعكس
یاد نہیں کیا۔ پس جان کہ قرآن کا محاورہ ایسا ہے کہ کبھی وہ واحد کے لفظ سے جمع مُراد لے لیتا ہے اور کبھی جمع سے
سنة قد جرت فى كتاب مبين۔ وذكرهم الله بلفظ الروح الذى
واحد ارادہ رکھتا ہے یہ قرآن شریف کی ایک عادت مستمرہ ہے۔ اور پھر خدا تعالیٰ نے اپنے انبیاء کو رُوح کے لفظ سے یاد کیا
يدل على الانقطاع من الجسم ليشير الىٰ انهم فى عيشتهم الدنيوية
یعنے ایسے لفظ سے جو انقطاع من الجسم پر دلالت کرتا ہے یہ اسلئے کیا کہ تا وہ اس بات کیطرف اشارہ کرے کہ وہ مطہر
كانوا قد فنوا بكل قواهم فى مرضات الله وخرجوا من انفسهم
لوگ اپنی دُنیوی زندگی میں اپنی تمام قوتوں کی رُو سے مرضات الٰہی میں فنا ہو گئے تھے اور اپنے نفسوں سے ایسے
كما يخرج الارواح من الابدان وما بقى لهم النفس واهواءها
باہر آگئے تھے جیسے کہ رُوح بدن سے باہر آتی ہے اور نہ اُن کا نفس اور نہ اُس نفس کی خواہشیں باقی رہی تھیں

[1] النبا: ۳۹ [2] بنی اسرائیل: ۸۰ ۹۸

وکانوا لا ینطقون من الھوا بل بوحی یوحی فکانھم صاروا روح
اور وہ رُوح القدس کے بلاسئے بولتے تھے نہ اپنی خواہش سے اور گویا وہ رُوح القدس ہی ہوگئے تھے جس کے ساتھ نفس کی
القدس فقط لا نفس معه ولا اعراضھا ثم اعلم ان الانبیاء کنفس
آمیزش نہیں پھر جان کہ انبیاء ایک ہی جان کی طرح ہیں۔ نہیں کہہ سکتے کہ
واحدۃ لا یقال انھم ارواح بل یقال انھم روح وذٰلک لشدۃ اتحادھم
وہ کئی رُوح ہیں بلکہ کہنا چاہیئے کہ وہ ایک ہی رُوح ہے اور یہ اسلئے کہ اُن میں رُوحانی طور پر نہایت درجہ پر اتحاد
الروحانیۃ وتناسب جوھرھم الایمانیۃ وبما انّھم فنوا من انفسھم و
واقع ہے اور جوہر ایمانی کی اُن میں مناسبت غایت مرتبہ پر ہے اور نیز اسلئے کہ وہ اپنے نفس اور اپنی جنبش اور اپنے
حرکاتھم وسکناتھم و اھوائھم وجذباتھم وما بقی فیھم الا روح القدس
سکون اور اپنی خواہشوں اور اپنے جذبات سے بکلی فنا ہو گئے اور ان میں بجز روح القدس کے
ووصلوا اللّٰہ متبتّلین منقطعین فاراد اللّٰہ ان یبیّن فی ھٰذہ الآیۃ
کچھ باقی نہ رہا اور سب چیزوں سے توڑ کے اور قطع تعلق کر کے خدا کو جا ملے پس خدا تعالیٰ نے چاہا کہ اس آیت میں
مقام تجردھم ومراتب تقدسھم وتطھرھم من ادناس الجسم و
اُنکے تجرد اور تقدس کے مقام کو ظاہر کرے اور بیان کرے کہ وہ جسم اور نفس کے میلوں سے کیسے دُور ہیں
النفس فسمّاھم روحا اظھارا لجلالۃ شأنھم وطھارۃ جنانھم
پس اُن کا نام اُس نے رُوح یعنے رُوح القدس رکھا تاکہ اس لفظ سے اُن کی شان کی بزرگی اور اُن کے دل کی پاکیزگی
وانھم سیلقبون بھذا اللقب فی یوم القیامۃ لیری اللّٰہ خلقه مقام
کُھل جائے اور وہ عنقریب قیامت کو اس لقب سے پکارے جائیں گے تاکہ خدا تعالیٰ لوگوں پر اُن کا مقام انقطاع
انقطاعھم ولیمیز بین الخبیثین والطیّبین۔ ولعمر اللّٰہ ان ھٰذا
ظاہر کرے اور تاکہ خبیثوں اور طیبوں میں فرق کر کے دکھلاوے۔ اور بخدا یہی بات حق ہے
ھو الحق فتدبّروا فی کتاب اللّٰہ ولا تنکروا مستعجلین۔ وامّا عیسٰی
پس تم کتاب اللہ میں تدبّر کرو اور جلد بازی سے انکار مت کرو۔ مگر عیسٰی

عليه السلام فانت تعلم ان القرآن لا يسميه الٰهًا ولا ابن الٰه بل

علیہ السلام کے بارہ میں تو توخوب جانتا ہے کہ قرآن ان کا نام خدا یا ابن خدا نہیں رکھتا بلکہ

يبرّءه مما قيل ويردّ الاقاويل افراطًا كانت او تفريطًا ويقيم عليه

اُس کو ان تمام قولوں سے بری کرتا ہے جو اُس کے حق میں بڑھا کر یا گھٹا کر کہے گئے تھے اور دلائل سے

الدليل ويبيّن انه عبد ومن المقربين۔ وقال فی مقام وقالوا اتّخذ

ثابت کرتا ہے کہ وہ بندہ اور مقرب الٰہی ہے۔ اور ایک مقام میں فرماتا ہے کہ عیسائی کہتے ہیں

الرحمٰن ولدًا سبحانه بل عباد مكرمون۔ ومن يقل منهم انی اله

کہ عیسٰی خدا کا بیٹا ہے خدا بیٹوں سے پاک ہے بلکہ یہ عزت دار بندے ہیں اور جو اُنمیں سے یہ کہے کہ بدون خدا کے

من دونه فذٰلك نجزيه جهنم كذٰلك نجزی الظّٰلمين۔ واشترط

میں بھی خدا ہوں سو ایسے شخص کی سزا جہنم ہوگی اور اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیا کرتے ہیں۔ اور قرآن نے جو

قول الظّٰلمين بلفظ من دونه ليخرج به قومًا اصبی الحب قلوبهم

ظالمین کے لفظ کے ساتھ مِنْ دُوْنِہٖ کی شرط لگا دی ہے اور کہا ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ مَیں خدا کے سوا خدا

وهيّج كروبهم حتی غلبت عليهم المحوية والسكر وجنون العاشقين

ہوں سو یہ شرط مِنْ دُوْنِہٖ کی یعنی سوا کی اِسواسطے لگائی ہے تا اُن لوگوں کو ظالم ہونے سے مستثنیٰ رکھے ہیں جن کے

فخرجت من افواههم كلمات فی مقام الفناء النظری والجذبات السماوی

دلوں کو اُنکے دوست حقیقی نے اپنی طرف کھینچ لیا اور اُنکے دلوں میں بیقراریاں پیدا کیں یہانتک کہ اُنکے دلوں پر محویت

وورد عليهم وارد فكانوا من الوالهين۔ فقال بعضهم ما فی جبتی الا الله

اور سُکر اور عاشقوں سا جنون آگیا سو فنا نظری کی حالت اور جذب سماوی کیوقت میں اُنکے مُنہ سے کچھ ایسی باتیں نکل گئیں اور

وقال بعضهم ان يدی هذه يد الله وقال بعضهم انا وجه الله الذی

بعض واردات اُن پر ایسے وارد ہوئے کہ وہ عشق کی مستی سے بیہوشوں کیطرح ہوگئے سو بعض نے اس مستی کیحالت میں کہا کہ میرے جبّہ میں

وجهتم اليه وانا جنب الله الذی فرطتم فيه وقال بعضهم انا اقول

خدا ہی ہے اور کوئی نہیں اور بعض نے کہا کہ میرا یہ ہاتھ خدا کا ہاتھ ہے اور بعض نے کہا کہ مَیں ہی وجہ اللہ ہوں جسکی طرف تم نے

وانا اسمع فهل فی الدار غیری وقال بعضهم انا الحق فهٰولاء کلّهم

منہ کیا اور مَیں ہی جنب اللہ ہوں جسکے حق میں تم نے تقصیر کی اور بعض نے کہا کہ مَیں ہی کہتا ہوں اور مَیں ہی سُنتا ہوں اور میرے سوا

معفوّون فانهم نطقوا من غلبة کمال المحویة والانکسار لا من الرعونة

اور گھر میں کون ہے اور بعض نے کہا کہ میں ہی حق ہوں سو یہ تمام لوگ مرفوع القلم ہیں کیونکہ وہ کمال محویت سے بولے ہیں نہ رعونت اور

والاستکبار وحقّت بهم سکر صهباء العشق وجذبات الحب المختار

تکبر سے اور شراب عشق کے نشہ اور دوست برگزیدہ کے جذبات نے اُن کو گھیر لیا سو یہ آوازیں

فخرجت هذه الاصوات من خوخة الفناء لا من غرفة الخیلاء و

فنا کی کھڑکی سے نکلیں نہ تکبر کے بالاخانہ سے اور دُون اللہ کی طرف انہوں نے قدم نہیں اُٹھایا

ما نقلوا الاقدام الی دون الله بل فنوا فی حضرة الکبریاء فلا شك

بلکہ حضرت کبریا میں فنا ہوگئے سو کچھ شک نہیں کہ اُن پر ان کلمات سے

انهم غیر ملومین۔ ولا یجوز اتباع کلماتهم وحرص مضاهاتهم

کوئی ملامت نہیں۔ اور اُن کے ان کلمات کی پیروی جائز نہیں اور نہ یہ روا ہے کہ اُنکی مشابہت کی

بل هی کلم یجب ان تُطوی لا ان تروی ولا یواخذ الله الا الذین

خواہش کی جائے بلکہ یہ ایسے کلمے ہیں کہ لپیٹنے کے لائق ہیں نہ اظہار کے لائق اور خدا تعالیٰ اُنہیں سے مؤاخذہ

کانوا من المتعمدین المُجترئین۔

کرتا ہے جو عمداً چالاکی سے ایسے کلمے مُنہ پر لاویں۔

وعجبت للنصاریٰ ولا عجب من المسرفین انهم یقرون بان

اور مجھے عیسائیوں سے تعجب آتا ہے اور جو زیادتی کرے اُس پر کچھ تعجب بھی نہیں وہ اقرار کرتے ہیں کہ

عیسٰے کان عبد الله وابن اٰدم وکان یقول انی رسول الله وعبده

عیسٰے خدا کا بندہ اور ابن آدم تھا اور کہا کرتا تھا کہ مَیں خدا کا بندہ اور اُس کا رسول ہوں

وحث الناس علی التوحید والاجتناب من الشرك وانکسر وتواضع

اور توحید کے لئے رغبت دیتا تھا اور شرک سے ڈراتا تھا اور کسر نفسی اسمیں اتنی تھی کہ

وقال لا تقولوا لی صالحا ثم یجعلونه شریك الباری ویحسبونه رب

اُس نے کہا کہ مجھے نیک مت کہو پھر یہ لوگ اُس کو خدا تعالیٰ کا شریک ٹھہراتے ہیں اور اُس کو

العالمین ویقولون ما یقولون ولا یخافون یوم الدّین۔ ویظنون ان

ربّ العالمین سمجھتے ہیں اور جو کہتے ہیں سو کہتے ہیں اور قیامت کے دن سے نہیں ڈرتے۔ اور یہ خیال کر رہے ہیں کہ

المسیح صُلب ولُعن لاجل معاصیہم و اُخذ لانجاءھم وعُذب

مسیح اُن کے گناہوں کے لئے مصلوب اور ملعون ہوا اور اُنکے بچانے کے لئے ماخوذ اور معذب ہوا

لتخلیصہم وان الخلق احفظ الاب بذنوبہم وکان الاب فظا

اور خلقت نے باپ کو اپنے گناہوں سے غصہ دلایا اور باپ

غلیظ القلب سریع الغضب بعیدا عن الحلم والکرم مغتاظا

سخت دل سریع الغضب تھا حلم اور کرم اسمیں نہیں تھا

کالحرق المضطرم فاراد ان یدخلہم فی النار فقام الابن ترحما

بلکہ غصہ سے آگ کی طرح بھڑکا ہوا تھا سو اُس نے چاہا کہ خلقت کو دوزخ میں ڈالے سو بیٹا بدکاروں پر رحم

علی الفجار وکان حلیما رحیما کالابرار فمنع الاب من قہرہ و

کرکے شفاعت کے لئے کھڑا ہو گیا اور بیٹا حلیم اور رحیم اور نیک آدمی تھا پس اُس نے اپنے باپ کو قہر اور

زیادتہ فما امتنع وما رجع من ارادتہ فقال الابن یا ابت انکنت

زیادت سے منع کیا مگر باپ اپنے ارادہ سے باز نہ آیا سو بیٹے نے کہا کہ اے باپ اگر تیرا یہی ارادہ

ازمعت تعذیب الناس واھلاکہم بالفاس ولا تمتنع ولا تخف ولا

ہے کہ لوگوں کو ہلاک کرے اور کسی طرح تو اُن کو نہیں بخشتا اور نہ

ترحم ولا تزدجر فہا انا احمل اوزارھم واقبل ما اباذہم فاغفرلہم

رحم کرتا ہے سو مَیں تمام لوگوں کے گناہ اپنی گردن پر لے لیتا ہوں سو ان کو تو بخشدے اور جو تو نے عذاب

وافعل بی ما ترید ان کان قلیلا او یزید فرضی الاب علی ان یصلب

دینا ہے وہ مجھے عذاب دے سو اِس کلمہ سے باپ غضبناک راضی ہو گیا اور اسکے حکم سے بیٹا پھانسی دیا گیا

ابنه لاجل خطایا الناس فنجا المذ نبین و اخذ المعصوم وعذ به
تاگناہگاروں کو چھوڑا دے اور گناہگاروں کی طرح اس معصوم پر

بانواع الباس کالمذ نبین۔ هٰذا ما قالوا ولٰکن العجب من الاب
عذاب ہوًا - یہ وہ باتیں ہیں جو عیسائی کہتے ہیں لیکن باپ سے تعجب ہے کہ وُہ اپنے

الّذی کان نشوا نًا او فی السبات انه نسی عند صلیب ابنه ما کتب
بیٹے کو پھانسی دینے کے وقت اپنے اُس قول کو بھُول گیا جو توریت میں کہا تھا کہ مَیں اُسی کو

فی التورات وقال لا اهلك الا الذی عصانی ولا اٰخذ احدًا مکان
ہلاک کروں گا جو میرا گناہ کرے اور مَیں ایک کی جگہ دُوسرے کو نہیں پکڑوں گا سو اُس نے

احد من العصاة فنکث العهد و اخلف الوعد وترك العاصین و
عہد کو توڑا اور وعدہ کے خلاف کیا اور گناہگاروں کو چھوڑ دیا اور

اخذ احدا من المعصومین لعله ذهل قوله السابق من کبر السن
ایسے آدمی کو پکڑا جس پر کوئی گناہ نہیں تھا شائد وہ اپنا پہلا قول بباعث بڑھاپے

و ارذل العمر وکان من المعمرین۔
اور پیرانہ سالی کے بھُول گیا کیونکہ معمر تھا۔

والعجب من الابن انه کان یعلم انّ معشر الجنّ سبق الانس
اور بیٹے سے یہ تعجب ہے کہ وہ خوب جانتا تھا کہ جنّوں کا گروہ آدمیوں سے

فی الخطاء ولا ینتهجون محجة الاهتداء بل تجاوزوا الحد فی شباءة
گناہ میں بڑھ گیا ہے اور وہ سیدھا راستہ اختیار نہیں کرتے بلکہ بے راہی کی تیزی میں حد سے زیادہ بڑھ

الاعتداء ثم تغافل من امر سیاٰتهم وما توجه الی مواساتهم
گئے ہیں پھر اُس نے اُن کے بارے میں تغافل کیا اور اُن کی ہمدردی کے لئے کچھ توجہ نہ کی

وما شاء ان ینتفع الجنّ من کفارته ویکون لهم حیات من اٰبارته
اور نہ چاہا کہ اُس کے کفارہ سے جنّ کا گروہ فائدہ اُٹھا دے اور ان کو اس اَبدی عذاب سے

ونجات من نار ابدية التي اعدت لهم فما نفعهم ابارته ولا كفارته
نجات ہو جو اُن کے لئے تیار کیا گیا ہو سو جنّوں کو اُسکے مصلوب ہونے نے کچھ بھی فائدہ نہ پہنچایا حالانکہ
وكانوا يومنون بالمسيح كما شهد عليه الانجيل بالبيان الصريح
وُہ اسپر ایمان لاتے تھے جیساکہ اسپر انجیل گواہی دے رہی ہے پس گویا بیٹے نے اپنے اِس
فكان الابن ما دعا تلك المذنبين الى هذا القرى وتقاعس كبخيل و
کفارہ کی مہمانی کی طرف ان گناہگاروں کو نہیں بلایا اور بخیلوں کی طرح
ضنين ومن المحتمل ان يكون للاب ابن اخر. صلب لتلك المعشر
تاخیر کی اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ باپ کا کوئی اور بیٹا ہو۔ جو جنّوں کے لئے پھانسی دیا گیا ہو
بل من الواجبات ان يكون كذلك لتنجية العصاة. فان ابنا اذا صلب
بلکہ یہ تو واجبات سے ہے کہ ایسا ہی ہو کیونکہ جب ایک بیٹا نوع انسان
لنوع الانسان مع قلة العصيان فكم من حري ان يُصلب ابن آخر.
کے لئے جو تھوڑے ہیں پھانسی دیا گیا پس کس قدر لائق ہے کہ ایک دوسرا بیٹا جنّوں کیلئے پھانسی ملے جو
لنوع جنى الذى ذنبهم اكبر واكثر. والا فيلزم الترجيح بلا مرجح باليقين
گناہ اور تعداد کے لحاظ سے بنی آدم سے بڑھے ہوئے ہیں۔ ورنہ ترجیح بلا مرجح لازم آئیگی
ويثبت بخل الاب او بخل البنين ولا شك ان فكر مغفرة قوم
اور باپ اور بیٹوں کا بخل ثابت ہوگا اور کچھ شک نہیں کہ ایک قوم کی مغفرت کا فکر
حادين والتغافل من قوم اخرين عدول صريح وظلم مبين بل
دوسری قوم سے تغافل صریح ظلم اور بیجا کارروائی ہے بلکہ
يثبت من هذا جهل الاب المنان اما كان يعلم ان المذنبين قومان
اِس سے تو باپ کا جہل ثابت ہوتا ہے کیا اُس کو معلوم نہیں تھا کہ گناہگار لوگ دو قومیں ہیں
ولا يكفى لهم صليب بل اشتدت الحاجة الى ان يكون ابنان و
صرف ایک قوم تو نہیں سو دو قوموں کیلئے صرف ایک بیٹے کا پھانسی دینا کافی نہیں بلکہ کافی طور پر یہ مقصد

صلیبان لا یقال ان الابن کان واحد افرضی لیصلب لنوع الانسان
تب پورا ہو سکتا ہے کہ جب دو بیٹوں کو پھانسی دیا جاتا یہ بات کہنے کے لائق نہیں کہ بیٹا تو صرف ایک

وما کان ابن اٰخر لکفارۃ ابناء الجان لانا نقول فی جوابہ ان الاب
ہی تھا وہ اسی پر راضی تھا کہ وہ فقط نوع انسان کیلئے پھانسی دیا جاوے کوئی دوسرا بیٹا تو نہیں تھا کہ تا جنوں کیلئے

کان قادرًا علیٰ ان یلد ابنا آخر وما کان کالعاجز الحیران فلا ریب
پھانسی دیا جاتا کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ باپ اس بات پر قادر تھا کہ اس بات کے لئے کوئی اور بیٹا جنے جیسا کہ اُسنے پہلا بیٹا

انہ ترک الجنّ عمدًا ومن النسیان اوما صلب ابنًا ثانیًا مخافۃ بترہ
جنا پس کچھ شک نہیں کہ اُس نے جنوں کے گروہ کو عمدًا عذاب ابدی میں چھوڑا اور محض بخل کی راہ سے اُنکے لئے کوئی

کالجبان ومن المحتمل ان یکون الابن الاٰخر احبّ من الابن الاول
پھانسی پر نہ لٹکایا اور یہی گمان ہو سکتا ہے کہ چھوٹا بیٹا بڑے بیٹے سے زیادہ پیارا ہو اور یہ کچھ تعجب کی بات

الی الاب التوقان وھذا لیس بعجیب عند ذوی الاذھان فانہ قد
نہیں کیونکہ کبھی یہ بھی اتفاق ہو جاتا ہے کہ

یتّفق ان الاصغر من الابناء یکون احبّ الی الاٰباء ففکر فی ھٰذہ
چھوٹا بڑے سے باپ کو زیادہ پیارا ہوتا ہے پس اس بات میں فکر کر

الآراء وفی الٰہٍ ھوذو بنات وبنین وسبحانہ ربّنا عمّا یخرج من افواہ
اور اُس خدا کے بارہ میں جس کے بیٹے اور بیٹیاں ہیں۔ اور ہمارا خدا ان باتوں سے پاک ہے جو ظالموں کے

الظالمین۔
مُنہ سے نکلتی ہیں۔

ثم بعد ذٰلک نریٰ ان آدم کان اوّل ابناء اللّٰہ فی نوع الانسان
پھر بعد اسکے ہم دیکھتے ہیں کہ پہلا بیٹا تو نوع انسان میں سے آدم ہی تھا

وقد اقرت اناجیل النصاریٰ بھذا البیان ومن المعلوم ان الفضل
چنانچہ انجیلیں اس بات کا اقرار کرتی ہیں اور یہ تو معلوم ہے کہ بزرگی پہلے ہی کو ہوتی ہو اور وہ تو بزرگی نہیں

۹۷

للمتقدم لا للذی جاء بعده کالمضاھئین۔ قد خلق اللہ آدم بیدہ وعلی
کہلاتا جو پیچھے سے آوے اور پہلے کی ریس سے کوئی بات مُنہ پر لاوے اور خدا نے تو آدم کو اپنے ہاتھ سے اور

صُورته و نفخ فیه روحه بکمال محبته و امّا المسیح فما کان لبنة
اپنی صورت پر پیدا کیا تھا اور کمال محبت سے اسمیں اپنا رُوح پھونکا مگر مسیح تو

اوّل الاساس بل جاء فی اُخریات الناس وکان من المتاخرین۔ ثم
پہلی بنیاد کی اینٹ نہیں تھے بلکہ وہ تو آخری لوگوں میں آیا اور متاخرین میں سے کہلایا۔ پھر

العجب ان اله النصاریٰ ولد الابن ولم یلد البنات کانه عاف
تعجب یہ ہو کہ نصاریٰ کے خدا نے بیٹا تو جنا مگر بیٹی کوئی نہیں جنی گویا اُس نے داما دوں سے

الاختان اوکرہ ان یصاھر الا الصفتات او لم یجد لمثله الشرفاء
کراہت کی اور نہ چاہا کہ کوئی غیر کفو اس کا داماد ہو یا اپنے جیسا کوئی عزت دار نہ پایا

السراۃ فهل من اعجوبة فی السّکریٰ مثل اطرونة النصاریٰ ام هل
جس کو لڑکی دیوے پس کیا عیسائیوں کے عقیدوں کے اعجوبہ کی طرح کوئی اور بھی اعجوبہ ہے یا اُنکی مانند

رئیت مثلهم من المغلسین۔ والاصل الموجب الجالب الی هذه
تو نے کوئی اور بھی اندھیرے میں رات میں چلتا دیکھا۔ اور اصل موجب جس نے عیسائیوں کو اِس

العقیدۃ الفاسدۃ والامتعة الکاسدۃ انهما کهم فی الدنیا مع
عقیدہ کی طرف کھینچا اُن کا دُنیا میں غرق ہونا ہے پھر اسکے ساتھ

هجوم انواع العصیان وشوق نعماء الجنان مع رجس الجنان وانت
قسما قسم کے گناہ اور پھر دل کی پلیدی کے ساتھ آخرت کی نعمتوں کا شوق اور تو جانتا ہے کہ لالچ حق بینی کی

تعلم ان الشرہ یُعمی عین رویة الصواب فلا یفتش الشحیح العجول
آنکھ کو بند کر دیتا ہو پس لالچی اور شتاب کار آدمی نشیب فراز کو کچھ نہیں دیکھتا

من الوھاد والحداب بل یسعی مُستعجلا الیٰ ملامح السراب بمجرد
پس اُس ریت کی طرف جلدی سے دوڑتا ہے جو پانی کی طرح دکھلائی دیتی ہے

استماع قول الکذاب و اذا بلغها فلا یجد الا وادی التباب فتضرم[1]
اور ایک جھوٹے کی بات کو سُن کر اعتبار کر لیتا ہو اور جب اُس ریت پر پہنچتا ہو تو بجز ایک جنگل ہلاک کرنیوالے کے

نار العطش و تثب علیه کالذیاب و یحترق القلب کاحتراق الجلباب
اور کچھ نہیں پاتا تب اُسوقت پیاس کی آگ بھڑکتی ہو اور اُسپر بھیڑیوں کیطرح حملہ کرتی ہو اور اُس کا دل ایسا جلتا

فیسقط علی الارض من غلبة الاضطراب و یطیر روحه کالطیر و
ہے جیساکہ ایک چادر کو آگ لگ جاتی ہو پس بیقرار ہوکر زمین پر گر پڑتا ہو اور اُسکی روح پرند کیطرح پرواز کر

یلحق بالمیتین۔
جاتی ہو اور مُردوں سے جا ملتی ہو۔

فمثل قوم اتکؤا علی الکفارة من کمال الجهل و الغرارة
پس ان لوگوں کی مثال جو کفارہ پر اپنے جہل اور نادانی کی وجہسے تکیہ کئے بیٹھے ہیں اُن لوگوں کی

کمثل حمق الّذین کانوا من قوم متنصّرین۔ طحطح بهم قلّة
مانند ہیں جو ایک گروہ بیوقوف عیسائیوں کا تھا اور ایسا اتفاق ہوُا کہ وہ لوگ قلّت مال

المال و کثرة العیال حتی کان الفقر حصادهم و الترب مهادهم
اور کثرت عیال کی وجہ سے ایسے پریشان خاطر ہوئے کہ محتاجگی نے جس طرح کہ گھاس کاٹا جاتا ہو

و طعامهم بعض الافانی و سحناءهم کالشیخ الفانی و کانوا من شدة
اُنکو کاٹ دیا اور زمین اُن کا بچھونا ہوگیا اور کھانا اُن کا گھاس پات ہوگیا اور اُنکی شکل مارے فاقوں کے بڈھوں

بوسهم مضطرین۔ فقیض القدر لنصبهم و وصبهم ان جاءهم
کی سی ہوگئی اور اپنے فقر فاقہ سے وہ سخت محتاج ہوئے پس بُری تقدیر نے اُن کے لئے یہ اتفاق

شیخ شخت الخلقة دقیق المشرکة حقیر السحنة و کان توجد فیه
پیش کیا کہ ایک دُبلا سا بڈھا اُنکے پاس آیا جسکے مکروں کی جالی بہت ہی باریک تھی اور وہ کچھ رُودار صورت

آثار الخصاصة و الافتقار و یبیّن حاله الحذاء المرقع و بلی الاطمار
نہیں تھا اور اس میں ناداری اور محتاجگی کے آثار نمایاں تھے اور اُسکی پھٹی پُرانی جوتی اور پرانی چادریں بتلا رہی تھیں کہ

[1] فتضطرم (شمس)

فدخل وعليه بُردان رثّان وفی یده سبحة کسبحة الرُهبان وکان سائلا
کِس شان کا آدمی ہی پس وہ اُن عیسائیوں کے گھر میں داخل ہُوا ایسی حالت میں کہ دو پرانی چادریں اُسپر تھیں اور ایک
مُعترا وشعثا مُغبّرا قد لقی متربة وضرّا حتی انثنی محقوقفا مصفرا و
تسبیح ہاتھ میں جیساکہ راہبوں کے ہاتھ میں ہوتی ہی اور دراصل وہ ایک محتاج پریشان حال تھا جو کمال درجہ کی محتاجگی
کان لبسه کثیر الانخراق بادی الاخریراق وکانت هیئتهٔ تشهد علی
تک پہنچ چکا تھا یہانتک کہ وہ زرد رنگ اور خم پُشت ہوگیا اور کپڑے جا بجا پھٹے ہوئے تھے جنکو وہ چھپا نہیں سکتا تھا اور اُسکی
انه ما اصاب بلة ولا بلة وان هو الا معروق العظم ومن الطالحین
صورت کہہ رہی تھی کہ ایک ادنی سی بہبودی بھی اُسکو حاصل نہیں اور وہ ایک بدبختی کی حالت میں ہے۔ سو اسی حالت میں
فولج حلقتهم بسوء حاله وافانین مقاله لیخدعهم بزخرفة محاله فسلّم
وہ اُنکے حلقہ میں داخل ہُوا اور لگا باتیں بنانے تاکہ اپنی آراستہ کلام سے اُنکو دھوکا دے سو اُسنے پہلے تو سلام کیا اور
ثم کلم وقال هل ادلکم الی مکسب مال تنجیکم من اقلال فتکونون
پھر گفتگو شروع کی اور کہا کہ کیا میں تمہیں ایک ایسی آمدن کی راہ بتاؤں جو تمہیں ناداری کی حالت سے نجات بخشے اور تم اس سے
ذوی املاك ورياض وترفلون فی ذیل فضفاض وتفعمون صناديقكم
بڑے مال مِلک والے ہو جاؤگے اور تمہارے باغ ہونگے اور فاخرانہ کپڑوں میں لٹکتے پھروگے اور روپیہ سے اپنے صندوق اس قدر
کما یفعم الماء فی حیاض فتصبحون متنعّمین۔ فرغبوا من حمقهم
بھر لوگے کہ جس طرح حوضوں میں پانی ہوتا ہے اور بڑے مالدار ہو جاؤگے۔ سو انہوں نے بیوقوف عیسائیوں کے دل
وشدة شحهم فی الاموال وقالوا مرحبا لك تعال ودلنا الی
اپنی حماقت اور لالچ کیوجہ سے ایسے مال لینے کیلئے للچائے اور کہا کہ مرحبا تشریف لائیے اور ہمیں ایسی راہ بتائیے اور ہم وہی
هذا المنوال وانا نفعل کلما تامر ونحضر اینما تحضر وستجدنا من
کرینگے جو آپ فرمائیں گے اور جس جگہ حاضر ہونے کو کہوگے حاضر ہو جائیں گے اور ہم کو آپ
المتمثّلین الشاکرین۔ ففرح الخدعة فی قلبه علی قید الصید واصا
فرمانبردار اور شکرگذار پاؤگے۔ پس وُہ مکار یہ باتیں سُنکر اپنے دل میں بہت خوش ہُوا اور سمجھا کہ شکار مارا گیا

صہ ٨١

الكيد وعرف انهم سقطوا فى شبكته واغتروا بجذ يعته وجاؤا تحت
اور فریب چل گیا اور وہ احمق اُسکے دام میں پھنس گئے اور اُسکے فریب میں آگئے اور اُسکی سیٹی سُن کر اُسکے جال کے
نخّه بصفيره وزفرته فكلّمهم باحاديث ملفقة واكاذيب مزخرفةٍ
نیچے آبیٹھے سو کہیں کی کہیں لگا کر جھوٹی باتیں سُنانے لگا اور کہنے لگا کہ کیا سبب ہے کہ مجھ کو تم پر بڑا ہی
وقال مالى ياخذ لى رقة عليكم ويهوى قلبى اليكم لعل الله قدرلكم
رحم آتا ہے شاید خدا تعالیٰ نے میرے چشمہ میں تمہاری کچھ قسمت لکھی ہے
حظّا فى منهلى ونزلا فى منزلى واراد ان يجعلكم من المتمولين۔ وقد
اور میرے مہمانخانہ میں تمہاری مہمانی مقدر ہے اور شائید خدا تعالیٰ نے چاہا کہ تم کو مالدار کر دے۔ اور مجھے
كنتُ اعلم انكم من اكرم جرثومةٍ واطهر ارومة ومن ابناءِ بُناة المجدُ
پہلے سے معلوم ہے کہ تم لوگ بڑے خاندان کے آدمی اور اصیل ہو اور نیز رئیسوں کے بیٹے اور دولتمندوں
ارباب الجد والاٰن اراكم بصفر اليد فالقى فى قلبى ان ارحمكم واُشفق
کی اولاد ہو اور اب میں تم کو افلاس کی حالت میں دیکھتا ہوں سو میرے دل میں ڈالا گیا جو میں تم پر رحم اور
عليكم. واقوم لمواساتكم ودفع آفاتكم وكذالك وقعت شيمتى واستمرت
شفقت کروں اور تمہاری ہمدردی کیلئے کھڑا ہو جاؤں اور اسی طرح میری عادت ہے
عادتى وخير الناس من ينفع الناس ويعين ذوى الفاقات والمساكين۔
کیونکہ نیک آدمی وہی ہوتا ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے اور مسکین لوگوں کی مدد کرے۔
وستجمون عود دعواى وحلاوة جناى وانى لمن الصّادقين فكلوا
اور تم عنقریب میرے دعوے کی شاخ کا پھل آزمالوگے اور میرے پھل کی حلاوت تمہیں معلوم ہو جائیگی
هنيئًا مريئًا هذه المائدة الواردة واستقبلوا هذه الدولة الحاردة
اور میں سچا ہوں سو تم اس کھانے کو جو اترا ہے خوب سیر ہو کر مزہ سے کھاؤ اور اس دولت کیطرف رُخ کرو
وخذوا تلك الغنيمة الباردة شاكرين۔
جس نے تمہاری طرف آنیکا قصد کیا اور س مالِ مفت کو شکر کے ساتھ لے لو۔

فاذھبوا سارعین مبادرین الی بیوتکم لتحطوا اجر قنوتکمؕ واتونی
سو اپنے گھروں کیطرف جلدی کرکے دَوڑو تاکہ تم کو اِس فرمانبرداری کا اجر ملے اور میرے پاس

۸۲ بما کان عندکم من اثارة مال بقی من زوال من نوع حلیة من ذھب
وہ سب مال لے آؤ جو از قسم زیور چاندی اور سونے کے تمہارے گھروں میں باقی رہ گیا ہو اور اپنے ہمسائیوں اور

کان او فضةٍ او حلی جیرانکم وخلانکم ولا تترکوا شیئًا منھا و ارجعوا
دوستوں کے بھی زیور لے آؤ اور اپنے گھروں میں کچھ نہ چھوڑو اور پھر جلد واپس آجاؤ۔

مستعجلین۔ وانی اقرء علیھا کلمات کُرقیةٍ واعکف علیٰ ھذا العمل
اور میں اُن زیوروں پر ایک منتر پڑھوں گا اور چند گھنٹے وُہی عمل کرتا رہونگا تب

الی بضع ساعة فتھیج فی الحلی ثورة مزیة وکل حلیة تربو و تنمو و
زیوروں میں ایک جوش بڑھنے کا پیدا ہوگا اور ہر یک زیور پھولے گا اور بڑھے گا اور انکا بڑھنا صاف

الزیادات فیھا تبدو حتی تکون الحلی مائة امثالھا۔ وتنزل علیھا
معلوم ہو جائے گا یہاں تک کہ وُہ زیور سَو گُنا ہو جائے گا۔ اور اُس پر کامل

برکات بکمالھا و تعجب الناظرین۔
برکتیں نازل ہوں گی اور دیکھنے والے تعجب کریں گے۔

ولا تعجبوا لھذا الحدیث فان فیه سرّ کسّر التثلیث فلا
اور اِس عمل سے کچھ تعجب مت کرو کیونکہ یہ بھی ایک ایسا ہی بھید ہے جیساکہ تثلیث کا بھید سو تم

تسئلونی عن دلائل کفلسفیین۔ العمل عجیب و الوقت قریب و
فلسفیوں کی طرح اس کے دلائل مت پُوچھو۔ عمل عجیب ہے اور وقت قریب ہے اور تم

تکونون من بعد قومًا متنعّمین فاغترّوا بقول الکاذب المکار و
بعد اس کے بڑے مالدار ہو جاؤ گے پس وہ لوگ اُس فریبی کی بات پر دھوکا کھا گئے

حسبوا ھذا العمل کالتثلیث من الاسرار بما لکزھم حمار الجھل
کیونکہ جہالت کا گدھا اُن کو ایسی لات مار چکا تھا جو کاٹنے والی تھی

الجذار و بترهم سیف الشح البتار فالقت فی الضلالة الثانیة
اور لالچ کی تلوار اُن کو دو ٹکڑے کر چکی تھی سو ایک گمراہی نے اُن کو دوسری

الضلالات الاُولیٰ و تکونت من ظلمة اُخریٰ۔ فما لوا الیه کما
گمراہی میں ڈال دیا اور ایک اندھیرے سے دُوسرا اندھیرا پیدا ہوگیا۔ پس اُسکی طرف ایسے مائل

کانوا مالوا الیٰ عقائد المسیحیین۔ قالوا ما نشق عصا امرك وما
ہوگئے جیساکہ وہ مسیحی عقیدوں کی طرف مائل تھے۔ اور کہا ہم تیرے حکم کا انکار نہیں کرتے اور تیرے

نلغی تلاوۃ شکرك وقد اتیتنا من الغیب کملٰئکة منجیین فبادروا
شکر کو ہم نہیں چھوڑینگے اور تو تو ہمارے لئے غیب سے ایسا اُترا جیساکہ فرشتے نجات دینے والے اُترتے

الیٰ بیوتهم فی فکر قوتهم و تنضیر سبروتهم وما شکوا وما تقاعسوا
ہیں پھر وہ لوگ اپنے گھروں کی طرف دَوڑے اِس فکر میں کہ قوت کا سامان ہوجائے اور زمین خشک سرسبز

بل کُلّ منهم ذهب لیاتی به الذهب وزاب لیزداب وکانوا فی
ہوجائے اور کچھ شک نہ کیا اور نہ تاخیر کی بلکہ ہر ایک اُنمیں سے دَوڑا تاکہ سونا لائے اور چلنے میں جلدی کی تاکہ وہ کچھ بہار

سکرۃ حرصهم کالمجانین۔ فلمّا دخلوا ربوعهم مراحًا قالوا لاهلها
اُٹھالیوے اور اپنی حرص کے نشہ میں سودائیوں کیطرح ہو رہے تھے۔ اور پھر جبکہ وُہ اپنے گھروں میں خوش خوش داخل ہوئے

انعموا صباحًا ثم قصّوا علیهم القصّة وهنّؤهم متبسمین
تو داخل ہوکر کہنے لگے کہ گڈ مارننگ پھر اُن لوگوں کو تمام قصّہ سے مطلع کیا اور ہنس ہنس کر اُنکو مبارکباد دی

فصدقوا قولهم الّذین کانوا کمثلهم فی الجهالة ونظیرهم فی
پس اُن لوگوں نے جو جہالت اور گمراہی میں ویسے ہی تھے اُن کی باتوں کی تصدیق کی

الضلالة وکانوا یتفنون فرحین۔ فنزعوا الحلیّ من اعضاء
اور مارے خوشی کے گانے لگے۔ پھر اُن لوگوں نے اپنی عورتوں کے اعضاء

نساءهم واٰذان امائهم وآناف بناتهم وایدی اخواتهم وارجل
اور اپنی لونڈیوں کے کانوں اور اپنی بیٹیوں کے ناکوں اور اپنی بہنوں کے ہاتھوں اور اپنی

أمهاتهم و اشركوا في تلك التجارة نساء اصدقاءهم و ازواج احباءهم

ماؤں کے پیروں سے زیور اُتارے اور اس تجارت میں اُن لوگوں کو بھی شریک کر لیا جو اُنکے دوستوں کی عورتیں اور اُن کے

بل نسوان جيرانهم وعذارى اقرانهم وغادر وهنّ كاشجار خالية من

آشناؤں کی بیویاں تھیں بلکہ اپنے ہمسائیوں کی عورتوں اور اپنے ہم مرتبہ لوگوں کی کنواری لڑکیوں کو بھی اس تجارت میں داخل

ثمار وغادر كل احد بيته انقى من الراحة طمعًا في كثرة المال و

کیا اور اُن عورتوں کو ایسی حالت میں چھوڑا جیسا کہ درختوں سے پھل اُتارا جاتا ہے اور ہر ایک نے اپنے گھر کو ہتھیلی کی طرح صفاچٹ

زيادة الراحة ثم رجعوا مستبشرين۔ و نبذ و الحلي امام يديه

چھوڑا اس طرح سے کہ مال بڑھے گا اور بہت آرام ہوگا پھر خوش خوش واپس آئے۔ اور آکر اس مکار کے آگے تمام زیور ڈال دیا

فرحين فلما رای المكار امتلاء كيسه و انجلاء بؤسه ورأى حمقهم

اور اس حرکت کرنیکے وقت بہت خوش تھے۔ پس جبکہ اس مکار نے دیکھا کہ اُس کا تھیلا بھر گیا اور سختی جاتی رہی اور یہ بھی

وجهلهم فرح فرحًا شديدًا و وجد نفسه غنيًا صنديدًا قال اعلم انكم

دیکھا کہ یہ لوگ کیسے احمق اور جاہل ہیں تو بہت ہی خوش ہوا اور اپنے تئیں ایک غنی رئیس کی طرح پایا کہنے لگا کہ میں

ذو وحظ عظيم۔ ومن الفائزين وستجتنون جنا عملكم و تعلون مطا

جانتا ہوں کہ تم لوگ بڑے ہی خوش قسمت ہو اور اُنہیں سے ہو جو مُراد پاتے ہیں۔ اور عنقریب تم اپنے عمل کا پھل چنوگے

جملكم و تذكرونني الى ابد الآبدين۔

اور اپنے اُونٹ پر سوار ہوگے اور ہمیشہ مجھے یاد رکھوگے۔

ثمّ قال يا معشر الاخيار و اكباد هذه الديار اعلموا انّ هذا

پھر کہنے لگا کہ اے نیکوں کے ٹولو اور اس ولایت کے جگر گوشو آپ لوگ یقیناً جانیں کہ یہ عمل

العمل من الاسرار وقد وجب اخفاءها من الاغيار ومن اشراط

اسرار میں سے ہے اور غیروں سے چھپانا اس کا واجب ہے اور اسکی شرطوں میں سے ہے جو

هذه الرقية قرءتها في الزاوية على شاطئ الوادي عند نهر جار في

اس کو گوشہ خلوت میں پڑھیں کسی جنگل کے کنارہ پر اُس جنگل میں جہاں نہر بھی

البادیة وکذٰلِكَ عُلّمت من المعلّمین۔ فهل تاذنوننی ان افعل

جاری ہو اور اسی طرح مجھے اُستادوں نے سکھلایا ہے۔ اب کیا آپ لوگ اجازت دیتے ہیں کہ میں ایسا ہی

کذا وارجع الیکم بذهب کامثال الربا لترجعوا الیٰ شرکاءکم

کروں اور ٹیلوں کی طرح مال لیکر واپس آؤں تا تم وہ مال لیکر اپنے شریکوں کے پاس جاؤ

بمال مارأته عین الناظرین وسترون قناطیرًا مقنطرة من الذهب

جو کسی آنکھ نے نہ دیکھا ہو اور عنقریب تم ڈھیروں کے ڈھیر سونا اور خوبصورت مال دیکھو گے

الخالص والمال الملیح ولا ترون نظیره فی التنجیة الا کفارة المسیح

اور بجز کفارہ مسیح کے نجات دینے میں اسکی کوئی نظیر نہیں پاؤ گے تمہارے دین کیلئے تو کفارہ مسیح کافی

ویکفی لدینکم الکفارة ولدنیاکم هٰذه الامارة فنجوتم فی الدارین

ہے اور تمہاری دنیا کے لئے یہ امیری مکتفی ہے سو تم دونوں جہانوں میں

من تحریك الیدین ومن جهد الجاهدین۔ قالوا الامر الیكَ والقلوبُ

محنت اور کوشش کرنے سے آزاد ہو گئے۔ انہوں نے عرض کیا کہ ہم تیرے حکم کے تابع ہیں اور

لدیك وانك الیوم لدینا مکین امین۔ قال طوبیٰ لکم ستفتح

ہمارے دل تیرے پاس ہیں اور آج تو ہماری نظر میں بامرتبہ اور امین آدمی ہے۔ کہا شاباش عنقریب تم پر خوشی کے

علیکم ابواب المسرة وتُعطیٰ لکم مفاتیح الدولة بل اعلمکم

دروازے کھلیں گے اور تمہیں دولت کی کنجیاں دی جائیں گی بلکہ میں تمہیں یہ منتر بھی

رقیتی لکیلا تضطربون عند غیبتی ولکی تکون لکم دولة عُظمیٰ

سکھلا دونگا تا میری عدم حاضری میں تمہیں کچھ تکلیف نہ پہنچے اور تا تمہیں ایک ایسی دولت ملے جو بہت بزرگ

وملك لا یبلیٰ قالوا لا نستطیع احصاء شکرك وانّك اکبر المُحسنین

دولت ہے، اور ایک ایسا ملک ملے جس کا انتہا نہیں انہوں نے کہا کہ ہم تیرا شکر نہیں کر سکتے تو سب احسان کرنیوالوں سے بزرگتر ہے

قال جَیْرِمَا علّمتُ احدا هٰذا العمل من قبلکم ولا اعلم بعدکم

اُس نے جواب دیا کہ تم یقیناً سمجھو کہ یہ عمل میں نے تم سے پہلے کسی کو نہیں سکھایا اور نہ بعد تمہارے کسی کو

قومًا آخرین۔ فسألوا عنه سرّ هٰذا التخصیص وحکمة تحدید هذا
سکھاؤنگا۔ پس انہوں نے اِس تخصیص کا بھید اُس سے دریافت کیا اور اِس چمک کے محدود رکھنے کی حکمت پُوچھی پس اُس نے اس
التبصیص فاقسم بالاقنوم الذی یجیر الجانی انه ضاهای هٰذه
اقنوم کی قسم کھائی جو گنا ہگار کو گناہ سے خلاصی بخشتا ہو کہ وہ اس عادت میں اقنوم ثانی سے مشابہ ہو۔ یعنے جیسے اقنوم
العادة بالاقنوم الثانی۔ وجعلهم کالمسیح من المتفردین۔ ثم
ثانی نے حضرت عیسےٰ سی پہلے کسی اور سے تعلق نہیں کیا نہ بعد میں کریگا ایسا ہی اُسنے اس قوم سے تعلّق پیدا کیا اور کہا کہ میں نے
شمّر ذیله لیطیر کالعقاب فخذ ابازعام الذهاب ولا اغتداء
اقنوم ثانی کیطرح ہو کر تمہیں مسیح کی طرح اپنے تعلق سی خاص کردیا ہے۔ پھر اُسنے اپنا دامن اکٹھا کیا تاکہ عقاب کیطرح اُڑ جائے پس اُس نے
الغراب وقال لهم عند الفرار یا سادات الامصار وصنادید الدیار
چلے جانے کی نیّت سی صبح کی ایسی صبح جو کبھی کوّے نے بھی نہ کی ہو اور بھاگنے کیوقت انکو کہنے لگا کہ اے شہروں کے سردارو
سأتیکم الیٰ نِصف النهار فانتظرونی قلیلًا من الانتظار ولا تأخذکم
اور ولائیتوں کے رئیسو میں دوپہر تک تمہارے پاس آؤں گا سو تم نے کچھ تھوڑی سی میری انتظار کرنا اور تمہیں
شئ من الاضطرار فان الرقیة طویلة والبغیة جلیلة والطبیعة
کچھ بیقراری نہ ہو کیونکہ منتر بہت لمبا ہے اور مطلب بہت بڑا ہے اور مراد بہت بڑی ہے اور طبیعت بیمار
علیلة والمسافة بعیدة والبرودة شدیدة وما کنت ان اشق علیٰ
ہے اور دُور جانا ہے اور سردی بہت پڑتی ہے اور میرا دِل نہیں چاہتا کہ اس ضعف اور
نفسی فِی هٰذا الضُّعف والنحافة وما اجد فی بدنی قوة قطع المسافة
پیرانہ سالی میں یہ مشقّت اپنے پر اُٹھاؤں اور میرے بدن میں یہ قوت بھی نہیں کہ اتنی دُور جا سکوں اور
وانّی نبذت علق الدنیا کلّها وترکت کُثرها وقُلّها وما یسّرنی
میں دُنیا کے تمام علاقے چھوڑ بیٹھا ہوں اور مجھے بجُز اس کے کچھ اچھا دکھائی نہیں دیتا جو
الاذکر المسیح ربّ العٰلمین (لعنت الله علی الکاذبین)
مسیح کا ذکر کرتا رہوں جو ربّ العالمین ہے۔

ولٰکنی کلّفت نفسی لکم بما رئیتکم من قبائل الشرفاء و
گر میں نے تمہارے لئے یہ کُلفت اُٹھائی کیونکہ میں نے شریف قبیلوں میں سے تمہیں پایا اور

وجدتکم کا طلال الامراء و فی الضرّاء بعد النعماء و بما تحقّقت
میں نے دیکھا کہ تم امیروں کے باقیماندہ نشان اور بعد نعمت کے سختی میں پڑے ہو اور اس لئے بھی کہ ہم میں اور

المصافات و انعقدت المودّات فهاجت رحمتی وماجت شفقتی
بہت پیار ہو گیا ہے اور دوستانہ ربط ہو چکا ہے سو میری رحمت اور شفقت تمہارے لئے اُٹھی

وجذبنی بختکم المحمود ونجمکم المسعود فاردت ان اجعلکم
اور موجزن ہوئی اور تمہارے طالع محمود اور نیک ستارہ نے مجھے اپنی طرف کھینچ لیا سو میں نے چاہا کہ

کالسلاطین۔ وسارجع الیکم مع الجنیٰ الملتقط فانتظروا بالقلب
تمہیں بادشاہ کیطرح بنا دوں۔ اور میں عنقریب تازہ چنا ہُوا میوہ لیکر تمہارے پاس آؤنگا سو آرزومند دل

المغتبط سترون بیضاء وصفراء کحلیلة جمیلة زهراء وافیکم
کے ساتھ میرے منتظر رہو عنقریب تم سونے اور چاندی کے ایسے جلوہ کو دیکھو گے جیسے کہ ایک خوبصورت

کالمبشرین المستبشرین۔ فذهب وترکهم مغبونین۔ فما فهموا انه
عورت سامنے آجاتی ہے۔ سو اُس نے یہ کہا اور چلا گیا اور اُنکو ٹوٹے میں چھوڑ گیا۔ سو اُنہوں نے نہ سمجھا کہ

غرّ و طلب المفرّ وفرحوا بتصور حصول المراد ولبثوا یرقبونه رقبة
دھوکا دے گیا اور بھاگ گیا اور مراد ملنے کے تصور میں وہ خوش ہوئے اور اُسی جگہ ٹھہر کر ایسے طور سے اُس کی

اهلّة الاعیاد و ینتظرونه انتظار اهل الوداد متنافسین الیٰ ان
انتظار کرتے رہے جیسا کہ عید کے چاند کی انتظار کی جاتی ہے اور جیسا کہ دوست دوست کا منتظر ہوتا ہے یہانتک کہ

تلبسته الشمس کالمتندمین نقابها و سوّدت کالمحزونین ثیابها
سُورج نے شرمندوں کی طرح اپنا مُنہ چھپا لیا اور ماتم زدہ اور سخت غمناک لوگوں کی طرح سیاہ کپڑے پہن لئے

والغت کالمخدوعین حسابها و اختفت بوجه مصفرّ کالمنهوبین
اور اپنے وجود کو دھوکا کھانیوالوں کے مال کی طرح حساب سے نظر انداز کر دیا اور مُنہ زرد کے ساتھ ایسا چھپا جیسا کہ وہ

۸۶

قلمّا طال امد الانتظار وتجاوز الوقت من موعد المكار واضاعوا فی
لوگ زرد رنگ ہو جاتے ہیں جن کے مال لوٹے جاتے ہیں پس جبکہ انتظار کا زمانہ لمبا ہوگیا اور اس مکار کے وعدہ

رقبۃ الزمان وبان ان الرجل قد مان نہضوا کالمجانین۔ وسعوا الیٰ
سے وقت بڑھ گیا اور جبکہ بہت سا وقت اُنہوں نے انتظار میں ضائع کیا اور کُھل گیا کہ وُہ آدمی تو جھوٹ بول گیا تو

کل طرف مفتشین۔ وعدوا الی الیمین والیسار مرتعدین بتصور الحلی
سو دائیوں کی طرح اُٹھے اور ہر یک طرف تلاش کرتے ہوئے دوڑے اور دائیں بائیں طرف دوڑتے ہوئے گئے اور بڑے زیوروں

الکبار وفکر ہتك الاستار فلما استیئسوا منه کالثکلی سقطوا کالموتیٰ
کا خیال کیا اور پردہ دری کا بھی فکر تھا پس جبکہ اُسکے ملنے سے زن و فرزند مُردہ کی طرح نو اُمید ہوگئے تو

واکبوا علیٰ وجوھہم باکین وعرفوا انہم قد خُدِعوا بل جُدِعوا ومن
روتے ہوئے اپنے مونہوں پر گرے اور سمجھ گئے کہ ہمیں دھوکا دیا گیا بلکہ ہمارا ناک کاٹا گیا اور

القوم قد عوا فضربوا علیٰ خدودھم قائلین یاویلنا انا کنا منہوبین
قوم سے ہم ہٹائے گئے تب انہوں نے اپنی گالوں پر یہ کہتے ہوئے طمانچے مارے ہمارے پر واویلا ہم تو لوٹے گئے

مخدوعین ثم القوا علیٰ رؤسہم غبار الصحراء وصعدت صرخہم الی السماء
دھوکا دیئے گئے پھر اُنہوں نے اپنے سروں پر جنگل کا گھٹا ڈال لیا اور اُن کی فریاد آسمان تک پہنچ گئی

وجمعوا الناس حولہم من شدۃ الجزع والفزع والبکاء فجاءہم القوم
تب قوم اُن کے پاس دوڑتی ہوئی آئی اور اُنہوں نے اِس بلا سے جو نازل ہوئی اور اس زخم سے جس کا شگوفہ نکلا

مہرعین۔ فسئلوا عن بلاء نزل وجُرحٍ ابتزل وعن مصیبۃ مذیبۃ
اور اس مصیبت سے جس نے دِلوں کو گلایا اور اس حادثہ سے جس نے بیقراری پیدا کی

للقلوب وداھیۃ مہیجۃ للکروب واستفسروا من تفاصیل المصیبۃ
دریافت کیا اور مصیبت کی تفصیل دریافت کی

وکیفیۃ القصۃ فعافوا ان یبینوا خوفا من طعن الناس والخزی بین
اور اس قصہ کی کیفیت پُوچھی سو اُنہوں نے بیان کرنے سے دِل چُرایا کیونکہ وُہ لوگوں کے لعن طعن اور خاص و عام

العوام والخواص ومع ذلك كانوا صارخين۔ فقال القوم ما لكم لا ترقأ

میں رسوا ہونے سے ڈرے مگر باوجود اسکے فریاد کر رہے تھے۔ پس قوم نے کہا کیا سبب کہ تمہارے آنسو

دمعتكم ولا تسكن زفرتكم اظلمتم من قوم عادين لم تسترون الحقيقة

نہیں تھمتے اور تمہاری چیخیں کم نہیں ہوتیں کیا تم پر کسی ظالم نے ظلم کیا کیوں تم حقیقت کو چھپاتے

وتزيدون الكربة الا ترون الى لوعة كرب المحبّين فصاحوا صيحة

اور اپنے دوستوں کی بیقراری کو زیادہ کرتے ہو۔ پس انہوں نے پھر ایک چیخ ماری جو ایک زیان رسیدہ

المغبون واستحيوا من اظهار الكمد المكنون ثم بيّنوا القصّة وابدوا

مارتا ہے اور چھپے ہوئے غم کے ظاہر کرنے سے شرم کی پھر قصّہ کو کھول دیا اور غصّہ ظاہر

الغصّة وما كادوا ان يبيّنوا ولكن عجزوا عن اصرار المصرّين۔ فلامهم

کر دیا اور نہیں چاہتے تھے کہ ظاہر کریں لیکن اصرار کرنے والوں کے اصرار سے عاجز آ گئے۔ پس ہر ایک

۸۷

كل احد من العقلاء ومطرت من كل جهت سهام العذلاء فنكسوا

عقلمند نے اُن کو ملامت کی اور ملامت کرنے والوں کے ہر یک طرف

رؤسهم متندمين۔ وقال المعيّرون يا معشر الحمقاء وائمة الجهلاء

سے تیر برسے۔ پس اُنہوں نے شرمندہ ہو کر سر جھکا لئے اور ملامت کرنیوالوں نے کہا

الستم علمتم انه جاءكم فقير بادی الخذلان وعليه بُردان رثّان

کہ اے احمقو اور جاہلوں کے پیشواؤ کیا تمہیں معلوم نہیں تھا کہ ایک محتاج تمہارے پاس آیا جسکی بیعزتی کھلی کھلی تھی

كالعثان فمن كان فی اطمار كيف يهبكم رياش الفخار ويحبيكم من

اور اُس پر پرانی چادریں دُھوئیں کیطرح تھیں سو جو شخص آپ ہی پرانی چادریں رکھتا تھا وہ تمہیں لباس فاخرہ

اكسر اوطار اما رئيتم عليه اثر الافلاس فكيف شغفتم به اكنتم

کہاں سے دیتا اور کیونکر تمہاری حاجت روائی کرتا کیا تم نے افلاس کے آثار اس میں نہیں پائے تھے

انعاما او من الناس ثم كانت هذه الخرافات بعيدة من قانون

پھر کیوں تم اُس کے فریفتہ ہو گئے کیا تم چار پائے تھے یا آدمی تھے پھر قطع نظر اس سے یہ باتیں بھی از قبیل

القدرة وخارجة من السنن المستمرة فكيف قبلتموها وقائلها
خرافات اور قانون قدرت سے بعید تھیں اور خدا تعالیٰ کی سُنّت مُستمرہ سے دُور تھیں پس اگر تم عقلمند تھے تو کیوں اُس

ان کنتم عاقلين۔
شخص کو اور اُس کی باتوں کو قبول کر لیا۔

وكيف نسيتم تجارب الحكماء أكنتم انعاما او كنشوان الصهباء
اور کیونکر تم نے حکیموں کے تجارب کو فراموش کر دیا کیا تم چارپائے تھے یا شراب سے مست تھے

مخمورين وكيف ظننتم انه صدوق امين مع انه خالف الصادقين
اور تم نے کیونکر جانا کہ وہ صادق اور امین ہے حالانکہ اُس نے تمام صادقوں کے برخلاف

اجمعين اما رأيتم اطماره اما شاهدتم ازاره اما سمعتم من قبل
بات کہی کیا تم نے اُس کی پُرانی چادریں نہ دیکھیں کیا تم نے مکاروں کے قصے

قصص المكارين فلا تلوموا احدا ولوموا انفسكم انكم قد اهلكتم
نہیں سُنے تھے سو تم اپنے آپ کو ملامت کرو نہ کسی دُوسرے کو تم نے

نسوانكم واخوانكم وخلانكم وجيرانكم فليبك على فهمكم
اپنی بیویوں اور اپنے بھائیوں اور اپنے دوستوں اور اپنے ہمسایوں کو ہلاک کر دیا پس چاہیئے کہ ہر یک

من كان من الباكين۔
رونے والا تمہاری سمجھ پر رووے۔

هذا مثل المسيحين وكفارتهم وجهلهم وغرارتهم وما قلنا
یہ عیسائیوں اور اُن کے کفارہ کی مثال ہے اور اُن کی نادانی کا نمونہ ہے اور ہم نے

الا نصاحة لله لقوم جاهلين۔ ولكن المسيح والصالحين من
محض للہ نادانوں کے لئے یہ نصیحت بیان کی ہے۔ مگر مسیح اور اُس کے نیک اصحاب اس تمثیل

اصحابه مبرؤن من ذلك المثل وخطابه وما نتوجه الا الى الخائنين
سے مُبرّا ہیں اور ہمارا خطاب صرف ان خیانت پیشہ لوگوں کی طرف ہے

الذین سیرتہم سیرۃ السرحان و لبوسھم لبوس الرُّھبان وقد تبیّن انکفاءھم
جن کی خصلت بھیڑیئے کی خصلت اور لباس راہبوں کا لباس ہو اور اُن کی برگشتگی اور اُن کی رات کی سختی ظاہر

وبرح لیلاءھم وتبیّن انھم من الضالین المضلین۔ ومن وقاحتھم
ہو چکی ہے اور ظاہر ہو چکا ہے کہ وہ گمراہ اور باطل پرست ہیں۔ اور اُنکی کمال بے شرمی ہے

انھم مع جھلھم یصولون علی الاسلام ویضلّون طوائف الانام یشیعون
کہ وہ باوجود اپنی نادانی کے اسلام پر حملہ کرتے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کر رہے اور انواع اقسام کے

انواع الاٰثام وکانوا قومًا دجّالین فلیندموا علیٰ بادرۃ الاعتقاد ولیخافوا
گناہوں کو پھیلا رہے ہیں اور وہ دجّال قوم ہے پس چاہیئے کہ اپنی جلدی کے اعتقاد سے پشیمان ہوں اور

خسرانھم یوم المعاد وما انا الا نذیرٌ من ربّ العالمین۔
اپنے آخرت کے ٹوٹے سے ڈریں اور مَیں تو ایک ڈرانیوالا خدا تعالیٰ کیطرف سے ہوں۔

اِنّی من اللہ العزیز الاکبر
مَیں اُس خدا کیطرف سے ہوں جو بزرگ اور عزّت والا ہے

حق فھل من خائفٍ متدبّر
یہی بات سچ ہے پس کوئی ہو! جو ڈرے اور سوچے

جاءت مرابیع الھدیٰ ورھامھا
ہدایت کے بہاری مینہہ آگئے اور ہلکے ہلکے مینہہ تو

نزلت وجود بعدھا کالعسکر
اُتر آئے اور بڑا مینہہ اسکے بعد ایک لشکر کیطرح آنیوالا ہے

جُعلت دیار الھند ارض نزولھا
ان مینہوں کے اُترنے کی جگہ ہند کی زمین قرار دی گئی

نصرا بما صارت محل تنصّر
مدد کے طور پر کیونکہ عیسائی دین مسلمانوں میں پھیلنے کی یہی جگہ ہے

فیھا جموع یشتمون نبینا
اس ملک میں ایسے لوگ ہیں جو ہمارے نبی صلعم کو گالیاں دیتے ہیں

فیھا زروع من ضلال موثرٍ
اس ملک میں گمراہی کی کھیتیاں ہیں جو پسند کی گئی ہیں

قوم یعادون التقی من خُبثھم
وہ ایک قوم ہی جو بوجہ اپنے خبث کے پرہیزگار سے دشمنی رکھتی ہو

ویویّدون امور ضدّ تطھر
اور ناپاکی کی باتوں کو شائع کر رہی ہیں

وتکنست ذات المرا ظبیّھم
اور کئی مرتبہ اُن کے ہرن مجھ سے چھپ گئے

اذ صلت عند تناضل کغضنفر
جبکہ مَیں نے لڑائی کے وقت شیر کی طرح حملہ کیا

منهم خبيث مفسد متفاحش
اُن میں سے ایک خبیث مُفسد بدگو دشنام دہ ہے
اُخبرت عنه وليتني لم اخبر
مجھے اسکی اطلاع دیگئی ہے کاش کہ نہ دیجاتی یعنی اُسکا وجود ہی نہ ہوتا

٥٩ غول يسب نبينا خير الورىٰ
ایک شیطان ہے جو ہمارے نبی افضل المخلوقات کو گالیاں دیتا ہے
لكعُ وليس بعالم متبحّر
سفلہ نادان فرومایہ ہے اور ایسا نہیں ہے کہ کوئی عالم متبحر حقائق کی تہ تک پہنچنے والا ہو

يا غول بادية الضلالة والهوا
اے گمراہی اور حرص کے جنگل کے شیطان
تهذى هوًا من غير عين تبصر
تو محض ہوا پرستی سے بکواس کر رہا ہے اور معرفت کی آنکھ تجھکو حاصل نہیں

قطّعت قلب المسلمين جميعهم
تونے تمام مُسلمانوں کا دِل ٹکڑے ٹکڑے کر دیا
كم صارم لك يا عبيط وخنجر
اے دروغگو جنگجو ہمیں تو بتلا کہ تیرے پاس کتنی تلواریں اور خنجر ہیں

انّا تصبّرنا على ايذائكم
ہمنے تو تمہارے دُکھ دینے پر بتکلف صبر کیا
والنفس صارخة ولم تتصبر
مگر جان فریاد کر رہی ہے اور صبر نہیں کر سکتی

انّا نرىٰ فتنا تذيب قلوبنا
ہم وہ فتنے دیکھ رہے ہیں جو دلوں کو گلاتے ہیں
انّا نرىٰ صُورًا تهولُ بمنظر
ہم وہ مُنہ دیکھ رہے ہیں جو ہمیں ڈراتے ہیں

جاؤا كمفترس بناب داعسٍ
وہ ایک شکار مارنیوالے کی طرح نیزہ مارنیوالے دانتوں کے ساتھ آئے
دحسًا ككلب نابح متشذّر
قوم میں تفرقہ ڈالنے والے ہیں اُس کُتے کیطرح جو آواز کرتا اور حملہ کرنیکے لئے اپنی دم اٹھاتی ہے

كانوا ذيابًا ثم وجدوا سخلةً
وہ تو بھیڑیئے تھے سو اُنہوں نے جنگل میں
فى البرّ منفردًا اسير تحسر
ایک اکیلا برّہ پایا جو ماندگی کا مارا ہوا تھا

وترىٰ بطون المفسدين كانّها
اور مُفسدوں کے پیٹوں کو تُو دیکھتا ہے کہ گویا وہ
قرب بما نالوا كمال تجحر
مشکیں ہیں کیونکہ پیٹ اتنی بڑھ گئی کہ اُنمیں بل پڑتے ہیں

حاذت مطاياهم على اعناقنا
اُنہوں نے اپنی سواریوں کو ہماری گردنوں پر سخت دوڑایا
حتى تكسّرنا كعظم انخر
یہاں تک کہ ہم بوسیدہ ہڈی کی طرح ہو گئے

فاض العيون من العيون كانّها
آنکھوں سے چشمے جاری ہو گئے گویا کہ وہ
ماء جرى من عندم متعصر
دم الاخوین کا پانی ہے جو اُسکے نچوڑنے کیوقت ٹپک رہا ہے

فنهضت انصحهم وكيف نصاحتي | قوماً اوابد مجبين كضيطر
پس میں گالیاں دینے والوں کو نصیحت کرنے کیلئے اُٹھا اور میرا نصیحت دینا | ایسی قوم کو کیا مفید ہو سکتا تھا جو ایک حشی اور خود بین اور فرومایہ اور بےخبر آدمی کیطرح ہے

قد غودر الاسلام من جهلاتهم | وخلت اماعز عن سحاب ممطر
عوام نادانی اُن کے باطل وساوس سے اسلام کو ترک کر دیا | اور وہ پتھریلی زمین برسنے والے بادل سے محروم رہ گئی

شاقت قلوب الناس ظعن جياءهم | فتابطوا برحاءهم بتخير
لوگوں کے دلوں کو اُن ہودج نشینوں نے شوق دلایا جو انکی ہنڈیوں کے سرپوش کے اندر تھیں | سو اُنہوں نے اُن کی بلا کو دیدہ دانستہ بغل میں لے لیا

ص۹۰

زجل عمون منجسو عرصاتنا | فجئت طوائحهم كذيب مبكر
اندھی جماعتیں ہیں جو ہمارے ملک کو پلید کر رہی ہیں | انکے حوادث ناگاہ ہم پر پڑے اور وہ ایسے آئے جیسا کہ بھیڑیا فجر کے وقت شکار کیلئے نکلتا ہے

والعين باكية وليس بكاءنا | شيئاً سوى الفضل المنير المسفر
آنکھ تو رو رہی ہے مگر ہمارا رونا کچھ حقیقت نہیں رکھتا | بجز اس فضل کے جو روشن کرنیوالا اور صبح کے وقت آنیوالا ہے

ان البلايا لا يرد ركابها | الا يدا ملك قدير اكبر
بلاؤں کے اُونٹ سواروں کو کوئی ردّ نہیں کر سکتا | مگر اُس بادشاہ کے دونوں ہاتھ جو قدیر اور اکبر ہے

انّ المهيمن لا يضيع عباده | فافرح ولا تحزن بوقت مضجر
خدا اپنے بندوں کو ضائع نہیں کرے گا | سو تو خوش ہو اور ایسے وقت میں جو دل کو تکلیف دینے والا ہے غمگین مت ہو

ايها المتنصرون والعادون العمون لقد جئتم شيئاً إدّا وجزتم
اے عیسائیو اور حد سے تجاوز کرنیوالے اندھو تم ایک عجیب بات لائے اور یقیناً تم نے راہ راست کو چھوڑ دیا

عن القصد جدا تعبدون من مات وفات وعظمتم العظام الرفات
تم نے اُس کو خدا بکڑا جو مر گیا اور گذر گیا اور بوسیدہ ہڈیوں کی تعظیم کی

وغمصتم الصّادقين۔ وفيكم من اذا كُلّم كلم واذا سُلّم ثلم
اور صادقوں کا تم نے عیب پکڑا۔ اور تم میں ایسے شخص بھی ہیں کہ جب ہمکلام ہوں تو بدگوئی سے دلوں کو آزار

تقولون انا لقّنّا الحلم وعُلّمنا السلم ولكنا لا نجد فيكم قارع
پہنچا دیں اور جب بدی کا جواب نہ دیا جاوے اور بے گزند رکھا جائے تو اور بھی رخنہ ڈالیں اپنی زبان سے تو یہ کہتے ہیں کہ

هٰذہٖ الصفات وتريع هذه الصفات بل نجدكم حريصين على الضرّ

ہم کو علم سکھایا گیا ہے اور صلحکاری کی تعلیم ہوئی ہو مگر ہم تم میں ایسا شخص نہیں پاتے جو اس تعلیم کے پتھر کو ٹھوکنے والا اور ان

راغبين فى ايصال الشرّ تسبون الاخيار وتلحنون الابرار وتختالون

صفتوں کا مالک ہو بلکہ ہم تو تم کو دُکھ دینے پر حریص پاتے اور شرارت کرنے پر راغب دیکھتے ہیں تم نیکوں کو گالیاں دیتے اور راستبازوں

من الزهو وتنصبّون الى اللّهو وما تنصرتم الا لتكونوا ذوى جُرادٍ

پر لعنت بھیجتے ہو اور تمہارے ناز کی چال میں تکبّر بھرا ہوا ہے اور لہو لعب کیطرف گرتے جاتے ہو اور عیسائی ہونے سے تمہاری یہی

مربوطةٍ وجدةٍ مغبوطةٍ ولتميسوا فى رياش وتتخلّصوا من فكر

غرضیں ہیں کہ تمہارے طویلوں میں گھوڑے ہوں اور قابل رشک دولتمندی تم کو حاصل ہو اور لباس فاخرہ میں تم لٹکتے پھرو اور

معاش وتجدوا ما تشتهى الانفس وتتلذ الاعين ولتجتنوا قطوف

معاش کی فکر سے فارغ ہو جاؤ اور تم کو وہ سب چیزیں ملجائیں جن کو تمہارے نفس چاہتے ہیں اور جن سے تمہاری آنکھیں لذت حاصل

ملا۹۱ اللذات فارغين ووالله ان فسق النصارىٰ قد عظم فى الديار واخنوا

کرتی ہیں اور تاکہ تم اپنی لذتوں کے چُنے ہوئے پھل فارغ بیٹھ کر کھاؤ۔ اور بخدا نصاریٰ کا فسق ملکوں میں بڑھ گیا ہے اور قسم قسم کی

على الناس بانواع التبار اتسخت ابدانهم من اوساخ الذنوب فما

ہلاکت میں لوگوں کو ڈالدیا ہے اُن کے بدن گناہوں کی میل سے میلے ہو گئے مگر اُنہوں نے نہ چاہا کہ پانی کا بھرا ہوا بوکا اُنکو

مالوا الى الذنوب وبلغ امرهم من كثرة الادران الى الحمام فما عجوا

ملے اور میلوں کی کثرت سے اُن کی نوبت موت تک پہنچی۔ پس اُنہوں نے حمام کی طرف رغبت نہ کی

الى الحمام وصاروا بادى الجردة كالانعام فما الوا الى حلل الانعام

اور چارپاؤں کی طرح ننگے ہو گئے اور انعام کے لباس کیطرف توجہ نہ کی

واحبوا الذهب والايمان فرّ وذهب فاكبوا على الدنيا خائنين

اور سونے سے پیار کیا اور ایمان بھاگ گیا سو دین سے نومید ہو کر دُنیا پر گرے اور اسی طرح اُن سے

وكذالك زادت منهُمْ سموم الطغيان وركدت ريح الايمان حتى

گمراہی کی زہریں پھیلیں اور ایمان کی ہوا تھم گئی یہاں تک کہ

صار الزمان كليلة حالكة الجلباب هامية الرباب تركوا طرق الخير
زمانہ ایسا ہوگیا جیسی کہ اندھیری رات جس کا بادل برس رہا ہے انہوں نے اِس بھلائی کے طریق کو

المأثور و دعوا الی الويل و الثبور ثم صار الكذب عادتهم و اشاعة
چھوڑ دیا جو مسلسل چلی آتی تھی اور موت اور ہلاکت کیطرف لوگوں کو بلایا جھوٹ اُنکی عادت ہوگیا

الفسق سيرتهم و توهين المقدسين خصلتهم و مال الاعانات
اور فسق اُن کی سیرت ہوگیا اور پاکوں کی توہین کرنا اُن کی خصلت ہوگئی اور چندہ کا روپیہ اُن کا

جُرتهم لا يبالون صغيرة ولا كبيرة ولا يتقون جرءة ولا جريرة
جال ہوگیا نہ صغیرہ سے ڈریں اور نہ کبیرہ سے نہ دلیری سے اور نہ گناہ سے

و يفتنون قلوب الناس بانواع الوساوس او ينطقون بالبهتان على
تا اور لوگوں کو قسما قسم کے وساوس سے فتنہ میں ڈالیں اور خداتعالیٰ کے پیغمبروں پر بہتان

رسل الرحمٰن و شنشنتهم الانتقال من صيد الى صيد و الرجوع
باندھتے ہیں اور انکی خصلت یہ ہے کہ ایک شکار سے فارغ ہوکر دوسرے شکار کیطرف جائیں اور

من كيد الى كيد فتارة يرون النساء وطورًا بيضاء وصفراء ومرة مياءهم[ل]
ایک مکر سے دوسرے مکر کی طرف رجوع کریں بعض وقت عورتیں دکھاتے ہیں اور بعض وقت سونا اور چاندی اور

الغزار و اُخرى الاشجار و الثمار فنشب الجهال فی شبكتهم و الفساق
کبھی اپنے پانی کی کثرت اور کبھی درخت اور کبھی پھل سو ان کے جال میں اکثر جاہل پھنس گئے اور اکثر فاسق

فی هوتهم و نسلوا من كل حدب مُضطادين۔
اُن کے گڑھے میں جاگرے اور وہ ہر یک بلندی سے شکار کرنیکے لئے دَوڑے۔

اُنظر الى المتنصرين و ذانهم	و انظر الى ما بدء من اَدرانهم
عیسائیوں کو دیکھو اور اُن کے عیبوں کو	اور ان میلوں کو دیکھ جو اُن سے ظاہر ہوئیں
من كل حدب ينسلون تشذّرا	و ينجسون الارض من اوثانهم
وُہ اپنی زیادتیوں اور تعدیوں کیوجہ سے ہر یک بلندی سے دوڑے ہیں	اور اپنے بتوں سے زمین کو ناپاک کر رہے ہیں

۹۲

[ل] ماءهم او میاههم

نشکو الی الرحمٰن شرّ زمانہم

ہم اُنکے زمانہ کے شر سے خدا تعالےٰ کیطرف شکایت لیجاتے ہیں

ونعوذ بالقدوس من شیطانہم

اور اُنکے شیطان سے پاک پروردگار کی پناہ میں آتے ہیں

ھل من صدوق یوجدن فی قومہم

کیاکوئی راستباز ان کی قوم میں پایا جاتا ہے

ام ھل عرفت الصدق فی بلدانہم

یا تونے شناخت کیا کہ انکے شہروں میں سچائی بھی ہے

ھم یعبدون الآدمی کمثلہم

وہ اپنے جیسے آدمی کی پرستش کررہے ہیں

ھم ینشرون الفسق فی اوطانہم

وہ اپنے وطنوں میں بدکاری کو پھیلاتے ہیں

الماکرون الکائدون من الھوا

حرص کی وجہ سے مکار اور فریبی ہیں

والزور کالاثمار فی اغصانہم

اور انکی شاخوں میں جھوٹ پھلوں کیطرح موجود ہے

العین باکیۃ علیٰ حالاتہم

آنکھ ان کے حالات پر رو رہی ہے

للعقل حسرات علیٰ ھذیانہم

اور عقل کو ان کے بکواس پر حسرتیں ہیں

مکرٌ علیٰ مکر خیال قلوبہم

ان کے دلوں کے خیال مکر پر مکر ہے

کذب علیٰ کذب بیان لسانہم

اور ان کی زبان کا بیان جھوٹ پر جھوٹ ہے

انّی اراھم کالبنین لخولہم

میں دیکھتا ہوں کہ وہ اپنے ابلیس کیلئے بطور بیٹوں کے ہیں

ان التطہر لا تحل بخانہم

اور پاکیزگی اُن کے کاروانسرائے میں نہیں اُترتی

کیف الرجاء وقد تأبّط قلبہم

کیونکر اُمید کریں حالانکہ اُنکے دل شرارت کو اپنی بغل میں لئے بیٹھے ہیں

شر اراہ دخیل جذر جنانہم

اور وہ شرارت اُن کے دلوں کے اندر گھسی ہوئی ہے

بل کذبوا بالحق لما جاءھم

بلکہ جب حق اُن کے پاس آیا تو اُنہوں نے تکذیب کی

وتمایلوا حقدًا علیٰ بہتانہم

اور کینہ سے اپنے بہتانوں کیطرف جھک پڑے

کم من سموم ھبّ عند ظہورہم

اُنکے ظاہر ہونے سے بہت سی گرم ہوائیں چلی ہیں

کم من جھول صید من ارسانہم

اور اُن کی رسیوں سے بہت جاہل شکار ہوگئے

ھم انکروا بحر العلوم بخبثہم

انہوں نے اپنے خبث سے علموں کے دریا سے انکار کیا

واستغزروا ما کان فی کیزانہم

اندر جو کچھ اُن کے پیالوں میں تھا اُنکو بہت کچھ سمجھا

لایعلم النوکی دخیلة امرهم
بیوقوف لوگ اُن کی اصل حقیقت کو نہیں جانتے

من غیر رقتهم ولین لسانهم
بس اسی قدر جانتے ہیں کہ وُہ زبان کے نرم ہیں

واللہ لولا ضنك عیش مقلق
اور بخدا اگر تنگی رزق کسی کو تکلیف نہ دیتی

ما مال مرتد الی ادیانهم
تو کوئی مُرتد اُنکے دین کی طرف میل نہ کرتا

قد جاءهم قوم بحرص لبانهم
ایک قوم تو اُنکے دُودھ کی حرص سے اُنکے پاس آئی

ولینفضن ما کان فی اردانهم
تاکہ وُہ جو کچھ اُن کی آستینوں میں ہے جھاڑ لیں

کانوا کذئب البرّ مکلوم الحشا
وُہ جنگل کے بھیڑیئے کیطرح بھوک سے خستہ اندرون تھے

من جوعهم فسعوا الی عمرانهم
پس وہ اُن کی آبادی کی طرف دَوڑے

قوم سقوا کاس الحتوف بوعظهم
ایک قوم نے تو موت کے پیالے اُنکے وعظ سے پی لئے

قوم خروف فی یدی سرحانهم
اور ایک دُوسری قوم برّہ کیطرح اس بھیڑیئے کے ہاتھوں میں ہے

عمت بلایاهم وزاد فسادهم
ان کی بلائیں عام ہوگئیں اور اُنکا فساد بڑھ گیا

واشتد سیل الفتن من طغیانهم
اور فتنوں کا سیلاب اُنکی بے اعتدالیوں سے بہت سخت ہوگیا

یارب خذهم مثل اخذك مفسدا
اے خدا تو انکو پکڑ جیساکہ تو ایک مفسد کو پکڑتا ہے

قد افسد الآفاق طول زمانهم
ان کے طول زمانہ نے دُنیا کو بگاڑ دیا

ادرك رجالا یاقدیر ونسوة
اے قادر تو اپنے رحم سے مَردوں اور عورتوں کی جلد خبر لے

رحما ونج الخلق من طوفانهم
اور مخلوق کو اِس طوفان سے نجات بخش

حلّت بارض المسلمین جنودهم
اُن کے لشکر مسلمانوں کی زمین میں اُتر آئے

فسرت غوائلهم الی نسوانهم
اور انکی بلاؤں نے مُسلمانوں کی عورتوں تک سرایت کی

یارَبّ احمد یا اِلٰه محمّد
اے احمدؐ کے ربّ اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اِلٰہ

اعصم عبادك من سموم دخانهم
اپنے بندوں کو اُنکے دھوئیں کی زہروں سے بچالے

یا عوننا انصر من سواك ملاذنا
اے ہمارے مددگار تیرے سوا ہمارا کون جا پناہ ہے

ضاقت علینا الارض من اعوانهم
ہمپر ان لوگوں کے مددگاروں سے زمین تنگ ہوگئی

۹۴

كسّر زجاجتهم الٰهي بالصفا
اے خدا پتھروں سے اُن کے شیشے کو توڑ دے
واعصم عبادك من سموم بيانهم
اور ان کے بیان کی زہر سے اپنے بندوں کو بچالے

سبّوا نبيّك بالعناد وكذّبوا
تیرے نبی کو اُنہوں نے عناد سے گالیاں دیں اور جھٹلایا
خير الورىٰ فانظر الىٰ عُدْوانهم
وہ نبی جو افضل المخلوقات ہے سو تو اُنکے ظلم کو دیکھ

يارب سحّقهم كسحقك طاغيا
اے میرے رب انکو ایسا پیس ڈال جیسا کہ تو ایک طاغی کو پیستا ہے
وانزل بساحتهم لهدم مكانهم
اور اُنکی عمارتوں کو مسمار کرنے کیلئے اُنکے صحن خانہ میں اُتر آ

يارب مزّقهم وفرّق شملهم
اے میرے رب انکو ٹکڑے ٹکڑے کر اور انکی جمعیت کو پاش پاش کردے
يارب قوّدهم الىٰ ذوبانهم
اے میرے ربّ ان کو انکے گداز ہونے کیطرف کھینچ

قد ازمعوا اضلالنا ووبالنا
انہوں نے ہمارا گمراہ کرنا اور وبال میں ڈالنا دلوں میں ٹھان لیا ہے
فاضرب مكائدهم علىٰ ابدانهم
سو تو ان کے مکر ان ہی کے جسموں پر مار

واذا رميت فان سهمك قاتل
اور جب تو تیر چلاوے تو تیر تیرا قتل کرنیوالا ہے
حد كاسياف علىٰ شجعانهم
تیز ہے اور تلواروں کیطرح اُنکے بہادروں پر پڑتا ہے

صرنا حمولة جورهم وجفاءهم
ہم اُن کے ظلم کے شتر بار برداری ہو گئے
زُمّت ركاب الهجر من وثباتهم
جُدائی کے اُونٹوں کو اُنکے حملوں کے سبب سے مہار دی گئی

لولا تعافينا تعاقب سبّهم
اگر ہم اُن کی گالیوں کا جواب دینے سے کراہت نہ کرتے
لرميت سهم النار عند عثانهم
تو میں اُن کے دخان کے مقابل پر آگ کے تیر چلاتا

ما يظلم الاشرار الا انفسهم
ظالم کسی پر ظلم نہیں کرتے مگر اپنے نفس پر
ستري بندم القلب عض بنانهم
سو تو عنقریب دیکھیگا کہ وہ دلی ندامت سے اپنی سر انگشت کاٹیں گے

ظنوا بان الله مخلف وعده
اُنہوں نے خیال کیا کہ خدا تعالیٰ اپنا وعدہ نہیں پورا کرے گا
فبغوا بارض الله من طغيانهم
تب وہ خدا تعالےٰ کی زمین میں اپنی بے اعتدالی کیوجہ سے باغی ہوگئے

وقبول امر الحق عار عندهم
سو حق کا قبول کرنا اُن کے نزدیک عار ہے
صعب على السفهاء عطف عنانهم
اور نادانوں پر حق کی طرف باگ پھیرنا سخت ہو گیا ہے

سود كخافية الغراب قلوبهم — والخلق محض وعون من لمعانهم

انکے دل ایسے سیاہ ہیں جیسے کوّے کے وُہ پر جو پیٹھ کیطرف ہوتے ہیں — اور خلقت اُن کی ظاہری چمک سے دھوکا کھا رہی ہے

فارقب اذا صاحبتهم بمحبّة — فتنا بدينك عند استحسانهم

ص۹۵

پس جب تو اُن کی صحبت اختیار کرے تو تجھے — بباعث انکے پسند رکھنے کے اپنے دین کے فتنوں کا اُمیدوار رہنا چاہیے

ولقد دعوت الربّ عند تناضلي — والله ترسي عند ضرب سنانهم

اور مَیں نے اپنے مقابلہ کے وقت اپنے رب کو بلایا — اور انکے نیزوں سے بچنے کیلئے خدا میری ڈھال ہے

يا مستعاني ليس دونك ملجائي — فانصر وايّد نا لهدم قنانهم

اے میرے مددگار تیرے سوا میری کوئی پناہ نہیں — پس مدد کر اور اُنکے پہاڑوں کے توڑنے کیلئے ہماری تائید فرما

يا من يعيّرني بموت الٰهِهم — افلا ترى ما جدّ اصل اهانهم

اے وہ شخص جو مجھے اسلئے سرزنش کرتا ہے کہ مَیں انکے مصنوعی خدا یعنی حضرت عیسیٰ کی موت کا قائل ہوں — کیا تو دیکھتا نہیں کہ کس اعتقاد نے اُن کی بیخکنی کی ہے

والله ان حياة عيسٰى حيّة — تسعى لتهلك كل من في خانهم

بخدا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی ایک سانپ ہے — وُہ سانپ دَوڑتا ہے تا اُن سب کو قتل کرے جو اُنکی سرائے میں ہیں

جعل المهيمن حكمة من عنده — في موت عيسٰى قطع عرق جرانهم

خدا تعالیٰ نے اِس بات میں حکمت رکھی ہے — کہ حضرت عیسیٰ کی موت سے اُن کا مذہب ذبح کیا جائے

كيف الحياة وقد توفّي مثله — حزبٌ وخير الخلق بعد زمانهم

یہ کیونکر ہو سکتا ہو کہ حضرت عیسیٰ زندہ ہوں حالانکہ اُن سے پہلے جتنے نبی آئے — وُہ فوت ہو گئے ہیں اور جو سب سے بہتر تھا اور پیچھے آیا وہ بھی فوت ہو گیا

هل غادر الحتف المفاجئ مرسلا — ام هل سمعت الحيّ من اقرانهم

کیا اچانک پکڑنے والی موت نے کسی رسول کو بھی چھوڑا — یا تو نے کبھی سُنا کہ انکے ہمرتبوں میں سے کوئی زندہ رہا

اتغيظ ربك لابن مريم حشنة — وتحيد عن مولى الى انسانهم

کیا تو اپنے رب کو ابن مریم کیلئے غصہ دلاتا ہے کیا کچھ کینہ ہے — اور مولیٰ کریم سے تو دُور ہو کر عیسائیوں کے انسان کیطرف جاتا ہے

فاطلب هداه وما اخالك تطلب — فاخسأ وكن منهم ومن اخوانهم

سو تو اللہ کی ہدایت کو ڈھونڈ اور مجھے امید نہیں کہ تو ڈھونڈے — پس دفع ہو اور عیسائیوں میں سے اور اُنکے بھائیوں میں سے ہو جا

یامن تظنّی البول ماءً باردًا
اے وہ شخص جس نے بول کو ٹھنڈا پانی سمجھ لیا

اخطأت من جهل باستسمانهم
تُو نے اپنی نادانی سے خطائی اور لاغروں کو موٹا خیال کیا

یا ربّ ارنی یوم کسر صلیبهم
اے میرے ربّ صلیب کا ٹوٹنا مجھے دکھلا

یا ربّ سلّطنی علی جدرانهم
اے میرے ربّ ان کی دیواروں پر مجھکو مسلّط کر

مل۹ فاذا تکلمنا فسیف قولنا
اور جب ہم کلام کریں تو ہماری کلام ایک تلوار ہے

رمح مبید لا کمثل بیانهم
ایک نیزہ ہلاک کرنیوالا ہے نہ اُنکے بیان کی طرح

ولقد امرت من المهیمن بعد ما
اور مَیں خدا کی طرف سے مامُور ہوں

هاجت دخان الفتن من نیرانهم
اُس وقت کے بعد جو پادریوں کی آگ سے دھوئیں اُٹھے

ماقلت بل قال المهیمن هٰکذا
یہ مَیں نے نہیں کہا بلکہ خداتعالیٰ نے اِسی طرح کہا

ماجئتهم بل جاء وقت هوانهم
میں اُنکے پاس نہیں آیا بلکہ اُنکی ذلّت کا وقت آگیا

طورًا احارب بالسّهام وتارة
کبھی مَیں اُن سے تیروں کے ساتھ جنگ کرتا ہوں

اهوی باسیاف الی اثخانهم
اور کبھی میں اپنی تلواروں کے ساتھ اُنکے قتل کثیر کیطرف توجہ کرتا ہوں

بمهند صاف الحدید جذمتهم
نہایت عمدہ تلوار سے مَیں نے اُن کو کاٹ دیا ہے

وعصای قد افنت قوی ثعبانهم
اور میرے عصا نے اُنکے سانپ کی تمام قوتیں فنا کردیں

روحی بروح الانبیاء مضمّخ
میرا رُوح انبیاء کی رُوح سے معطر کیا گیا ہے

جادت علیّ الجود من فیضانهم
اور اُن کے فیضان کا ایک بڑا مینہہ میرے پر برسا

انّا نرجّع صوتنا بغناءهم
ہم اُنہی کے گیت کو سُروں کے ساتھ گاتے ہیں

انّا سقینا من کئوس دنانهم
ہم اُنہی کے پیالوں میں سے پلائے گئے ہیں

قوم فنوا فی سبل مربع ربّهم
وہ ایک قوم ہے جو خدا کی راہ میں فنا ہوگئی

والعُمی لا یدرون مطلع شانهم
اور اندھے اُن کی شان کے مطلع کو نہیں دیکھتے

کم من شریر اهلکوا بعنادهم
بہت شریر ہیں جو بوجہ اُن کے عناد کے ہلاک کیئے گئے۔

ورءوا امدی نحروراء کبانهم
اور اپنی بیماری کے بعد ذبح کرنیکی کاردیں اُنہوں نے دیکھ لیں

وَسَیُرغِم اللہ القدیر انوفھم
عنقریب خداتعالیٰ اُن کی ناکوں کو خاک میں ملائے گا

ویری المھیمن ذلّ داءِ خناتھم
اور اُن کی ناک کی بیماری کی ذلت دکھاوے گا

الیوم قد فرحوا برجس تنصّرٍ
آج وہ لوگ نصرانیت کی ناپاکی سے خوش ہو رہے ہیں

والحق لا یخطو الیٰ آذانھم
اور سچائی اُن کے کانوں کی طرف قدم نہیں بڑھاتی

قوم تمیل مع الھوا افکارھم
یہ ایک قوم ہے جنکے فکر نفسانی خواہش کیساتھ جُھک پڑتے ہیں

وعفت نقوش الصدق من حیطانھم
اور سچائی کے نقش اُن کی دیواروں سے مٹ گئے ہیں

ظھرت کاثر السمّ ثورۃ وعظھم
زہر کے اثر کی طرح ان کے وعظ کا جوش ظاہر ہے

رحلت تقات الخلق من اِدجانھم
ان کے مقام سے لوگوں کی پرہیزگاری کوچ کرگئی

۹۷

ھل شاھدت عیناك قوما مثلھم
کیا ایسی قوم تونے کوئی اور بھی دیکھی

ام ھل سمعت نظیرھم فی ذانھم
یا اُن کے عیب میں اُن کی کوئی دوسری نظیر بھی سُنی

بطریقةٍ سنت لھم آباءھم
اِس طریق سے جو اُن کے باپ دادوں نے مقرر کیا ہے

یدعوا الی الجھلات صوت کرانھم
ان کا طنبور باطل باتوں کی طرف بُلا رہا ہے

فکانّ ابواب المکائد کلھا
پس گویا کہ تمام فریبوں کے دروازے

فتحت لفتنتنا علیٰ رُھبانھم
اُن پر اِس لئے کھولے گئے کہ تا ہمارا امتحان ہو

قد آثروا طرق الضلال تعمّدا
گمراہی کی تمام راہوں کو پسند کرلیا

ما زاد خسران علیٰ خُسرانھم
جس ٹوٹے میں وہ پڑے ہیں اُس سے بڑھکر کوئی اور ٹوٹا نہیں

ان الصلیب سیکسرن ویدقن
صلیب تو عنقریب ٹوٹ جائے گا

جاء الجیاد وزھق وقت أتانھم
گھوڑے آئے اور گدھیاں بھاگیں

الکذب مجنبة لکل مباحث
جھوٹ بولنا ہر یک بحث کرنیوالے کیلئے بددلی کا باعث ہوتا ہے

لکنھم ترکوا حیاء جنانھم
مگر اُنہوں نے تو اپنے دل کا حیا ترک کردیا

سم مبید مھلك فی لبنھم
اُنکے دُودھ میں زہر ہے جو ہلاک کرنیوالی اور مارنیوالی ہے

مکر مضلّ الخلق فی ھدجانھم
اُنکی پیرانہ رفتار میں ایک مکر ہے جو خلقت کو گمراہ کرنیوالا ہے

فاربأ بدينك عند رؤية وجههم
پس جب تو اُن کو ملے تو اپنے دین کی نگرانی رکھ

واقنع بشوك من جنى بستانهم
اور اُنکے باغ کے پھل سے بیزار ہوکر کانٹے پر قناعت کر

الموت خير للفتیٰ من خبزهم
جوانمرد کے لیئے مرنا اُن کی روٹی سے بہتر ہے

فاصبر ولا تجنح الیٰ نهتانهم
پس صبر کر اور اُنکی ایک ساعت کے مینہ کیطرف مت جھک

ونضارة الدنيا تزول بطرفة
اور دُنیا کی تازگی ایک دم میں دور ہوجاتی ہے

فاقنع ولا تنظر الیٰ افنانهم
سو قناعت کر اور اُن کی شاخوں کی طرف نظر مت کر

النار تسقط كالصواعق عندهم
آگ اُن کے پاس بجلی کی طرح گر رہی ہے

فتجاف يا مغرور عن احضانهم
پس اُن کے کناروں سے اے دھوکا کھانیوالے ایک طرف ہوجا

اين المفر من القضاء اذا دنا
تقدیر سے کہاں بھاگیں جب آگئی

الا الیٰ ربٍّ مزيل قنانهم
صرف خداتعالیٰ کی پناہ ہو جو اُن کے ٹیلوں کو دُور کریگا

يسبون جهالا برقة لفظهم
جاہلوں کو اپنی نرمی سے غلام بنالیتے ہیں

يُصبون قلب الخلق من احسانهم
اور اپنے احسانوں سے خلقت کے دل اپنی طرف کھینچتے ہیں

فلذا يحب مزور اديارهم
اسی لیئے ایک مکّار اُنکے گرجاؤں سے پیار کرتا ہے

من شحه ميلا الیٰ مرجانهم
اپنے لالچ سے اُن کے موتی کی خواہش سے

ولو انتقدت جموعهم فی ديرهم
اور اگر تو اُنکے گرجاؤں میں اُنکی جماعتوں کو پرکھے

لوجدت سقطا شيخهم كعوانهم
تو اُنکے بڈھے کو ایسا ہی ردّی پائیگا جیسا کہ اُنکے درمیانی عمر والے کو

ما الفرق بين المشركين وبينهم
اُن میں اور مُشرکین میں فرق کیا ہے

بل هم بنوا قصرا علیٰ بنيانهم
بلکہ اُنہوں نے تو مُشرکوں کی بنیاد کو ایک محل بنادیا

يهوی اليهم كل نكس فاسق
ہر ایک ضعیف فاسق اُن کی طرف گرتا ہے

ليبيت شبعانا بلحم جفانهم
تا اُنکے پیالوں کے گوشت سے پیٹ بھر کے رات گذارے

فی قلبنا وجع وشوك دعاية
ہمارے دل میں ایک درد اور اُنکے ٹھٹھوں کیوجہ سے ایک کانٹا ہے

من نخزهم خبثا وطول لسانهم
کیونکہ اُنہوں نے اپنی زبان درازی اور خبث سے ہمارے دل کو خستہ کیا

فما ان اریٰ اثر الدلائل عندھم
مَیں اُن کے پاس دلائل کا نشان نہیں دیکھتا

اصبوا قلوب الخلق من عقیانھم
لوگوں کے دِل اپنے سونے کی وجہ سے کھینچ لئے ہیں

قد عاث فی الاقوام ذئب شیوخہم
اُن کے بڈھوں کے بھیڑیئے نے قوموں میں تباہی ڈالی

حدثت فنون الفسق من حدثانھم
اور اُن کے جوانوں سے طرح طرح کے فسق پھیلے

تعریسھم آثار عزم رحیلھم
رات کو اُترنا اُن کے کوچ کی نشانی ہے

یخفون فی الاردان حبل ظطانھم
اور اپنی آستینوں میں لمبے رستے اسباب باندھنے کے چھپا رکھے ہیں

عار علی الفطن الزکیّ طعامھم
ایک دانا پاک طبع پر عار ہے کہ اُنکا کھانا کھاوے

ضار لخلق اللہ ماء شنانھم
اور خلق اللہ کیلئے ان پُرانی مشکوں کا پانی مُضر ہے

للمرء قرب الموذیات جمیعھا
انسان کے لیئے تمام موذی جانوروں کا قُرب

خیر لحفظ الدین مِنْ قربانھم
اُن کے قُرب سے اپنا دین بچانے کے لئے بہتر ہے

۹۹ لك کل یوم ربّ شان معجب
اے میرے ربّ ہر یک دِن تیری عجیب شان ہے

فانصر عبادك رب فی میدانھم
سوتُو اپنے بندوں کی اُن کے میدان میں مدد کر

نقفی التضرّع و البکاء تصبّرا
ہم صبر کرکے تضرع اور رونے کو لازم پکڑتے ہیں

ناوی الی الرحمان من رکبانھم
اور اُن کے سواروں سے ہم خدائے تعالیٰ کی پناہ لیتے ہیں

للہ سھم لا یطیش اذا رمیٰ
خدا کا وُہ تیر ہے کہ جب چھُوٹا تو خطا نہیں جاتا

للحق سُلطان علیٰ سُلطانھم
اور خُدا کا قہر اُن کے قہر پر غالب ہے

انزل جنودك یا قدیر لنصرنا
اے قادر ہمارے لئے اپنا لشکر اُتار

انا لقینا الموت من لقیانھم
کیونکہ ہم اُن کے ملنے سے مَوت کو ملے

یاربّ قد بلغ القلوب حناجرا
اے میرے ربّ دِل حلق کو پہنچ گئے

یاربّ نجّ الخلق من ثعبانھم
اے میرے ربّ خلقت کو اُنکے سانپ سے نجات دے

ان القلوب من الکروب تقطعت
دِل بیقراریوں سے ٹکڑے ہو گئے

فارحم وخَلِّصْ رُوحنا من جانھم
سو رحم کر اور ہماری جان کو اُنکے دیو سے رہائی بخش

ودع العدا جزر السباع ینشنھم
اور دشمنوں کو بھیڑیوں کی بکری بنا تا انکو پکڑلیں اور نوچ نوچ کر کھا دیں

واشف القلوب بخزیھم وھوانھم
اور ہمارے دِلوں کو اُن کی رسوائی اور ذِلّت سے شفا بخش

و اعجبنی طریق المعترض الفتان انه لا یمتنع من الھذیان و یھذی
اور اس فتنہ انگیز معترض کے طریق سے مَیں تعجب کرتا ہوں بکواس سے باز نہیں آتا اور

کمثل النشوان و یقول ان عیسٰی ھو الروح الذی یوجد ذکرہ فی جمیع
شرابیوں کی طرح بکواس کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ عیسٰے وُہی روح ہے جس کا جابجا قرآن میں ذکر پایا جاتا ہے

مقامات القرآن و فی کتب اُخرٰی التی ھی من اللّٰہ الرحمٰن و ما ھو الا
اور ایسا ہی دُوسری کتابوں میں بھی ذکر پایا جاتا ہے جو خدا تعالیٰ کیطرف سے نازل ہوئی تھیں حالانکہ وُہ اِس دعویٰ میں سراسر

من الکاذبین۔ فاعلموا یا معشر الطلاب انہ یسعٰی الی السراب ولا
جھوٹ بول رہا ہے۔ سو اے حق کے طالبو! یقیناً سمجھو کہ وُہ صرف ریت کی چمک کیطرف دوڑتا ہے جس میں پانی

یخطوا الی الصواب و انّ فی کلامہ دخل عجیب و تمویہ غریب و
نہیں اور حق کی طرف قدم نہیں رکھتا اور اُس کی کلام میں ایک عجیب قسم کا دجل ہے اور دھوکا دہی اور

کذب مبین الا یعلم ان الروح نزل علی عیسٰی کما نزل علٰی مُوسٰی
کُھلا کُھلا جھُوٹ ہے۔ کیا نہیں جانتا کہ رُوح جیسا کہ حضرت عیسٰی پر نازل ہُوا ایسا ہی حضرت موسٰی پر نازل ہُوا

ونبیّن آخرین لم یلبس الحق بالباطل کالدجال الغالث الا یقراء
اور ایسا ہی دُوسرے نبیوں پر کیوں حق کے ساتھ جھُوٹ ملاتا ہے جیسے کہ دجّال اچھے کے ساتھ بُرے کو ملانیوالے کیا

فی الانجیل متی الاصحاح الثالث۔ و اذا السمٰوات قد انفتحت لہ فرأی
وُہ انجیل متی کے تیسرے باب کو نہیں پڑھتا۔ کہ یکدفعہ اُسکے لیئے آسمانوں کے دروازے کُھل گئے

رُوح اللّٰہ نازلۃ مثل حمامۃ و آتیا علیہ..... ثم اصعد یسوع الی البریۃ
سو اُس نے خُدا کی رُوح کو کبوتر کی طرح اُترتے اور اپنے پر آتے دیکھا۔ پھر یسوع روح سے جنگل کی طرف چلا گیا

من الروح لیجرب من الشیطان اللّعین۔ فثبت انّ رُوح القدس نزل
تا شیطان سے آزمایا جاوے۔ پس اِس سے ثابت ہُوا کہ رُوح القدس

علی المسیح کما نزل علیٰ ابرٰھیم و اسمٰعیل الذبیح وغیرہ من المرسلین۔
مسیح پر ایسا ہی نازل ہُوا جیساکہ ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور دوسرے نبیوں پر۔

فاتّق ربّ العباد و فکر لطلب السداد مجتهد التحصیل الرشاد وتارکا
سو خُدا سے ڈر اور حق الامر کے ڈھونڈھنے کی فکر کر مگر اِس فکر میں
سُبُل الرقاد وجاهدًا اهل یکون النازل والمنزل علیه شیئًا واحدًا کلّا
کوشش کر اور نیند کی راہوں سے الگ ہو کیا نازل اور منزل علیہ ایک ہی چیز ہو سکتے ہیں
بل لا بدّ من ان یکونا شیئین متغائرین کما لا یخفی علیٰ ذی العینین و علیٰ
بلکہ یہ بات ضروری ہے کہ وہ دو متغائر چیزیں ہیں جیساکہ عقلمندوں پر
سائر العاقلین۔ فایّ دلیل اکبر من هذا القوم منصفین الذین ینثالون
پوشیدہ نہیں۔ پس منصفوں کے لئے اِس سے بڑھ کر اور کونسی دلیل ہوگی وہ منصف جو
الی الحق موجفین۔ ولا یترکون الصراط کعمین۔ وایّ فرق فی الرّوح
حق کیطرف متوجہ ہوکر دوڑتے ہیں۔ اور راہ کو اندھوں کی طرح نہیں چھوڑتے۔ اور کونسا فرق اِن دو رُوحوں میں ہے
النازل علیٰ عیسٰے والرّوح الّذی اُعطے لموسٰی کلیم ربّ العٰلمین الا
جو حضرت عیسٰی اور حضرت موسٰیؑ پر نازل ہُوئیں
تتفکرون یمعشر الظّٰلمین۔ وتسقطون علیٰ اراجیف الکاذبین۔ الا
اے ظالمو! کیا تم کچھ بھی فکر نہیں کرتے۔ اور جھُوٹوں کی خبروں پر گرے جاتے ہو۔ کیا تم
تقرءُون فی التورات الاصحاح الحادی عشر ما قیل انه قول اصدق
توراۃ کے گیارھویں باب میں وہ کلام نہیں پڑھتے جس میں کہا گیا ہو کہ اُس خدا کا کلام ہے جو اپنی باتوں میں سب سے بڑھکر سچا ہے
القائلین وهو انّ الربّ قال لموسٰی فانزل وانا اتکلم معك واخذ
اور وہ یہ ہے کہ رب نے موسیٰ کو کہا کہ مَیں اُتروں گا اور تجھ سے کلام کروں گا اور اُس
من الروح الّذی علیك واضع علیهم ای علیٰ اکابر اُمّته وهم کانوا
رُوح میں سے لوں گا جو تجھ پر ہے اور اُن پر ڈالوں گا یعنی بنی اسرائیل کے اکابر پر جو ستّر آدمی
سبعین۔ وکذٰلك نزل هذا الروح علیٰ جدّ عیسٰے ومُرشده داؤد و
تھے۔ اور اسی طرح رُوح حضرت عیسٰے کے دادے اور اُس کے مُرشد یحیٰی پر بھی نازل ہوئی

يحيٰى وغيرهما من النبيين۔ ولا حاجة الى ان نطول الكلام ونضيع
اور ایسا ہی دوسرے نبیوں پر ۔ اور کچھ ضرورت نہیں کہ ہم اس کلام کو طول دیں اور وقت کو ضائع

الاوقات ونزيد الخصام فان الخواص من النصارىٰ والعوام يعرفونه
کریں اور جھگڑے کو بڑھاویں کیونکہ نصاریٰ ان تمام باتوں کو جانتے ہیں

وما كانوا منكرين۔ فلم لا تشتف ايها الجهول والغبى المعذول فى
اور منکر نہیں ہیں ۔ پس اے نادان کیوں اپنی نظر کو پہلی کتابوں میں عمیق حد تک نہیں پہنچاتا

كتب الاوّلين ولم لا تقبل النصيحة وتعادى العقيدة الصحيحة
اور کیوں نصیحت کو قبول نہیں کرتا اور صحیح عقیدے کا دشمن ہو رہا ہے

ولا تكون من المسترشدين۔ نعطيك شهدا ينقع وتعدو الىٰ سمّ
اور ہدایت کی راہ پر نہیں آتا ۔ ہم تجھے ایک شہد پیاس بجھانے والا دیتے ہیں اور تو ایک تیز زہر

منقع اتريد انْ تكون من الهالكين۔
کی طرف دوڑتا ہے تا اسکو پی لے کیا تیرا مرنے کا ارادہ ہے۔

واما ما ظننت ان الله يسمّى المسيح فى القرآن روحًا من الله
اور یہ جو تو نے خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ قرآن میں مسیح کا نام روح من اللہ رکھتا ہے

الرحمٰن ولا يسميه بشرا ومن نوع الانسان فاعجبنى انكم لم لا تانفون
اور اس کا نام بشر نہیں رکھتا اور منجملہ نوع انسان اسکو قرار نہیں دیتا سو مجھے تعجب ہے کہ تم لوگ کیوں بہتان

من البهتان ولم لا تستحيون من خرافات وتنضنضون نضنضة
سے کراہت نہیں کرتے اور خرافات بکنے کے وقت تمہیں کیوں شرم نہیں آتی اور اژدہا کی طرح

الثعبان وما كنتم منتهين وتميسون كالسكارىٰ وجدانا ووجدا
زبان ہلاتے ہو اور باز نہیں آتے اور تم مارے غصہ اور غم کے ایسے چلتے ہو جیسا کہ ایک مست

ولا ترون غورًا ولا نجدا ولا تخافون هوة السافلين۔ اجعلتم قرة عيونكم
چلتا ہے اور نشیب و فراز کو کچھ بھی نہیں دیکھتے اور گڑھے میں گرنے سے نہیں ڈرتے۔ کیا جھوٹ بولنے میں ہی تمہاری

۱۰۲

ومسرة قلوبكم فى الاكاذيب وطبتم نفسا بالغاء طلب الحق والقاء
آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی خوشی ہے اور تم اِس بات پر خوش ہوگئے کہ حق کو چھوڑ دو اور

حبل الله القريب وكنتم قوما عادين۔ ويل لكم انكم سقطتم علىٰ
خدا کے رستہ کو جو بہت نزدیک ہے پھینک دو۔ اور تم پر افسوس کہ تم ایک مزبلہ پر گرے

دمنة واعرضتم عن روضة بل تركتم شجراء وآثرتم مرداء ونزلتم عن
اور باغ سے کنارہ کیا بلکہ تم نے درختوں والی زمین کو چھوڑا اور ویران بے درخت زمین کو

متن الركوبة واخترتم طريق الصعوبة وقفوتم اثر المبطلين۔
اختیار کیا اور سواری سے تم اُتر بیٹھے اور خرابی اور سختی کا راہ اختیار کر لیا اور باطل پرستوں کے پیچھے لگ گئے۔

وان كنتم تظنون ان القرآن صدق قولكم واعان وقال فى شان
اور اگر تمہیں یہ گمان ہے کہ قرآن تمہارے قول کی تصدیق کرتا اور تمہیں مدد دیتا ہے اور عیسیٰؑ کے بارہ میں کہا ہے کہ

عيسٰے رُوح منه وقبل انه خرج من لدنه فما هذا الاجهل صريح ووهم
وہ اُس سے رُوح ہے اور اِس بات کو قبول کر لیا ہے کہ وہ اُسی سے نکلا ہے تو یہ خیال تمہارا صریح جہل اور مکروہ وہم اور

قبيح وخطاء مبين۔ ثم ان فرض ان قوله تعالىٰ رُوح منه يريد شان ابن
کھلا کھلا خطا ہے۔ پھر اگر ہم فرض کر لیں کہ رُوح منہ کا لفظ حضرت عیسٰے کی شان بڑھاتا ہے اور اسکو

مريم ويجعله ابن الله واعلىٰ واكرم فيجب ان يكون مقام اٰدم ارفع منه
ابن اللہ اور بلند تر ٹھہراتا ہے سو اِس سے لازم آتا ہے کہ حضرت آدمؑ کا مقام حضرت مسیح

واعظم ويكون اٰدم اوّل ابناء ربّ العٰلمين۔ فان فى شان اٰدم
سے زیادہ بلند ہو اور پہلا بیٹا خدا تعالیٰ کا حضرت آدمؑ ہی ہو۔ کیونکہ حضرت آدمؑ کی شان میں

بيان اكبر من شان عيسٰے فتفكر فى آية فقعوا له ساجدين[1] وتدبّر
حضرت عیسٰیؑ کی نسبت زیادہ تعریف بیان کی گئی ہے سو عقلمندوں کی طرح لفظ فقعوا له ساجدين میں غور کر

كاولى النهى وفكر فى لفظ خلقت بيدىّ ولفظ سوّيته ونفخت فيه
اور پھر اس لفظ میں غور کر جو خلقت بیدی اور سوّیته اور نفخت فيه

[1] الحجر: ۳۰

من رُوحیؕ و الفاظ اُخرٰی لیظهر علیك جلالة اٰدم وشانه الاعلٰی فان

من روحی ہے اور دوسرے لفظوں کو بھی سوچ تاکہ تیرے پر حضرت آدمؑ کی شان اعلیٰ ظاہر ہو کیونکہ

منطوق الاٰیة یدل علی انّ رُوح الله نزل فی اٰدم بنزول اجلٰی حتّٰی

منطوق آیت کا دلالت کرتا ہے کہ رُوح اللہ آدم میں اُترا تھا اور وہ اُترنا بہت روشن تھا یہاں تک کہ آدم

۱۰۳ جعله مسجود الملائکة ومظهر تجلّیات و اقرب الی الله الاغنی واعلم

ملائکہ کا سجدہ گاہ ٹھہرا اور تجلّیات عظمیٰ کا مظہر بنا اور خدائے غنی سے بہت قریب ہُوا

وافضل من الملائکةِ اجمعین - وخلیفة الله علی الارضین واما الاٰیة

اور افضل ٹھہرا - اور خدا تعالیٰ کا خلیفہ بنا مگر وُہ آیت جو

التی نزلت فی شان عیسٰی فما تجعله ارفع واعلٰی ولا اصفٰی وازکٰی بل

حضرت عیسٰی کی شان میں نازل ہوئی ہو سو وہ اُس کو کچھ بہت اُونچا نہیں بناتی اور نہ زیادہ پاک اور صاف بناتی

یثبت منه ان عیسٰی روح من الله وعبده العاجز کاشیاء اخرٰی ومن

ہے بلکہ اس سے تو صرف اِسقدر ثابت ہوتا ہو کہ حضرت عیسٰی خُدا تعالیٰ کیطرف سے ایک روح ہیں جیساکہ دُوسری چیزیں خُدا

المخلوقین ما سجده ابلیس بل امره ان یسجد له ومعذ لك جرّبه ذلك

تعالیٰ کیطرف سے ہیں اور ثابت ہوتا ہو کہ وہ مخلوق ہے شیطان نے اُسکو سجدہ نہ کیا بلکہ چاہا کہ وُہ شیطان کو سجدہ کرے اور اس کا

الخبیث وسجد لاٰدم الملٰئکة کلّهم اجمعین. وانّ اٰدم انبأ الملائکة

امتحان لیا اور آدم کو تمام فرشتوں نے سجدہ کیا - اور آدم نے فرشتوں کو

باسماء سائر الاشیاء فثبت انه اعلم وسرّه محیط علی الارض والسماء

تمام چیزوں کے نام بتلائے پس ثابت ہُوا کہ وُہ ان سے زیادہ عالم تھا اور اُسکا سر تمام کائنات پر محیط تھا

ولٰکن عیسٰی اقر بانه لایعلم الساعة واشار الٰی ان الملائکة قدفاقوه

مگر حضرت عیسٰیؑ نے تو اقرار کیا کہ اُسکو قیامت کا علم نہیں کہ کب آئیگی اور یہ بھی اشارہ کیا کہ ملائک اس سے

علما واکملوا الخوف والطاعة فتفکروا فی هذا ولا تمشوا کقوم

علم اور طاعت میں افضل ہیں سو اس بات کو سوچو اور اندھوں کیطرح مت چلو

لہ الحجر : ۳۰

عمين ثم اذا دققت النظر وامعنت فيما حضر فيظهر عليك ان قوله

پھر اگر تو غور سے دیکھے اور واقعات موجودہ میں غور کرے تو تیرے پر ظاہر ہوگا کہ اللہ جلّشانہ کا یہ قول کہ

تعالیٰ رُوح منه يشابه قوله تعالیٰ جميعا منه فمن الغباوة ان تثبت من

روح منه ایسا ہی قول ہے جیسا کہ اُس کا دُوسرا قول سو بڑی نادانی کی بات ہے کہ روح منه

لفظ رُوح منه الوهية عيسىٰ ولا تُقِرّ من لفظ جميعًا منه بالوهية ارواح

کے لفظ سے حضرت عیسیٰ کی خدائی ثابت کرے اور جمیعًا منه کے لفظ سے

الكلاب والقردة والخنازير واشياء اخرىٰ فان منطوق الآيه يشهد

کُتّوں اور بلّیوں اور سؤروں اور دُوسری تمام چیزوں کی خدائی کا اقرار نہ کرے کیونکہ منطوق آیت کا

علىٰ انّها جميعا منه فمت من الندامة انكنت من المستحيين وتفكّروا

دلالت کر رہا ہو کہ ہر یک چیز جمیعًا منه میں داخل ہو یعنی تمام ارواح وغیرہ خدا سے ہی نکلے ہیں پس اب ندامت

يٰمعشر النصارىٰ اليس فيكم رجل من المتفكرين۔ وليس لك ان ترفع

سے مر جا اگر کچھ شرم ہو اور اے نصرانی لوگو! اِس میں غور کرو کیا تم میں کوئی بھی غور کرنیوالا نہیں ہو اور کبھی ممکن نہیں

في جوابنا الصوت وان تلاقى من فكرك الموت فان مثل الكاذب

جو تُو ہمارا جواب دے سکے اگرچہ اِسی فکر میں مَر جائے کیونکہ جھوٹا آدمی ایک گیند کی طرح

كخذروف مدحرج ولا قرار له عند الصادقين۔

گردش میں ہوتا ہے اور سچّوں کے سامنے اُس کو قرار نہیں۔

ومن اعتراضات هذا الخائن الضنين انه ذكر في توزينه الّذي

اور اِس بخیل خیانت پیشہ کے اعتراضات میں سے ایک یہ ہے جو وُہ اپنی کتاب توزین میں جو

هو عش الشياطين۔ انّ وحي القراٰن كان من الشيطان وما كان مِنَ

شیاطین کا آشیانہ ہے یہ لکھتا ہو کہ وحی قرآن شیطان کی طرف سے تھی اور رُوح الامین کی

الرّوح الامين واوّل لفظ شديد القوىٰ ولفظ ذو مرّة بالخُبث

طرف سے نہیں تھی اور شدید القویٰ اور ذو مرّۃ کے لفظ کی اس نے

واتباع الهوٰی وبتاویلات بعیدة ومکائد عُظمیٰ واذی قلوب
ہوا پرستی کی وجہ سے تاویل کی ہے اور تاویلات بعیدہ اور فریبوں سے کچھ کا کچھ بنایا ہے اور مومنوں کے
المؤمنین۔ وکذٰلك ترك الحیاء وودّع الارعواء وحسب افضل
دلوں کو دُکھ دیا ہے۔ اسی طرح اُس نے حیا کو ترک کیا اور شرم کو رخصت کیا اور افضل الرسل کی نسبت یہ گمان
الرسل کالمجنون۔ وتباعد عن الحق تباعد الضبّ من النون وعادا
کیا کہ نعوذ باللہ اُنکو جن کا آسیب تھا۔ اور حق سے ایسا دُور جا پڑا جیسا سوسمار جو خشک زمین میں رہتی ہے مچھلی سے جو
المُصلحین اللامّین۔ واعترض علیٰ فصاحة صحف اللّٰه القرآن و
پانی میں رہتی ہے دُور رہتی ہے اور نیک کاموں کے حامی مصلحوں کی دشمنی اختیار کی اور قرآن شریف کی بلاغت
بلاغة حبل اللّٰه الفرقان ظلمًا وزورًا لیرضی قومًا بورًا مع انه کان من
فصاحت پر اعتراض کیا تا اِن باتوں سے ایک ہلاک شدہ قوم کو خوش کرے حالانکہ یہ شخص جاہل
الجاهلین العمین۔ وواللّٰه انه جهول لا یعلم لسان العرب طرق بیانه
اور اندھوں کی طرح ہے۔ اور بخدا یہ شخص سراسر نادان اور زبان عرب سے کچھ بھی واقف نہیں اور سوا زبان درازی
ولیس فیه جوهر سوی حصائد لسانه ولاجل ذٰلك لا یوجد فی کتبه
کے اس میں کچھ بھی جوہر نہیں اس لئے اس کی کتابوں میں بغیر گالیاں اور بکواس کے اور کچھ بھی نہیں اور یہ تو
شئ من غیر سبّه وهذیانه وما وسعه کتمان الحق وتخطیة الاولی
اُس سے نہ ہوسکا کہ حق کو پوشیدہ اور اُس میں کچھ نقص ثابت کرے پس وہ لاچار ہوکر
الاحق فعدا کالعدا الی التوهین وما قرءنا کتابا اغیظ من کتبه
دشمنوں کی طرح توہین کی طرف دَوڑا اور ہم نے کوئی ایسی کتاب نہیں پڑھی جو اس کتاب سے
ومارئینا عُبابا اکثر من عیب کذبه وما سمعنا سبًّا اکبر من سبّه
زیادہ غصہ دلانے والی ہو اور نہ کوئی سیلاب دیکھا جو اُس کے جھوٹ سے زیادہ ہو اور اُسکی گالیوں جیسی کسی کی
ولا خبًّا کخبّه فناوی الی اللّٰه من جبّه وهو خیر الناصرین۔ ونعوذبه
گالیاں نہیں سُنیں اور اُسکے فریبوں جیسا کسی میں فریب نہ دیکھا پس اُسکے فتنہ سے ہم خداتعالیٰ کیطرف پناہ لیجاتے ہیں

من غوائله ونشکو الیه من رذائله ومانری ان ینزع عن الغی بغیر الکیّ و
اور وہ سب سے بہتر مددگار ہو اور اس شخص کی بلاؤں سے ہم اسکی پناہ مانگتے ہیں اور اُسکی بدیوں سے ہم اُسکی طرف شکوہ لیجاتے ہیں اور ہم

کذٰلک کانت سیر المفسدین۔
نہیں دیکھتے کہ یہ شخص بغیر کسی داغ کے اپنی گمراہی سے باز آجائے۔ اور مفسدوں کی یہی خصلت ہوا کرتی ہے۔

وقد صدق فیه اخوه الحفی والودود الولی القسیس رجب علیٰ
"اور اسکے بارے میں اسکے بھائی مہربان اور دوست پادری رجب علی نے سچ کہا ہے چنانچہ اُس کا

قال قد صنف اخونا عماد الدین کتباً فی ردّ الاسلام و اشاع دلائل التثلیث
قول ہے کہ جب سے ہمارا بھائی عماد الدین اسلام کے ردّ میں کتابیں تالیف کرنے لگا اور تثلیث کے دلائل شائع کئے

فی الخواص والعوام فبما کانت دلائله مجموعة الاباطیل بعیدة من
سو اس سبب سے کہ وہ دلائل مجموعہ اباطیل تھے اور اُن میں کوئی بھی سچی دلیل نہیں تھی

تنقید الدّلیل ندمنا غایة الندامة وصرنا هدف الملامة وما وسعنا
ہمیں بہت ہی شرمندہ ہونا پڑا اور ہم ملامت کے نشانہ ٹھہر گئے اور بعد اسکے ہم مارے شرم کے

بعدها استحیاءً ان نری وجوهنا المسلمین[1]
ایسے ہوگئے کہ اس قابل نہ رہے کہ مسلمانوں کو اپنا مُنہ دکھا سکیں"

واما استدلاله من لفظ شدید القویٰ علی الشیطان و
مگر اُس شخص کا شدید القویٰ کے لفظ سے شیطان پر استدلال پکڑنا اور یہ وہم کرنا کہ شدید القویٰ

وهمه ان القوّة کله لهذ الشیطان لا لله ولا لملك الرحمان فلاجل
اِس لئے قرآن میں شیطان کا نام ہو کہ تمام قوتیں اسی بھیڑیئے کو حاصل ہیں نہ خدا تعالیٰ کو اور نہ اُسکے کسی

ذلك خص بهذا الاسم فی القرآن فلا نفهم سرّ هٰذه الاقاویل
فرشتہ کو حاصل ہیں سو ہم اُس کے اِس قول کا بھید نہیں سمجھتے

ولا نجد فیها رائحة من الدلیل فلعله کذٰلك قرء فی الانجیل
اور ہم اس میں کسی دلیل کی بُو نہیں پاتے پس اُس نے شائد اسی طرح انجیل میں پڑھا ہے

[1] حاشیہ دیکھو صفحہ ۱۴۰

صـ[۱]

الحَاشِيَةُ متعلق صفحہ ۱۰۵ نورالحق الحصّۃ الاولیٰ

وانا نریٰ ان نکتب ھٰہنا بعض مقالات اھل الاٰراء واٰراء اھل الدھاء

هل يستوی اهل السعادة والشقا ۔ افانت اعمی او اخ الشيطانِ
کیا سعید اور بدبخت برابر ہو سکتا ہے ۔ کیا تو اندھا ہے یا شیطان کا بھائی

الوقت یدعوا مُصلحًا ومجدّدًا — فارنوا بنظرٍ طاہرٍ وجنانِ

وقت ایک مصلح اور مجدد کو بُلا رہا ہے — سو تم ایک نظر اور پاک دل کے ساتھ دیکھو

ص ۲۸

أتظنّ ان اللہ یخلف وعدہ — أفانت تُنکر موعد الفرقانِ

کیا تو گمان کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے وعدہ کو پورا نہیں کریگا — کیا تُو فرقان کے وعدہ سے انکار کرتا ہے

یا ایّہا الناس اترکوا طرق الإبا — کونوا لوجہ اللہ من اعوانی

اے لوگو سرکشی کی راہوں کو چھوڑ دو — اور خالصًا للہ میرے انصار میں سے بن جاؤ

یا ایّہا العادون فیْ جہلاتہم — تُوبوا من الافساد والطغیانِ

اے وے لوگو جو باطل باتوں میں حد سے گذر گئے ہو — فساد اور بے اعتدالی سے توبہ کرو

لا تُغضبوا المولیٰ وتُوبوا واتّقوا — وکخائف خرّوا علی الاذقانِ

اپنے مولیٰ کو غصّہ مت دلاؤ اور توبہ کرو اور تقویٰ اختیار کرو — اور ڈرنے والوں کی طرح اپنی ٹھوڑیوں پر گرو

القمر یھدیکم الیٰ نور الھدیٰ — والشمس تدعوکم الی الایمانِ

چاند تمہیں ہدایت کی طرف رہنمائی کرتا ہے — اور سُورج تمہیں ایمان کی طرف بلا رہا ہے

ظہرت لکم آیات خلّاق الوریٰ — فی ملککم لمؤیّد سُبحانی

تمہارے فائدہ کیلئے خدا تعالیٰ کیطرف سے نشان ظاہر ہوگئے — وہ تمہارے ہی ملک میں مؤیّد سبحانی کیلئے ظاہر ہوئے

ھل ھٰذہ من قسم عمل منجمٍ — او آیۃ عُظمیٰ عظیم الشّانِ

کیا یہ کسی نجومی کا کام ہے — یا خدا تعالیٰ کا ایک عظیم الشان نشان ہے

ھٰذا حدیث من نبیّ مصطفٰی — کہف الانام وسیّد الشجعانِ

یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے — پناہ خلقت کی اور سردار بہادروں کا

جلت الفتوح وبان صدق کلامنا — وتبیّنت طرق الھدیٰ ومکانی

فتوح ظاہر ہوگئے اور ہماری کلام کا صدق کھل گیا — اور ہدایت کے رستے اور میرا مرتبہ نمودار ہوگیا

افبعد ما کشف الغطا بقی الإبا — ویل لمجترءٍ مُصرٍّ جانی

کیا پردہ کھلنے کے بعد پھر سرکشی باقی رہ گئی — اُس شخص پر واویلا ہے جو گستاخ اصرار کرنیوالا گنہگار ہو

ما كان قط ولا يكون كمثله — شهر بهذا الوصف فی الازمانِ

اس مہینے کی طرح نہ ہوا اور نہ کبھی ہوگا — اِس صفت کا مہینہ کسی زمانہ میں نہیں پایا جاتا

شهدت يد المولی فهل منكم فتیً — يبدی المحبّة بعد ما عادانی

خدا تعالیٰ کے ہاتھ نے گواہی دیدی پس کیا کوئی مرد ہے — جو عداوت کے بعد محبّت کو ظاہر کرے

واراد ربّی ان يُریٰ اٰياته — ويمزّق الدجّال ذا الهذيان

اور میرے رب نے ارادہ فرمایا ہے جو اپنے نشانوں کو ظاہر کرے — اور دجّال فضول گو کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے

ص۲۹

انی اری كالميّتِ من اذانی — لا تسمعن اصواته آذانی

جس نے مجھے دُکھ دیا میں اُسکو مُردے کی طرح دیکھ رہا ہوں — اور میرے کان اُس کی آواز نہیں سُنتے

هذا زمان قد سمعتم ذكره — من خير خلق الله والقرآنِ

یہ وہ زمانہ ہے جس کا تم ذِکر سُن چکے ہو — کس سے؟ رسُول اللہ صلعم سے اور قرآن سے

من فاته هذا الزمان فقد هوی — واختار جهلا وادی الخذلانِ

جس کو یہ زمانہ فوت ہوگیا پس وہ نیچے گرا — اور اپنی جہالت سے وادئ خذلان کو اُس نے پسند کر لیا

كم من عدوّ يشتمون تعصّباً — ويرون اٰياتی ونور بيانی

بہت ایسے دشمن ہیں کہ محض تعصب سے گالیاں نکالتے ہیں — اور میرے نشان اور میرے بیان کا نور دیکھتے ہیں

وخيالهم يطفو كحوت ميّتٍ — لا ينظرون مواقع الامعانِ

اور اُن کا خیال مُردہ مچھلی کی طرح تیرتا ہے — غور کے موقعوں کو وہ نہیں دیکھتے

شهدت لهم شمس السماء ومثلها — قمر فيرتابون بعد عيانِ

اُن کے لئے آسمان کے سُورج نے گواہی دی — اور ایسا ہی چاند نے پس بعد مشاہدے کے شک کرتے ہیں

خرجوا من التقویٰ وتركوا طرقه — بوساوس دخلت من الشيطانِ

تقوے سے خارج ہو گئے اور تقویٰ کی راہ چھوڑ دی — بباعث ان وسوسوں کے جو شیطان کی طرف سے اس میں داخل ہوئے

يا مكفری اهل السعادة والهدیٰ — اليوم اُنزِلتم بدار هوانِ

اے وے لوگو جو اہلِ سعادت کو کافر ٹھہراتے ہو — آج تم ذِلّت کے گھر میں اُتارے گئے

توبوا من الهفوات يغفر ذنبكم
اپنی لغزشوں سے توبہ کرو تا تمہارے گناہ بخشے جاویں
والله برّ واسع الغفرانِ
اور خدا تعالیٰ نکوکار وسیع المغفرت ہے

قد جاء مهديكم وظهرت اٰية
تمہارا مہدی آ گیا اور نشان ظاہر ہو گیا
فاسعوا بصدق القلب يا فتياني
سو اے میرے جوانوں دلی صدق سے کوشش کرو

عندي شهادات فهل من مومن
میرے پاس گواہیاں ہیں پس کوئی ایمان لانیوالا ہے
نور يرى الداني فهل من داني
ایک نور ہے جو نزدیک آنیوالا اسکو دیکھتا ہے پس کیا کوئی نزدیک آنیوالا ہے

ظهرت شهادات فبعد ظهورها
گواہیاں ظاہر ہو گئیں سو اُن کے ظہور کے بعد
ما عذركم في حضرة السلطانِ
اللہ تعالیٰ کی جناب میں کیا عذر کروگے

هذا اوان النصر من ربّ السماء
یہ رب السماء کی طرف سے مدد کا وقت ہے
ذي مصميات موبق الفتّانِ
جسکے تیر خطا نہیں کرتے اور فتنہ انگیز کو ہلاک کرتا ہے

نزلت ملائكة السّماء لنصرنا
ہماری مدد کے لئے آسمان سے فرشتے اُتر آئے
رعب العدا من عسكر رُوحاني
لشکر رُوحانی سے دشمن ڈر گئے

دخلت بروق الدّين في ارض العدا
دین کی روشنی دشمنوں کی زمین میں داخل ہو گئی
وبدا الهُدىٰ كالدّرر في اللمعانِ
اور ہدایت چمکنے والے موتیوں کی طرح ظاہر ہو گئی

افترقبون كظالمين جهالةً
کیا تم ظالموں کی طرح محض اپنی جہالت سے
رجلا حريص السفك و الاثخانِ
ایسے آدمی کی انتظار کرتے ہو جو خونریزی کا حریص اور بہت خونریز ہو

لستم باهلٍ للمعارف و الهُدىٰ
تم اس بات کے اہل نہیں ہو جو معارف اور ہدایت تمہیں معلوم ہو
فتلاعبوا بالدّين كالصّبيانِ
سو بچوں کی طرح دین کے ساتھ کھیلتے ہو

لا تعرفون نكات صحف الٰهنا
تم ہمارے خدا کے صحیفوں میں جو معارف ہیں انکو پہچانتے نہیں
تتلون الفاظاً بغير معاني
اور الفاظ کو بغیر معانی کے پڑھتے ہو

قد جئتكم مثل ابن مريم غربةً
مَیں ابن مریم کی طرح غریب ہو کر تمہارے پاس آیا ہوں
حق وربّي يسمعن و يراني
یہ حق ہے اور میرا رب سُنتا ہے اور دیکھ رہا ہے

السیف انفاسی ونُرمحی کلمتی ۔۔۔ ما جئتکم کمحارب بسنانِ

میرے انفاس میرے تلوار ہیں اور میرے کلمات میرے تیر ہیں۔ ۔۔۔ اور مَیں جنگجو کی طرح نیزہ کے ساتھ نہیں آیا

حق فلا یسع الوریٰ انکارہ ۔۔۔ فاترك مراء الجهل والكفرانِ

یہی سچ ہے پس انکار پیش نہیں جاسکتا ۔۔۔ سو جہالت اور ناسپاسی کی لڑائی کو چھوڑدے

یا طالب الرحمان ذی الاحسان ۔۔۔ قم والهًا واطلبه کالظمأنِ

اے خدا ذو الاحسان کے طلب کرنے والے ۔۔۔ شیفتہ کی طرح اُٹھ اور پیاسے کی طرح اُسکو ڈھونڈ

بادر الیّ ساخبرنك مُشفقا ۔۔۔ عن ذالك الوجه الذی اصبانی

میری طرف دوڑ کہ مَیں تجھے شفقت کی راہ سے خبر دُونگا ۔۔۔ اُس مُنہ سے جس نے مجھے اپنی طرف کھینچا

احرق قراطیس البغاوۃ والابا ۔۔۔ وارکن الی الایقان والاذعانِ

ص۲۱

بغاوت اور سرکشی کے کاغذات جلادے ۔۔۔ اور یقین کی طرف جُھک جا

اعطیتُ نورًا من ذکاء مهیمنی ۔۔۔ لانیر وجه البرِّ والعمرانِ

مجھے اپنے خُدا کے آفتاب سے ایک نُور ملا ہے ۔۔۔ تاکہ مَیں جنگلوں اور آبادیوں کو روشن کروں

بارزتُ للهِ المهیمن غیرۃ ۔۔۔ ادعو عدوّ الدّین فی المیدانِ

مَیں اللہ تعالیٰ کیلئے غیرت کی راہ سے میدان میں نکلا ہوں ۔۔۔ اور دشمنِ دین کو میدان میں بُلاتا ہوں

واللهِ انّی اوّل الشجعان ۔۔۔ وستعرفنّ اذا التقا الجمعانِ

اور بخدا مَیں سب بہادروں سے پہلے ہوں ۔۔۔ اور عنقریب تجھے معلوم ہوگا جب دونوں لشکر ملیں گے

من کان خصمی کان ربّی خصمه ۔۔۔ قد بارز المولےٰ لمن بارانی

جو شخص میرا دشمن ہو خدا تعالیٰ اُس کا دشمن ہوگا ۔۔۔ خدا اُسکے مقابلہ پر نکلا جس نے میرا مقابلہ کیا

انی رئیتُ ید المهیمن حافظی ۔۔۔ ومؤیّدی فی سائر الاحیانِ

مَیں نے خدا کا ہاتھ اپنا محافظ دیکھا ۔۔۔ اور ہر ایک وقت میں اپنا مؤید پایا

من فضله انی کتبتُ معارفًا ۔۔۔ ادخلت بحر العلم فی الکیزان

یہ اُس کے فضل سے ہے جو مَیں نے معارف لکھے ۔۔۔ اور علم کا دریا کوزہ میں داخل کر دیا

یاقوم فی رمضان ظهرت اٰیتی
اے میری قوم میرا نشان رمضان میں ظاہر ہوا

من ربّنا الرّحمان والدّیانِ
خدائے رحمان اور جزا دہندہ سے

فاقرء اذا ما شئت اٰیة ربّنا
پس اگر تُو چاہے تو ہمارے ربّ کی آیت کو پڑھ

خسف القمر وتجاف عن عدوانِ
اور وہ آیت یہ ہے کہ خسف القمر اور ظلم سے الگ ہو جا

ثم الحدیث حدیث اٰلِ محمّدٍ
پھر حدیث حدیث آل نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کی

شرح لما یتلی مِنَ الفُرقانِ
قرآن شریف کی آیات کی شرح میں

ھٰذا کلام نبیّنا وحبیبنا
یہ ہمارے نبی اور حبیب کا کلام ہے

فافرغ الیه وخل ذکر ادانی
پس اسکی طرف متوجہ ہو اور ادنیٰ لوگوں کا ذکر چھوڑ دے

ھٰذا اشدّ علی العدا وجموعهم
یہ پیشگوئی دشمنوں پر بہت سخت ہے

من وقع سیف قاطع وسنانِ
تلوار اور نیزہ سے بھی زیادہ سخت

والحرّ بعد ثبوت امرٍ قاطعٍ
اور ایک آزاد آدمی ثبوت قطعی کے بعد

یُهدیٰ ولا یصغیٰ الی بُهتانِ
ہدایت دیا جاتا ہے اور بہتان کیطرف کان نہیں دھرتا

لا تعرضوا عنّی وکیف صددکم
تم مجھ سے اعراض مت کرو اور کیونکر تم ایسے بھیجے ہوئے سے

عن مرسل یهدی الی الفرقانِ
کنارہ کش ہوتے ہو جو فرقان کی طرف ہدایت دیتا ہے

ما جاءنی قومی شقا وتباعدوا
میری قوم بوجہ بدبختی کے میرے پاس نہیں آئی اور دُور ہوگئی

فترکتهم مع لوعة الهجرانِ
پس مَیں نے باوجود سوزش جُدائی انہیں چھوڑ دیا

انی رئیت بهجر قوم فارقوا
مَیں نے اُس قوم کی جُدائی میں جو جُدا ہوگئی

حالا کحالة مُرسل کنعانی
وُہ حالت دیکھی جو یعقوب علیہ السلام کی حالت سے مشابہ ہے

وسالت ربّی فاستجاب لی الدعا
اور مَیں نے اپنے ربّ سے سُوال کیا اور اُس نے میری دُعا قبول کی

فرجعت مجلوا من الاحزانِ
پس مَیں غموں سے نجات یافتہ ہوگیا

انّ العدا لا یفهمون معارفی
دشمن میرے معارف کو نہیں سمجھتے

ویکذّبون الحق کالنّشوانِ
اور مستوں کی طرح حق کی تکذیب کر رہے ہیں

لا ينظرون تدبّرًا و تفكّرًا
اور تدبّر اور تفکّر سے نہیں سوچتے
و تأبّطوا الاوهام كالاوثانِ
اور وہموں کو بتوں کی طرح اپنی بغل میں رکھتے ہیں

ان العقول على النقول شواهد
عقلیں نقلوں پر گواہ ہیں
تحتاج اثقال الىٰ ميزانِ
بوجھ میزان کے محتاج ہوتی ہیں

انّ النّهىٰ ملكتْ يداهُ قلوبنا
عقل کے دونوں ہاتھ ہمارے دلوں کے مالک ہیں
و نرىٰ بريق الحق بالبرهانِ
اور حق کی روشنی ہم برہان سے ہی دیکھتے ہیں

انّ العدا ايئسوا اذ انكشف الهدىٰ
دشمن نومید ہوگئے جب کہ ہدایت کھل گئی
فاليوم ليس لهم بذاك يدانِ
پس آج ان کو اس کے ساتھ مقابلہ کے ہاتھ نہیں

يا لاعنى خف قهر ربّ قادر
اے میرے لعنت کرنیوالے خدا تعالیٰ کے قہر سے ڈر
والله انى مسلم ذو شانِ
اور بخدا میں ایک مسلمان ذی شان ہوں

والله انى صادق لا كاذب
اور بخدا میں صادق ہوں نہ کاذب
شهدت سماء الله والملوانِ
آسمان اور رات دن نے گواہی دے دی

ودّعتُ اهوائى لحبّ مهيمنى
حرص وہوا کو میں نے خدا تعالیٰ کیلئے رخصت کر دیا
وتركتُ دنياكم بعطف عنانى
اور تمہاری دنیا کو چھوڑا اور اس سے منہ پھیر لیا

ص۳۳

وتعلقت نفسى بحضرة ملجائى
اور میرا نفس حضرت پروردگار سے تعلق پکڑ گیا
و تبرءت من كلّ نشب فانى
اور ہریک مال فانی سے بیزار ہوگیا

لا تعجلوا و تفكروا و تدبّروا
مت جلدی کرو اور فکر کرو اور سوچو
والعقل كل العقل فى الامعانِ
اور تمام عقل غور کرنے میں ہے

ان كنت لا تبغى الهدىٰ وتكذب
اور اگر تو ہدایت کو قبول نہیں کرتا اور تکذیب کرتا ہے
فاضرّنى بجوارح ولسانِ
سو مجھے اپنے ہاتھ پیر اور زبان سے دکھ پہنچا

واللعن ولعن الصادقين وسبّهم
اور لعنت کرنا اور سچّوں کو لعنت کرنا
متوارث من قادم الازمانِ
قدیم زمانہ سے لوگوں کا ورثہ چلا آیا ہے

لن تعجزوا بمکائد ربّ السماء
تم ہرگز اپنے فریبوں سے خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے

لِلّٰہِ سُلطانٌ علے السُلطانِ
خدا تعالیٰ کا تسلّط ہر ایک تسلّط پر غالب ہے

انظر ذکاءً ثم قمرًا مُنصفا
سُورج اور چاند کو منصف ہونے کی حالت میں دیکھ

ھذانِ للکذّاب ینخسفانِ
کیا ان دونوں کو ایک کذاب کے لئے گرہن لگا

یا لاعنی خف قہر ربّ شاھد
اے میرے لعنت کرنیوالے خدا تعالیٰ سے جو گواہ ہے خوف کر

ویریك اٰیات من الاحسانِ
اور وہ تجھے اپنے نشان دکھاتا ہے

قمر القدیر وشمسہ بقضاءہ
چاند اور سُورج کو گرہن لگا

خسفا وانت تصول کالسرحانِ
اور تُو ابھی بھیڑیئے کی طرح حملہ کر رہا ہے

لِلّٰہِ اٰیات یریھا بعدھا
ان دونوں کسوفوں کے بعد خدا تعالیٰ کے اور بھی نشان ہیں

ھذان قد جاءك کالعنوانِ
یہ دونوں عنوان کی طرح ظاہر ہوئے ہیں

ھذا من اللّٰہ الکریم المحسن
یہ خدائے کریم محسن کی طرف سے ہے

فاستیقظوا من رقدة العصیانِ
سو تم نافرمانی کی نیند سے بیدار ہو جاؤ

من کان فی بئر الشقا متہافتا
جو شخص بدبختی کے کنوئیں میں گرنے والا ہو

لا یُنصرن بل یُھلکن کالعانی
اسکو مدد نہیں دیجاویگی بلکہ وُہ قیدی کی طرح مریگا

لا تحسبوا برّ الفساد حدیقة
تم ایسے باغ کو فساد کا جنگل مت خیال کرو

عذب الموارد مثمر الاغصانِ
جس کا میٹھا پانی اور شاخیں پھلدار ہیں

لا تظلموا لا تعتدوا لا تجرءوا
ظلم مت کرو تجاوز مت کرو دلیری مت کرو

وتباعدوا عن ذالك اللھبانِ
اور اُس لہبان سے دُور رہو

لا تکفروا یا قوم ناصر دینکم
اے میری قوم دین کے حامی کو کافر مت ٹھہراؤ

واخشوا الملیك وساعة اللقیانِ
اور اس حقیقی بادشاہ سے ڈرو اور نیز ملاقات کے دن سے

قد جئتکم یا قوم من ربّ الوریٰ
اے میری قوم میں تمہاری طرف خدا تعالیٰ کیطرف سے آیا ہوں

بُشریٰ لتوّاب اذا لاقانی
اس توبہ کرنے والے کو خوشخبری ہو جب وہ مجھ سے ملے

ارسلت من ربّ الانام فجئتکم
ئیں خدا تعالیٰ کیطرف سے بھیجا گیا پس تمہاری طرف آیا

فاسعوا الیٰ بستانه الرّیّانِ
پس خدا تعالیٰ کے تر و تازہ باغ کی طرف دوڑو

هذا مقام الشکران مغیثکم
یہ شکر کا مقام ہے جو تمہارے فریادرس نے

قد خصّکم بعنایتٍ وحنانِ
تم کو عنایت اور مہربانی کے ساتھ خاص کر دیا

یا قوم قوموا طاعة لامامکم
اے میری قوم اپنے امام کیلئے فرمانبردار بنکر کھڑے ہو جاؤ

وتباعدوا من معتدٍ لعّانِ
اور اُس شخص سے دور رہو جو حد سے تجاوز کرنیوالا اور لعنت کرنیوالا ہے

قد جاء یوم الله فارنوا واتّقوا
خدا کا دن آیا ہے سو سوچو اور ڈرو

وتستّروا بملاحف الایمانِ
اور ایمان کی چادروں سے اپنی پردہ پوشی کر لو

لا یلهکم غول دنی مفسد
تمہیں کوئی مفسد کمینہ اپنے رب سے مت روکے

عن ربکم یا معشر الحدثانِ
اے نو عمر لوگو

قد قلتُ من تجلا فجاءت هٰذه
میں نے یہ قصیدہ جلدی سے کہا ہے اور یہ قصیدہ

کالدّرّ او کسبیکة العقیانِ
موتی کی طرح ہے یا اس سونے کیطرح جو کٹھالی سے نکلتا ہے

ما قلتها من قوّتی لکنّها
میں نے اس کو اپنی قوت سے نہیں کہا مگر وہ

درٌّ من المولیٰ ونظم بنانی
موتی خدا تعالیٰ سے ہیں اور میرے ہاتھوں نے پرو دیئے ہیں

یا ربّ بارکها بوجه محمّدٍ
اے خدا محمدؐ کے منہ کے لئے اس میں برکت ڈال

ریق الکرام ونخبة الاعیانِ
جو سب کریموں سے افضل اور برگزیدہ دلوں سے برگزیدہ ہے

۳۵

ثمّ اعلم ان الله نفث فی روعی ان هذا الخسوف والکسوف فی رمضان
پھر جان کہ خدا تعالیٰ نے میرے دل میں پھونکا کہ یہ خسوف اور کسوف جو رمضان میں ہوا ہے یہ
آیتان مخوّفتان لقوم اتبعوا الشیطان وآثروا الظلم والطغیان وهیّجوا الفتن
دو خوفناک نشان ہیں جو اُنکے ڈرانے کے لئے ظاہر ہوئے ہیں جو شیطان کی پیروی کرتے ہیں جنہوں نے ظلم اور بے اعتدالی
واحبّوا الافتتان وما کانوا منتهین. نخوّفهم الله بهما وکلّ من تبع هواه
کو اختیار کر لیا۔ سو خدا تعالیٰ ان دونوں نشانوں کے ساتھ انکو ڈراتا ہے اور ہر یک ایسے شخص کو ڈراتا ہے جو حرص و ہوا

وخان وترك الصدق ومان وعصى الله الرحمان فيتأذّن الله لئن

کا پیرو ہوا اور سچ کو چھوڑا اور جھوٹ بولا اور خداتعالیٰ کی نافرمانی کی پس خداتعالیٰ پکارتا ہے کہ اگر وہ گناہ کی

استغفروا ليغفرن لهم ويرى المنّ والاحسان ولئن ابوا فان العذاب

معافی چاہیں تو اُن کے گناہ بخشے جائیں گے اور فضل اور احسان کو دیکھیں گے اور اگر نافرمانی کی تو عذاب کا

قد حان وفيها انذار للذين اختصموا من غير الحق وما اتّقوا الرب الدّيان و

وقت تو آگیا اور اس میں ان لوگوں کو ڈرانا بھی مقصود ہے جو بغیر حق کے جھگڑتے ہیں اور خداتعالیٰ سے نہیں ڈرتے اور

تهديد للّذى ابى واستكبر وما ترك الحران فاتقوا الله ولا تعثوا فى الارض

ایسے شخص کے لئے تہدید ہے جو نافرمانی اور تکبر اختیار کرتا ہے اور سرکشی کو نہیں چھوڑتا سو خدا سے ڈرو اور زمین پر

مُفسدين. وما لكم لا تخافونه وقد ظهرت آية التخويف من رب العالمين

فساد کرتے مت پھرو۔ اور تمہیں کیا ہوگیا کہ تم اس سے ڈرتے نہیں حالانکہ ڈرانے کے نشان ظاہر ہوگئے

وقد ثبت فى الصحيحين عن نبى الثقلين وامام الكونين صلى الله عليه وسلم

اور صحیح مسلم اور بخاری سے ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

فى الدارين انه قال لتفهيم اهل الايمان ان الشمس والقمر ايتان من

مومنوں کے سمجھانے کے لئے فرمایا کہ شمس اور قمر دو نشان خداتعالیٰ کے

ايات الله لا ينكسفان لموت احد ولا لحياته ولكنهما ايتان من اياته

نشانوں میں سے ہیں اور کسی کے مرنے یا جینے کے لئے ان کو گرہن نہیں لگتا بلکہ وہ خداتعالیٰ

يخوف الله بهما عباده فاذا رأيتموها فافزعوا الى الصّلوة فانظر كيف اوصا

کے دو نشان ہیں خداتعالیٰ اُن دونوں کے ساتھ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے پس جب تم ان کو دیکھو

سيّد السادات وخاتم النّبيّين. وفى الحديث اشارة الى ان تلك الايتين

تو جلدی سے نماز میں مشغول ہوجاؤ پس دیکھ کہ کیونکر آنحضرت صلعم نے خسوف کسوف سے ڈرایا اور حدیث

من الرحمان مخصوصتان لتخويف عصاة الزمان ولا يظهران الا عند

میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ دونوں نشان گنہگاروں کے ڈرانے کے لئے ہیں اور اس وقت ظاہر

کثرۃ المعاصی وغلو الخلق فی العصیان وکثرت الخبیثات و الخبیثین

ہوتے ہیں کہ جب دُنیا میں گناہ بہت ہوں اور خلقت میں بدکاریاں پھیل جائیں اور پلید بہت ہوجائیں اور

ولاجل ذلك امر صلعم عند رؤیتھما لفعل الخیرات والمبادرۃ الی الصالحات

اِسی غرض سے رسُول اللہ نے گرہن کے وقت میں فرمایا کہ بہت نیکیاں کریں

من الصلوات و الصدقات بامحاض النیات و الدعاء و البکاء کالقانتین

اور نیک کاموں کی طرف جلدی کریں جیسی خالص نیت کے ساتھ نماز اور روزہ اور دُعا کرنا اور رونا اور

و القانتات و الرجوع الی اللہ و الذکر و التضرعات و القیام و الرکوع

اللہ تعالےٰ کی تعریف اور ذکر اور تضرّع اور قیام اور رکوع

و السجدات و التوبۃ و الانابۃ و الاستغفار وطلب المغفرۃ من الغفار

اور سجدہ اور توبہ اور انابت اور استغفار اور

و الخشوع و الابتھال و الانکسار ومثل ذلك علی حسب الطاقۃ من

خشوع اور ابتہال اور انکسار اور ایسا ہی حسب طاقت

الاحسان وفك الرقبۃ و العتاقۃ ومواسات الیتمیٰ و الغرباء والتذلل

احسان اور غلام آزاد کرنا اور کسی کو سبکدوش کرنا اور یتیموں کی غمخواری اور جناب الٰہی میں

کل التذلل فی حضرۃ الکبریاء ربّ السّمٰوات و الارضین۔ فکان السرّ فی

تذلّل پس گویا کہ ان اعمال کی بجا آوری میں جو نماز اور خشوع اور ابتہال ہے یہی بھید

ھٰذہ الاعمال و الخشوع و الابتھال ان الشمس و القمر لا تنکسفان الا عند

ہے کہ چاند اور سُورج کا اِسی حالت میں گرہن ہوتا ہے کہ

آفۃ نازلۃ وداھیۃ منزلۃ وعند قرب ایام الباس و انعقاد اسباب الشر

جب کوئی آفت نازل ہونے والی ہو اور کسی مصیبت کا زمانہ قریب ہو اور آسمان پر ایسے اسباب شر کے

الذی ھی مخفیۃ عن اعین الناس ویعلمھا ربّ العٰلمین فتقتضی رحمۃ اللہ تعالیٰ

جمع ہوگئے ہوں جو لوگوں کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں اور صرف انکو خدا تعالیٰ جانتا ہے پس خدا تعالیٰ کی رحمت

وحكمته التى ترى اللطف والجمال ان يعلم الناس عند كسوف طرقا هى
اور اُسکی پر لطف حکمت تقاضا کرتی ہے جو کسی کسوف کے وقت لوگوں کو وہ طریقے سکھلائے جو کسوف کے
تدفع موجباته وتزيل سيّاته فعلمهم هذه الطرق على لسان خير المرسلين۔
موجبات کو دُور کریں اور اسکی بدیوں کو ہٹا دیں پس اس نے اپنے نبی کی زبان پر یہ تمام طریقے سکھلا دیئے۔
ولا شك ان الحسنات يذهبن السيات وتطفى نيرا نادموع المستغفرين
اور کچھ شک نہیں کہ بدیاں نیکیوں سے دُور ہوتی ہیں اور گناہ کی معافی چاہنے والوں کے آنسو آگ کو بجھا دیتے ہیں۔
واذا عمل عبد عملا صالحًا باخلاص النيّة وكمال الطاعة وارضى به
اور جس وقت کوئی بندہ کوئی نیک عمل کرتا ہے اور خدا تعالیٰ کو اس سے راضی کر دیتا ہے
ربه بتحمل الاذية فيعارض هذا العمل الذى كسبة الشر الذى
پس وہ نیک عمل اس کی بدی کا مقابلہ کرتا ہے جس کے اسباب مہیا ہو گئے ہیں
انعقد سببه فيجعله الله من المحفوظين۔ وهذا من سنّة الله ان الدعا
پس خدا تعالیٰ اس عامل کو اس بدی سے بچا لیتا ہے۔ اور یہ خدا تعالیٰ کی سُنّت ہے کہ وہ دُعا کیساتھ
يردّ البلاء ولا يلتقى دعاء وبلاء الا وانّ الدعاء يغلب باذن الله اذا
بلا کو ردّ کرتا ہے اور دُعا اور بلا کبھی دونوں جمع نہیں ہوتیں مگر دُعا باذن الٰہی بلا پر غالب آتی ہو جب
ما خرج من شفتى الاوابين فطوبىٰ للدّاعين۔
ایسے لبوں سے نکلتی ہو جو خدا تعالیٰ کیطرف رجوع کرنیوالے ہیں سو دُعا کرنیوالوں کو خوشخبری ہو۔

٣٧ واذا كان كسوف احد من الشمس والقمر دالًا على آفات الزمان و
اور جبکہ ایک گرہن ہی اس قدر آفتوں پر دلالت کرتا ہو تو اس زمانہ کا کیا حال جس میں
موجب انواع البلايا والخسران فما بال اجتمع فيه كسوفان فاتقوا الله
دونوں گرہن جمع ہو گئے ہوں سو خدا تعالیٰ سے ڈرو
يا معشر الاخوان ولا تكونوا من الغافلين۔ لا يقال ان النيّرين ينكسفان
اور غافل مت ہو۔ یہ کہنا بیجا ہے کہ سُورج گرہن اور چاند گرہن

من اسباب أثبتت بالبرهان وفصّلت فى الكتب بتفصيل البيان فما لهاد لآفات

ان سب اسباب سے ہوتا ہے جو کتابوں میں درج ہیں۔ پس انکو ان آفات سے

تتوجه الى نوع الانسان عند كثرة العصيان لان الامر الذى مثبت عند

کیا تعلق ہے جو انسان پر گناہوں کی شامت سے آتی ہیں کیونکہ عارفوں کے نزدیک یہ بات

أولى العرفان هو ان الله خلق الانسان ليدخله فى المحبوبين المقبولين او

مسلّم ہے کہ خداتعالیٰ نے انسان کو اس لئے پیدا کیا ہے کہ اس کو محبوبوں میں یا مردودوں

المردودين المطرودين۔ وجعل تغيرات العالم دالة على خيره وشره

میں داخل کرے۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمام تغیّر عالم کے انسان کی خیر اور شر

ونفعه وضرّه وجعل العالم له كمثل المبشرين والمنذرين۔ وكلما اراد

اور نفع اور ضرر پر دلالت کرنیوالے پیدا کئے ہیں اور اسکے لئے تمام عالم کو مبشّر اور منذر کیطرح بنا دیا ہے اور ہر یک

الله من عذاب وتعذيب اهل الزمان فلا ينزل الا بعد ما اذنبت

وہ عذاب جو خداتعالیٰ نے انسانوں کی سزا دہی کے لئے مقرر کیا ہے وہ قبل اس کے جو انسان گناہ کرے

ايدى الانسان واصر عليه كاسرار اهل الطغيان واعتدے كالمجترئين۔

اور گناہ پر اصرار کرے اور حد سے گذر جائے نازل نہیں ہوتا۔

وقد جعل لكل شئ سببا فى العالمين۔ وجعل كل اية مخوفة فى الزمان تنبيها

اور خداتعالیٰ نے عالم میں ہر یک شئے کیلئے ایک سبب بنایا ہو۔ اور ہر یک ڈرانیوالا نشان بدبختوں اور زیادتی کرنیوالوں

لاهل الشقاوة والخسران وانذارًا للمسرفين۔ ومبشرة للذين نزلوا

کے لئے مقرر کیا ہے۔ اور وہ نشان اُن کے لئے مبشر ہے جو

بحضرة الوفاء وحلوا محل الصفاء والاصطفاء منقطعين۔ وهذه سُنّة

وفا کے آستانہ پر اُتر آئے اور صفاء اور اصطفاء میں منقطع ہو کر نازل ہوئے۔ اور یہ ایک سُنّت

مستمرة وعادة قديمة تجد آثارها فى قرون خالية من حضرة متعالية

قدیمہ ہے جس کے آثار تو پہلے زمانہ میں خداتعالیٰ کی طرف سے پائے گا۔

۳۸

فکذلك جاء فی کتب الاوّلین۔ و ان کنت فی شك فانظر الاصحاح الثانی
اور اسی طرح پہلی کتابوں میں آیا ہے ۔ اور اگر تجھے شک ہے پس تو دُوسرا باب یوئیل نبی کی

من صحف یوئیل و الثانی و الثلاثین من حزقیل و اتق اللّٰہ ولا تتبع سبل
کتاب کا اور بتّیسؔ باب حزقیل نبی کی کتاب کا دیکھ اور خدا سے ڈر اور مجرموں کی راہ

المجرمین۔
کی پیروی مت کر۔

وحاصل الکلام ان الخسوف و الکسوف آیتان مخوفتان واذا اجتمعا
اور حاصل کلام یہ کہ خسوف اور کسوف دو ڈرانے والے نشان ہیں اور جب یہ دونوں جمع

فھو تھدید شدید من الرحمان و اشارۃ الی ان العذاب قد تقرر واکد من اللّٰہ
ہو جائیں تو وُہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک سخت طور کا ڈرانا ہے اور اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ خدا تعالیٰ کیطرف سے

لاھل العدوان ومع ذلك من خواصھما انھما اذا ظھرا فی زمان و تجلیا
ظالموں کیلئے بہت نزدیک عذاب قرار پاچکا ہے اور باوجود اسکے اُنکے خواص میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جب وہ دونوں کسی

لبلد ان فینصر اللّٰہ اھلھا المظلومین۔ و یقوی المستضعفین المغلوبین و
کسی زمانہ میں ظاہر ہوں اور کسی ملک پر اُنکا ظہور ہو سو اُس ملک میں جو لوگ مظلوم ہیں اُنکی خدا تعالیٰ مدد کرتا ہے اور ضعیفوں اور مغلوبوں

یرحم قومًا اوذوا وکفروا ولعنوا من غیر حق فینزل لھم آیات من السماء
کو قوت بخشتا ہے اور اُس قوم پر رحم کرتا ہے جو دکھ دیئے گئے اور کافر ٹھہرائے گئے اور ناحق لعنت کیے گئے سو اُنکی تائید کیلئے آسمان سے نشان

وحمایات من حضرۃ الکبریاء و یخزی المنکرین المعادین ویحکم بالحق
اُترتے ہیں اور حمایت الٰہی نازل ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ مُنکروں اور دشمنوں کو رُسوا کرتا ہے سچّا فیصلہ کر دیتا ہے

وھو احکم الحاکمین۔ و یقضی بین المتشاجرین و یقطع دابر المعتدین۔
اور وہ احکم الحاکمین ہے۔ اور نزاعوں کا تصفیہ کرکے تجاوز کرنے والوں کی بیخ کنی کر دیتا ہے۔

فتصیبھم خجالۃ واحجام وتندم و انھزام وکذلك یجزی الکاذبین
سو انکو ایک شرمندگی اور زد اور ندامت اور شکست پہنچتی ہے اور اسی طرح خدا تعالیٰ جھوٹوں کو سزا دیتا ہے

يحبّ الضعفاء الاتقياء ويجيح اصل المفسدين الذين يتركون
کمزوروں اور نیکبختوں کو دوست رکھتا ہو اور مفسدوں کی بیخ کنی کرتا ہے وہ مفسد جو سچّی نصائح اور اُن کے
وصايا الحق ومواقعها ويقفون ما ليس لهم به علم ويقولون امنّا
موقع چھوڑ دیتے ہیں اور ان باتوں کی پیروی کرتے ہیں جن کا انہیں علم نہیں اور کہتے ہیں کہ ہم قرآن پر
بالقران وماهم بمؤمنين يصرّون على امور لا يعلمون حقيقتها
ایمان لائے حالانکہ نہیں ایمان لائے ان امور پر اصرار کرتے ہیں جن کی حقیقت کی انہیں خبر نہیں
وامروا بالتزام طرق التقوى فتركوها وكفروا اخوانهم المؤمنين۔
اور حکم تھا کہ تقوٰی کے طریقوں کو لازم پکڑو سو اُنہوں نے ان راہوں کو چھوڑ دیا اور اپنے بعض بھائیوں کو
اولئك يئسوا من ايام الله وبشاراتها ونبذوها وراء ابعد المبعدين۔
کافر ٹھہرایا۔ یہ لوگ خدا تعالیٰ کے دنوں اور انکی بشارتوں سے ناامید ہوگئے۔ اور اُنکو بہت دُور ڈال دیا۔
وسيعلمون كيف يكون مآل المفتنين الخائنين۔
پس عنقریب جان لیں گے کہ فتنہ پردازوں اور خیانت پیشوں کا انجام کیا ہے۔

ومن خواص هذين الكسوفين انهما اذا اجتمعا في
اور اِس خسوف کسوف کے خواص میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جب وہ
رمضان الذى انزل الله فيه القران۔ فيشيع الله بعدها العلوم الصادقة
رمضان میں جمع ہوں وہ رمضان جس میں قرآن نازل ہوا۔ سو انکے بعد خدا تعالیٰ علوم صحیحہ کو
الصحيحة ويبطل البدعات الباطلة القبيحة ويهوى الناس الى امامهم
پھیلائے گا اور بدعات باطلہ کو دُور کرے گا۔ اور خدا تعالیٰ امام زمان کے لئے ایک عظیم الشان تجلّی
باستعدادات شتّى وتجرى من العلوم الحقة انهار عظمى ويتوجه الخلق
دکھلائیگا وہ نہایت مہربانی کی تجلّی ہوگی اور زمین میں اسکی مثل نہ پائی جائیگی اور لوگ اپنے امام کیطرف مختلف استعدادوں
من القشر الى اللبّ ومن البغض الى الحبّ ومن المجاز الى الحقيقة
کے ساتھ آئینگے اور علوم حقّہ سے نہریں جاری ہونگی اور لوگ چھلکے سے مغز کیطرف توجہ کرینگے اور بغض سے حبّ کیطرف پھرینگے اور

۳۹

ومن التيه الى الطريقة ويتنبه الذين اخطأوا مشربهم من الحق والصواب

مجاز سے حقیقت کیطرف آئینگے اور آوارہ گردی سے راہ راست کیطرف رُخ کرینگے اور جنہوں نے اپنے مشرب حق میں خطا کی وہ متنبہ

ويرجع الذين سرحوا افكارهم فى مرعى التباب ويتندم الذين ضاع من

ہوجائینگے اور جو ہلاکت کی طرف گئے تھے وہ پھر رجوع کریں گے اور جن کے ہاتھوں سے امام کی تعظیم ضائع

ايديهم تعظيم الامام ويتطهر الذين تلطخوا من انواع الاثام ويهيج تلك

ہوگئی وہ شرمندہ ہوں گے اور جنہوں نے ان دنوں کا قدر نہیں کیا وہ ندامت اُٹھادیں گے اور جو لوگ

التاثيرات فى قوى الافلاك بحكم مالك الاحياء والاهلاك فيمتلأ

گناہ میں آلودہ تھے وہ پاک ہوجائیں گے اور یہ تاثیریں افلاک کے قویٰ میں جوش میں آئیں گی اُس مالک کے

العالم من الوحدانية وانوار العرفان ويخزى الله حماة الشرك والكذب

حکم سے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ پس یہ عالم توحید اور معرفت کے نور سے بھر جائیگا اور خدا تعالیٰ شرک اور جھوٹ

والعدوان وتاتى ايام جذبات الله بعد ايام الضلال وتجد كل نفس

اور ظلم کے حامیوں کو رُسوا کرے گا اور بعد گمراہی کے جذبات الٰہی کے دن آئیں گے اور ہر یک نفس

ما تليق بها من الكمال فمن كان حريا بمعارف التوحيد يعطى له غض

اُس کمال کو پالیگا جو اس کی شان کے لائق ہے پس جو شخص توحید کے معارف کے لائق ہوگا اُسکو تازہ بتازہ

طري من حقائق الكتاب المجيد ومن كان مستعدا للعبادات يعطى له

حقائق قرآن شریف عطا ہوں گے اور جو شخص عبادات کے لئے مستعد ہوگا اُس کو حسنات کی

توفيق الحسنات والطاعات ويجعل الله مقام المجدد مركز البلاد ومرجع

توفیق دیجائے گی اور خدا تعالیٰ مجدد کے مقام کو مرکز بلاد کریگا اور مرجع عباد ٹھہرائیگا

العباد ويبلغ اثره الى اقصى الارضين۔

اور زمین کے کناروں تک اس کا اثر پہنچا دے گا۔

فالحاصل ان من خواص هذا الاجتماع رجوع الخلق الى الله المطاع

پس خلاصہ کلام یہ کہ اِس خسوف کسوف کے اجتماع کے خواص میں سے ایک یہ خاصہ ہو کہ خدا تعالیٰ کی طرف

وعُسر المتکبرین و یُسر المنکسرین و للہ فیھا تجلیات جمالیۃ وجلالیۃ
لوگوں کا رجوع ہوگا اور متکبر تنگ ہونگے اور شکستہ دل راحت پائیں گے اور خدا تعالیٰ کی اس کسوف خسوف میں تجلّیات
فلا تعجب فان الحضرۃ متعالیۃ فتقدیم القمر علی الشمس اشارۃ الی تقدیم
جمالی اور جلالی ہیں پس قمر کا شمس پر مقدم کرنا جمالی تجلّی کی طرف اشارہ ہے
التجلی الجمالی و انکساف الشمس بعد اشارۃ الی التجلی الجلالی فاتقوہ
اور پھر اُس کے بعد سُورج گرہن ہونا جلالی تجلّی کی طرف اشارہ ہے
ان کنتم متقین و فی ھذا التجلی الجلالی و الجمالی اشارۃ الی ان مھدی
اور اِس جلالی اور جمالی تجلّی میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ
اٰخر الزمان و مسیح تلک الاوان یوصف بکلّ نوع فقر و سیادۃ ویعطی
مسیح آخر الزمان دونوں نوع فقر اور سیادت سے حصّہ پائے گا اور ہر یک سعادت میں سے اسکو
نصیبا معتدا بہ من کلّ سعادۃ ویُصبّغ بصبغ القمریّین و الشمسیّین
نصیب ہوگا قمریوں اور شمسیوں
والجمالیین والجلالیین باذن احسن الخالقین۔ فلا تتیھوا فی بوادی
اور جمالیوں اور جلالیوں کے رنگ دیا جائے گا۔ پس تم وسوسوں کے جنگلوں
الوسواس و اعلموا انّ مقت اللہ اکبر من مقت النّاس فلا تتبعوا
میں آوارہ مت پھرو اور یقیناً سمجھو کہ خدا تعالیٰ کا غضب انسانوں کے غضب سے زیادہ ہے پس تم
خطوات الخنّاس و اْتونی مومنین۔ و ادعوا اللہ ان یھب لکم فھمًا
خنّاس کی پیروی مت کرو اور مومن بنکر میرے پاس آجاؤ۔ اور مَیں دُعا کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ تمہیں سمجھ اور
وبصرًا و لسانًا وقلبًا و اُذنًا ووجدانًا و یھدیکم ویجعلکم من المھتدین۔
زبان اور دل اور کان اور وجدان عطا کرے اور تمہیں ہدایت دے اور ہدایت مندوں میں کردے
اعلموا یا معشر الغافلین ان اللہ لا یضیع الدّین وقد جرت سُنّتہ
اے غافلوں کے گروہو تمہیں معلوم ہو کہ خدا تعالیٰ دین کو ضائع نہیں کرتا اور خدا تعالیٰ کی سُنّت

ملا

واستمرت عادته انه اذا جاء زمان الظلام وجعل دين الاسلام غرض

اور عادت اسی طرح پر جاری ہے کہ جب تاریکی کا زمانہ آجائے   اور دین اسلام تیروں کا نشانہ ٹھہرایا جاوے

السهام وطال عليه السنة الخواص والعوام واختار الناس طرق الارتداد

اور اس پر خواص اور عوام کی زبانیں جاری ہوں   اور لوگ ارتداد کے طریقے اختیار کریں

وافسدوا فی الارض غاية الافساد فتتوجه القيومية الالٰهية الى حفظه

اور زمین میں غایت درجہ کا فساد ڈالدیں   پس قیومیت الٰہیہ توجہ فرماتی ہو کہ تا دین کی حفاظت کرے

وصيانته ويبعث عبدًا لاعانته فيجدّد دين الله بعلمه وصدقه وامانته و

اور کوئی بندہ اس کی اعانت کے لئے کھڑا کر دیتا ہو پس وُہ دین اسلام کو اپنے علم اور صدق اور امانت کے ساتھ

يجعل الله ذلك المبعوث زكيًّا وبالفيوض حريًّا ويكشف عينه ويهب له

تازہ کر دیتا ہو۔ اور خدا اُس مبعوث کو زکی اور لائق فیض بناتا ہو اور اس کی آنکھ کھولتا ہو اور اُسکو تازہ بتازہ

علمًا غضًّا طريًّا ويجعله لعلوم الانبياء من الوارثين۔ فياتی فی حللٍ

علم بخشتا ہو   اور نبیوں کے علموں کا اس کو وارث ٹھہراتا ہے۔   پس وُہ ایسے پیرایوں میں

تقابل حلل فساد الزمان وما يقول الا ما علمه لسان الرحمان و

آتا ہے جو فساد زمانہ کے پیرایوں کے مقابل پر ہوتے ہیں اور وُہی کہتا ہو جو خدا کی زبان نے اُسے سکھایا ہو اور

تعطى له فنون من مبدء الفيضان على مناسبات فساد اهل البلدان

مبدء فیضان سے کئی قسم کے علم اُس کو دیئے جاتے ہیں جو زمانہ کے فساد کے موافق

ثم لا تعجب من ان رُوحانية القمر تقبل بعض انوار الله فی حالة الانخساف

ہوں۔ پھر تو اس بات سے کچھ تعجب مت کر کہ چاند کی رُوحانیت حالت انخساف میں کچھ انوار الٰہی قبول کرلیتی ہے

ورُوحانية الشمس فی وقت الانكساف فان هٰذا من اسرار الٰهية و

ایسا ہی سورج کی رُوحانیت بھی   کیونکہ یہ خدا تعالیٰ کے بھیدوں اور

عجائبات ربانية فلا تكن من المرتابين۔

عجائبات میں سے ہے   پس اس میں شک مت کر۔

۴۲

وربما یختلج فی قلبك ان القرآن لا یشیر الی رمضان فاعلم ان الفرقان

اور بسا اوقات تیرے دل میں یہ گذرے گا کہ قرآن رمضان کی طرف اشارہ نہیں کرتا پس جان کہ قرآن نے

ذکرہ علی الطریق المجمل المطوی وھو کاف للبصیر الذکی ولا حاجۃ الی

مجمل طور پر خسوف کسوف کا ذکر کیا ہے اور وہ ایک بصیر ذکی کے لئے کافی ہے اور کسی

تفصیل و تبیین۔

تفصیل کی حاجت نہیں۔

واما اذا سئلت شیئا عن تفصیلہ فاعلمك اقل من قلیلہ فاعلم

لیکن اگر تو کچھ اس کی تفصیل چاہے سو میں کمتر از کم تجھے بتلاتا ہوں سو جان کہ

ان اللہ تبارك وتعالی اسس نظام الدین من رمضان فانہ انزل فیہ

خدا تعالیٰ نے دین کا نظام رمضان سے ہی باندھا ہے۔ کیونکہ اس نے اس میں

القرآن فلما ثبتت خصوصیۃ ھذا الشھر المبارك بنظام الدین وفیہ

قرآن نازل کیا ہو پس جب کہ اس مہینہ کی خصوصیت نظام دین کے ساتھ ثابت ہوئی اور اسی مہینہ میں

لیلۃ القدر وھو مبدء لانوار الدین المتین وثبت ان العنایۃ

لیلۃ القدر ہے اور وہ مبدء دین کے انوار کا ہے اور ثابت ہوا کہ عنایت الٰہیہ

الالٰھیۃ قد توجھت الی نظام الخیر فی رمضان واجرت الفیضان

رمضان میں ہی نظام خیر کی طرف متوجہ ہوئی ہے اور ابتدائے فیضان کا اسی مہینہ سے

فبان ان اللہ لا یتوجہ الی اعانۃ النظام فی اخر ایام الظلام الا

ہوا پس اس سے ثابت ہوا کہ خدا تعالیٰ اعانت نظام کیلئے تاریکی کے انتہا کے وقت

فی ذالك الشھر المبارك للاسلام وقد عرفت ان الانخساف والانکساف

صرف رمضان میں ہی توجہ فرماتا ہے اور تو پہچان چکا ہے کہ خسوف اور کسوف

توجہ جمالی وتجلی جلالی وفیہ انوار لنشاءۃ ثانیۃ وتبدلات روحانیۃ

جمالی اور جلالی تجلی ہے۔ اور یہ تجلی نشأۃ ثانیہ اور تبدلات روحانیہ کیلئے ہے

وھو لبنة اولیٰ لتاسیس نظام الخیر و تعمیر المساجد و تخریب الدیرو
اور یہ نظام خیر کی بنیاد کے لئے پہلی اینٹ ہے اور نیز مساجد کی تعمیر اور دیر کی خرابی کے لئے اور
تغلب فیه القویٰ السماویة علی القویٰ الارضیّة والانوار المسیحیة علی
اس میں آسمانی قوتیں زمینی قوتوں پر غالب آجائیں گی اور مسیحی نور
الحیل الدجالیة ویری الله خلقه سراجًا وھّاجًا فیه خلون فی دین الله
دجالی حیلوں سے بڑھ جائیں گے اور خدا تعالیٰ اپنی خلقت کو ایک روشن چراغ دکھائے گا پس وہ
افواجًا وکان قدرًا مقضیًّا من ربّ العٰلمین۔
فوج در فوج دین الٰہی میں داخل ہوں گی۔

۴۳

القصیدہ

قد جاء یوم الله یوم اطیبُ
خدا کا دن آگیا جو پاک دن ہے
بشریٰ لذی رشد یقوم ویطلبُ
اُس رشید کو خوشخبری ہو جو کھڑا ہوتا ہے اور اُسکو ڈھونڈتا ہے

سبقت ید اجبارنا سیف العدا
ہمارے جبار کے ہاتھ دشمنوں کی تلوار سے بڑھ گئے
فتری العدوّ النکس کیف یترّبُ
پس تو دشمن ضعیف کو دیکھے گا کہ کیونکر خاک میں ملایا جاتا ہے

و انا المسیحُ فلا تظنن غیرہ
اور میں ہی مسیح موعود ہوں پس کوئی دوسرا خیال مت کر
قد جاءك المھدی وانت تکذبُ
تیرے پاس مہدی موعود آیا اور تو تکذیب کرتا ہے

ھل غادر الکفار من نوع الاذیٰ
کیا کفار نے کسی قسم کا دُکھ اُٹھا رکھا ہے
ام لا تری الاسلام کیف یُذوّبُ
یا تو اسلام کو نہیں دیکھتا کہ کیونکر گداز کیا جاتا ہے

حلّت بارض المسلمین جموعھم
مسلمانوں کی زمین میں ان کے گروہ نازل ہوئے
وخبیثھم یوذی النّبی ویاشبُ
اور ان میں جو پلید ہے وہ نبی صلعم کو دُکھ دیتا اور عیب نکالتا ہے

انّی اریٰ ایذاءھم و فسادھم
مَیں ان کے ایذا اور فساد دیکھتا ہوں
و یذوب روحی و الوجود یُثقّبُ
اور رُوح گداز ہوتی ہے اور وجود میں سُوراخ ہوتا ہے

عین جرت من قطر دمع عینہا
آنکھ سے آنسوؤں کی بارش کے ساتھ چشمہ جاری ہے
قلبٌ علیٰ جُمُر الغضا یتقلّبُ
دل افروختہ کوئیلوں پر جو غضا کی لکڑی کے ہیں لوٹ رہا ہے

من کلّ قُنّات و جبل شاھق
تمام پہاڑوں کی چوٹیوں اور بلند پہاڑوں سے
وشوامخ نسلوا و وطِئَ المجنبُ
اور اونچے پہاڑوں سے دشمن دوڑے اور عرب کی سرحد تک پہنچ گئے

وعلیٰ قنان الشامخات مُصیبۃ
اور بلند پہاڑوں کی چوٹیوں پر ایک بڑی مصیبت ہے
عُظمیٰ فاین الوھد منہم تہربُ
پس نشیب اُن کے حملوں سے کہاں بھاگ جائیں

ریح المصائف قد اطالت لہبہا
گرمی کی ہوا نے اپنے شعلے لمبے کر دیئے
من سومہا و سہامہا نتعجّبُ
اُس کے چلنے اور اُس کی لُو سے ہم تعجب کرتے ہیں

ما بقی من سبب ولا من رُمّۃٍ
کوئی پکا سبب اور کوئی کچا سبب باقی نہ رہا
اِلّا الّذی ھو قادر و مسبّبُ
مگر وُہ خدا جو سببوں کو پیدا کرتا ہے

شبّوا لظی الطّغویٰ فبعد ضرامہ
انہوں نے حد سے بڑھنے کی آگ کو بھڑکا دیا سو اسکے بھڑکنے کے بعد
ھاج الدّخان وکلّ طرف ینشغبُ
دُھواں اُٹھا اور ہر ایک طرف تباہی ڈالی

حرق کجبل ساطع اسنامہ
یہ وہ آگ ہے جو بلند پہاڑ کی طرح اس کی چوٹی ہے
فِتَن تبید الکائنات و تنہبُ
یہ وہ فتنے ہیں جو ہلاک کرتے جاتے اور لُوٹتے جاتے ہیں

انّی اریٰ اقوالہم کاسنّۃٍ
مَیں ان کی باتوں کو برچھیوں کی طرح دیکھتا ہوں
توذی القلوب جروحہا و تُعذّبُ
دلوں کو اُن کے زخم دُکھ دیتے ہیں اور عذاب پہنچاتے ہیں

او کابن عم المرھفات کلالۃً
یا وہ دُور کے رشتہ سے تلواروں کے چچیرے بھائی ہیں
او کالسہام المصمیات تتبّبُ
یا وُہ ان تیروں کیطرح جو خطا نہیں کرتے ہلاک کرنیوالے ہیں

ظلعوا الیٰ ظلم و زیغ حشنۃ
کینہ کی وجہ سے ظلم اور کجی کی طرف مائل ہو گئے
و الیٰ کلام یوذین و یحرّبُ
اور اس کلام کیطرف مائل ہوئے جو دُکھ دیتی اور غصہ دلاتی ہے

۴۴

وارى الدنىّ الغول يهوى نحوهم ۔ والى اشائب قومهم يتاشّب

اور مَیں کمینہ دیو کو دیکھتا ہوں جو اُن کی طرف جھکتا ہے ۔ اور اُن جماعتوں میں ملتا ہے

ابل من الفاقات احنق صلبها ۔ فاختار ادیارا لقوت یکسب

ایک اُونٹ ہے جو فاقوں سے اس کی کمر دُبلی ہوگئی ۔ سو اُس نے گرجا اختیار کیا تا قوت حاصل کرے

لیسوا من الاسرار فی شئ ھُدیٰ ۔ ما ان اریٰ من بالدقایق یارب

اسرار ہدایت میں سے اُن کو کچھ بھی حصّہ نہیں ۔ مَیں اُنھیں کوئی نہیں دیکھتا جو باریک باتوں کو شناخت کرنیوالا ہو

ما امنوا حتی اذا خسف القمر ۔ علهت قلوب المنکرین و انّبوا

ایمان نہ لائے یہانتک کہ چاند گرہن ہوا ۔ منکروں کے دل حیران ہوگئے اور سرزنش کئے گئے

یئسوا من الرحمان والکلم التی ۔ کانوا علیها قائمین و ثُرّبوا

خدا تعالیٰ سے نومید ہوگئے اور نیز ان کلموں سے ۔ جن پر قائم تھے اور سرزنش کئے گئے

اولم تکن تدری قلوب عن الهدیٰ ۔ انّ المهیمن یخزین من ینکب

کیا وہ جو ہدایت کے دشمن ہیں اُنکے دل نہیں جانتے ۔ کہ خدا تعالیٰ راہ سے پھرنے والے کو رسوا کرتا ہے

اولم تکن عین البصیر رقیبنا ۔ هل یستوی الاتقی و رجل احوب

کیا دیکھنے والے کی آنکھ ہم کو تاڑ نہیں رہی ۔ کیا پرہیزگار اور گنہ گار دونوں برابر ہوسکتے ہیں

۴۵

ظهرت علامات الخسوف بلیلة ۔ طلق لذیذ والرواعد تصخب

چاند گرہن کی علامات ایک رات خوشنما میں ۔ ظاہر ہوگئیں اور بادل آواز کر رہے ہیں

متفرق غیم السماء و زجله ۔ بیضٌ کان نعاج واد تسرب

بادل الگ الگ ہیں اور ان کی جماعتیں سفید ہیں ۔ گویا جنگل کی بھیڑیں ایک طرف چلی جارہی ہیں

طورا یریٰ مثل الظباء بحسنها ۔ اُخریٰ کآرام تمیس و تهرب

بعض وقت تو یہ بادلوں کے ٹکڑے ہرنوں کیطرح اپنے حسن میں ظاہر ہوتے ہیں ۔ اور کبھی کم عمر ہرنوں کی طرح ناز سے چلتے اور بھاگتے ہیں

تمر کظعن والسحاب قرامها ۔ والریح کلّتها لیهی الاجنب

چاند ہودج نشین عورتوں کیطرح ہے اور بادل اس ہودہ کا موٹا پردہ ہے ۔ اور ہوا اُسکا باریک پردہ ہے تاکہ اجنبی کو روکا جاوے

صُبّت علیٰ قمر السماء مُصیبة
آسمان کے چاند پر مصیبت پڑ گئی
وکمثلنا بزوال نورٍ یُرعبُ
اور ہماری طرح نور کے زوال پر ڈرایا جاتا ہے

انّی اریٰ قطرًا لدیه کانّه
میں مینھ اُس کے پاس دیکھتا ہوں گویا کہ وہ
یبکی کرجلٍ ینهبن ویخیّبُ
اُس شخص کیطرح روتا ہے جو لوٹا جائے اور نومید کیا جائے

یا قمر زاویة السماء تصبّرن
اے گوشہ آسمان کے چاند
مثلی فیدرکك النصیر الاقربُ
میری مانند صبر کر بس خدا تیری مدد کرے گا

ابشر سینحسر الظلام بفضله
خوش ہو کہ عنقریب تاریکی دُور ہو جائے گی
ان البلیة لا تدوم وتذهبُ
مصیبت ہمیشہ نہیں رہتی اور چلی جاتی ہے

ان المهیمن لا یضیع ضیاءه
خُدا اپنی روشنی کو دُور نہیں کرتا
فلکلّ نورٍ حافظ و مؤرّبُ
اور ہر یک نُور کے لئے نگہبان ہے اور پُورا کرنیوالا

هٰذا ظلام الساعتین و انّنی
یہ تو دو گھڑی کا اندھیرا ہے اور مَیں
من بُرهة ارنو الدجیٰ واعذّبُ
ایک زمانہ سے اندھیرا دیکھ رہا ہوں اور دُکھ اُٹھا رہا ہوں

تلج السحاب لتبکین تألّما
تو بادل میں داخل ہوتا ہو تاکہ درد دِل سے رو دے
والصّبر خیر للمصاب واصوبُ
اور مصیبت زدہ کے لئے صبر کرنا بہتر ہے

ذرفت عیونك والدموع تحدّرت
تیرے آنسو جاری ہو گئے
من مثلك الاوّاب هٰذا اعجبُ
اور یہ تیرے جیسے اوّاب سے عجیب ہے

هلّا سألت مجرّبا عند الاذی
تُو نے دُکھ کے وقت کسی تجربہ کار کو کیوں نہ پُوچھا
ولکلّ امرٍ عقدةٌ و مجرّبُ
اور ہر یک امر میں ایک عقدہ ہوتا ہے اور ساتھ ہی ایک تجربہ کار

تبکی علیٰ هٰذا القلیل من الدجیٰ
تو تھوڑے سے اندھیرے کے لئے روتا ہے
سرنا بجوف اللیل یا متأوّبُ
ہم تو رات کی وسط میں پھر رہے ہیں اے رات کے ابتدا میں آنیوالے

اثنی علیٰ ربّ الانام فانّه
مَیں خدا تعالیٰ کی تعریف کرتا ہوں
ابدا نظیری فی السماء فاطربُ
جو اُس نے آسمان میں میرا نظیر ظاہر کیا

قمر السماء مشابه بقریحتی
آسمان کا چاند میری طبیعت سے مشابہ ہے

کطلیح اسفار السریٰ یتطرب
اس اونٹ کی طرح جو رات چلنے کی مشق رکھتا ہے خوش ہے

نصعت مقاصد ربنا بخسوفه
اس کے گرہن سے ہمارے خداوند کے مقاصد ظاہر ہو گئے

فاطلب هداه وما اخالك تطلب
سو اسکی ہدایت کو ڈھونڈھ اور میں نہیں امید رکھتا کہ تو ڈھونڈے

ظهرت بفضل الله فی بلد اننا
خدا کے فضل سے اس کے بڑے نشان

آیاته العظمیٰ فتوبوا وارهبوا
ہمارے ملک میں ظاہر ہو گئے پس توبہ کرو اور اس سے ڈرو

قمر کمثل ظعینة فی ظعنها
چاند ایسا ہے جیسے ہودہ میں ہودہ نشین عورت

شاقتك جلوته وفیها ترغب
اس کا جلوہ شوق بخش ہے اور رغبت دہ ہے

ودق الرواعد قد تعرض حوله
بادلوں کا مینہ اس کے گردا گرد ہے

ارزامها فی کل حین یعجب
ان بادلوں کی آواز ہر وقت تعجب میں ڈالتی ہے

غیم کاطباق تصرخیامه
بادل طبق بر طبق ہے اسکے خیموں کی آواز آ رہی ہے

رعد کمثل الصالحین یاوب
اور بادل کی گرج نیک بختوں کی طرح تسبیح میں ہے

قمر بحلیته مشاکهة الدم
چاند اپنی شکل میں خون کے مشابہ ہو رہا ہے

وجه کغضبان یهول ویرعب
غصہ والوں کی طرح منہ ہے جو ڈراتا ہے

فی جلهتیه بدا السحاب کانه
اسکے دونوں کناروں میں اس طور سے بادل ہو گویا وہ

کفف علی ایدی التی هي تغضب
سوئی کے نقش کے دائرے ہیں اس عورت کے ہاتھ پر جو غصہ میں ہو

قد صار قمر الله مطعون الدجیٰ
خداتعالیٰ کے چاند کو تاریکی کی تہمت لگائی گئی

لیل منیر۔ کافر فتعجبوا
چاندنی رات اندھیری رات بن گئی پس تعجب کرو

ص۴۷

انی اراه کنؤی دار خربة
میں اس کو خراب شدہ گھر کی خندق کی طرح دیکھتا ہوں

لم یبق الا مثل طلل یشجب
صرف نشان کی طرح باقی رہ گیا ہے جو غمگین کرتا ہے

کسفت ذکاء الله بعد خسوفه
پھر سورج کو خسوف کے بعد گرہن لگا

انی اراها مثل دار تخرب
اور میں اس کو دیکھتا ہوں جیسا کہ گھر خراب شدہ

كسفت وظهر الكدر فی اجزاءها
گرہن لگا اور اس کے تمام کناروں میں گرہن ظاہر ہوگیا

عفت الانارة مثل ماءٍ ينضبُ
اور روشنی اس طرح دُور ہوگئی جیسا کہ پانی زمین کے نیچے چلا جاتا ہے

حتی انثنت فی الساعتين ككافر
یہانتک کہ دو گھنٹہ میں شب تاریک سے مشابہ ہوگیا

ضاهت نذيرًا يُكفرن ويكذبُ
اُس نذیر سے مشابہ ہوا جس کو کافر ٹھہرایا گیا

وتبيّنت صور الظلام كانها
اور اندھیری کی کئی صورتیں ظاہر ہوئیں گویا کہ سورج نے

القت يدًا فی الليل اوهی كوكبُ
اپنا ہاتھ رات میں ڈال دیا یا وہ ایک ستارہ ہے

النيّران تجاوبا فی امرنا
سورج اور چاند ہمارے امر میں متفق ہوگئے

قاما كشهداءٍ وزال الهيدبُ
اور گواہوں کیطرح کھڑے ہوگئے اور شک کا بادل دُور ہوگیا

لما رئيت النيّرين تكسّفا
جبکہ میں نے دیکھا کہ سورج گرہن اور چاند گرہن ہوا

وانار وجههما وزال الغيهبُ
اور پھر دیکھا کہ ان دونوں کا منہ روشن ہوگیا اور تاریکی جاتی رہی

ففهمتُ من لطف الكريم بخطّتی
پس میں خداوند کریم کے لطف سے اپنے کام میں سمجھ گیا

انّ السّنا بعد الدجیٰ مترقبُ
کہ اندھیری کے بعد روشنی امید کی گئی ہے

النيّران يبشران بنصرنا
سورج اور چاند ہماری فتح کی خوشخبری دے رہے ہیں

غربا ونيّر ديننا لا يغربُ
وہ دونوں غروب ہوگئے اور ہمارے دین کا نیّر غروب نہیں ہوگا

يا معشر الاعداء توبوا واتقوا
اے دشمنوں کے گروہو توبہ کرو اور بچو

واللّٰه انی مُرسل ومقربُ
اور بخدا میں بھیجا گیا ہوں اور قریب کیا گیا ہوں

ان كان زعم العلم علة كبركم
اگر تمہارے تکبّر کا سبب علم کا زعم ہو

فاتوا بمثل قصيدتی وتعرّبوا
تو میرے قصیدہ جیسا بنا کر لاؤ اور عرب بنکر دکھاؤ

صـ۴۸

هٰذا ما اردنا لازالة اوهامكم وتسكيتكم وافحامكم فاقطعوا
یہ وہ ہے جو ہم نے تمہارے وہموں کے دُور کرنے کیلئے اور تمہارے ساکت کرنے کیلئے ارادہ کیا ہے پس

خصامكم واجتنبوا آثامكم وفكّروا علی وجه الجد لا العبث واخشوا
اپنے جھگڑوں کو ختم کرو اور گناہوں سے پرہیز کرو اور فکر کرو مگر نہ عبث کے طور پر بلکہ تحقیق کے طور پر اور خدا تعالیٰ کے

جلال اللہ لا قول الشیخ و الحدثِ و ایّھا الشیخ ضعیف النظر تب

جلال سے ڈرو نہ کسی بوڑھے اور جوان کی بات سے اور اے شیخ کم نظر توبہ کر

فانك عن الحق تمیل وتعال اعالج عینك وعند الکحل و المیل و یزیل اللہ

کیونکہ تو حق سے میں کرتا ہے اور میرے پاس آکہ مَیں تیری آنکھوں کا علاج کروں اور میرے پاس سُرمہ

بلبالك ویصلح ما عری بالك ان کنت من الطالبین۔ ولا تقل انّی اعلم

اور سلائی بھی ہو اور خدا تعالیٰ تیری بیقراری کو دُور کر دیگا اور تیرے دل کو دُرست کر دیگا بشرطیکہ تُو طالب حق بنے گا۔

علوماً کذا وکذا فانا نعرفك ونعلم من انت ولا تخفٰی وعهدی بك سفیها

اور یہ بات مت کہہ کہ مَیں فلاں فلاں علم جانتا ہوں کیونکہ ہم تجھے جانتے ہیں کہ تو کون ہے اور تُو پوشیدہ نہیں اور مَیں تجھے تیری نادانی

فمتی صرت فقیها الا تترك فضولك ولا تغادر غولك الست من المستحیین۔

کے وقت سے شناخت کرتا ہوں پس تُو کب سے عالم فاضل ہوگیا کیا تُو اپنی فضولیوں کو نہیں چھوڑیگا اور اپنے شیطان سے علیحدہ نہیں ہوگا کیا تُو حیا کرنیوالوں میں سے نہیں ہے

وقد طویت ذکر اخبار المهدی فی هذا الکتاب فانی فصّلته فی کتبٍ اُخریٰ

اور مَیں نے مہدی کا ذکر اِس کتاب میں لکھنا چھوڑ دیا ہے کیونکہ مَیں نے اس کو دُوسری کتابوں میں

للاحباب الا انی ذکرت فی هذا اٰیة عظیمة هی اوّل علامةٍ لظهوره واوّل سهم

مفصل طور پر لکھ دیا ہے خبردار ہو کہ مَیں نے ایک بزرگ نشان لکھا ہے جو مہدی کے ظہور کیلئے ایک پہلی نشانی ہے

من اللہ لتائید ماموره فان النیّرین قد خسفا ورئیٰ هما کلّ ذی عینین فنابا

اور مامور کی مدد کرنے کیلئے خُدا تعالیٰ کا ایک پہلا تیر ہے کیونکہ سُورج اور چاند کا گرہن ہوگیا اور ہر ایک آنکھوں والے نے

مناب عدلین فتوبوا واذکروا قول سیّد الثقلین وقد حصحص الصدق فلا

انکو دیکھ لیا پس وُہ دونوں دو عادل گواہ کے قائم مقام ہوگئے پس توبہ کرو اور سیّد الثقلین کی بات کو یاد کرو اور اس سے کوئی انکار

۴۹ ینکره الا متبع المین فلا تفرحوا بما لدیکم ولا تصفّقوا بیدیکم ولا تمشوا

نہیں کریگا بجز اُس شخص کے جو جھوٹ کا پیرو ہو پس اپنے خیالات سے خوش مت ہو اور تالیاں مت بجاؤ اور نازیں خوش ہوتے ہوئے

مزهوین مرحین متغامزین بعینیکم ولا تخردوا بملاشیقیکم ولا ترقصوا

آنکھوں سے اشارہ کرتے ہوئے مت چلو اور باچھیں چیر چیر کر سرود مت لگاؤ اور مت ناچو

ولا تخالفوا بين رجليكم فان الله قد اخزاكم و اراكم جزاء اشتطاطكم و

کیونکہ خدا تعالیٰ نے تمہیں رُسوا کیا اور تمہارے تجاوز کا بدلہ تمہیں دیا اور

عاداكم فلا تحاربوا الله ان كنتم متقين - و ان كنتم تظنون ان المهدي و

تمہیں دشمن پکڑا پس خدا تعالیٰ سے لڑائی مت کرو اگر تم پرہیزگار ہو۔ اور اگر تم خیال کرتے ہو کہ مہدی اور

المسيح يخرجان بالسيف و السنان و يصبّغون الارض بالسفك و الاثخان

مسیح تلوار اور نیزہ کے ساتھ نکلیں گے اور زمین کو خون ریزیوں سے پُر کر دیں گے

فما نشأ هذا الوهم الّا من سوء جهلاتكم و زيغ خيالاتكم وما كان الله مُهلك

سو یہ وہم صرف تمہاری کم عقلی سے پیدا ہوا ہے اور تمہارے کچے خیال اس کا موجب ہیں اور خدا تعالیٰ ایسا

اهل الارض قبل اتمام الحجّة و تكميل الموعظة ايُهلك عباده وهم كانوا

نہیں ہے جو دُنیا کو اتمام حجت سے پہلے ہلاک کر دے کیا وہ بیخبر بندوں کو ہلاک کرے گا۔

غافلين غير مطلعين - الا ترون المغربيين من الاقوام الانكليزية والملل

کیا تم انگریزوں کی قوم کو نہیں دیکھتے

النصرانية ما بلغهم شيئ من معارف القرآن و دقائق الفرقان و تالله انهم

کہ قرآن اب تک اُن تک نہیں پہنچا اور دقائق فرقان سے بیخبر ہیں اور بخدا وہ بچوں کی

كالصّبيان غافلون من اسرار دين الرحمان ايجوز قتل الصبيان عندكم بيّنوا

طرح ہیں جو اللہ تعالیٰ کے بھیدوں سے غافل ہیں کیا تمہارے نزدیک بچوں کا قتل کرنا جائز ہے اس کا

ان كنتم تعلمون قوانين الدين المتين - ستقولون هذا دجّال يخالف عقائدنا

جواب دو اگر تم شریعت کے قانون سے واقف ہو۔ عنقریب کہو گے کہ یہ دجال ہے ہمارے عقائد قدیمہ کی

القديمة و يبدل الاصول العظيمة فاعلموا ان الله لا ينزل آياته لتائيد

مخالفت کرتا ہے اور بڑے بڑے اصولوں کو بدلتا ہے۔ سو تم جان لو کہ خدا تعالیٰ دجّال کی تائید میں نشان ظاہر

الدجّال ولا يؤيّد من كان اهل الضلال فاعلموا اني لست بكذاب ولا اتبع طرق

نہیں کرتا اور گمراہوں کی مدد نہیں کرتا سو مَیں کذاب نہیں ہوں اور نہ ہلاکت کے طریقے کی

منہ

تباب ولٰکنکم کنتم قومًا عمین واللہ یعلم ما فی قلبی وقلبکم ویعلم الکاذبین۔
پَیروی کرتا ہوں بلکہ تم اندھوں کیطرح ہوگئے ہو اور خُدا تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ میرے دل میں ہے اور تمہارے دل میں ہے اور نیز جھوٹوں

یؤخر الذین عصوا الی اجلٍ معدود فاذا تمت الحجّۃ وانکشفت المحجۃ فیتوجّہ
کو جانتا ہے۔ نافرمانوں کو ایک مدّت تک تاخیر دیتا ہے پس جب حُجّت پُوری ہوگئی اور راہ کُھل گیا تب اُس کا عذاب اُن

رجز اللہ الی العادین۔ سُنّۃ قد خلت من قبل الا ترون سوانح المرسلین۔
کی طرف توجّہ کرتا ہے جو حد سے گذر جاتے ہیں۔ یہ ایک سُنّت ہے جو پہلے گذر چکی ہے۔ کیا تم رسولوں کی سوانح نہیں دیکھتے۔

ثم انکم تعلمون انّ الذین جعلھم اللہ حاکمین فی دیارکم لا ترون منھم
پھر تم یہ بھی جانتے ہو کہ خدا تعالیٰ نے انگریزوں کو تمہاری ولایت میں حاکم ٹھہرا دیا ہے سو تم بجز نیک ذاتی کے اُن سے

الّا کرم الطبع ولا یوذونکم باللذع والقذع واذا تحکّمونھم فیعدلون ویحققون
کچھ نہیں دیکھتے اور دل دُکھانے اور گالیاں دینے سے وہ تمہیں ستاتے نہیں اور جب تم انکو حَکَم بناؤ تو عدالت کرتے ہیں اور تحقیق

ولا یعدلون ویحافظون ولا ینھبون واذا سألتموھم فیعطون ولا یمنعون ولا
کرتے ہیں اور ظلم نہیں کرتے اور تمہاری نگاہبانی کرتے ہیں اور مال کو نہیں لوٹتے اور جب تم مانگتے ہو تو دیتے ہیں اور کچھ شک

شکّ انھم یحسنون ولا یظلمون ولا یمنعوننا من شعائر دیننا اینما یُحقد
نہیں کہ وہ احسان کرتے ہیں اور ظلم نہیں کرتے اور ہمارے دین کے شعائر سے اس قدر مدّت تک بھی ہمیں منع نہیں

شسع او یشد نسع ولا یبطشون جبارین۔ فاحسنوا الی الّذین احسنوا الیکم
